باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ

صفحات 8

جلد نمبر 36 | بروز منگل 17 فروری 2026ء/ 28 شعبان 1447ھ/ قیمت 12 روپے | شمارہ نمبر 48

WWW.Dailysahafatquetta.com

آسٹریلیا کی معروف کمپنیاں پاکستان میں سرمایہ کاری بڑھائیں، شہباز شریف

ترجیحی شعبہ جات میں دونوں ممالک کے نجی شعبے کے درمیان اقتصادی شراکت داری کے مواقع موجود ہیں، آسٹریلین کمپنیاں رواں برس پاکستان یورپی یونین بزنس فورم میں شرکت کریں

وزیراعظم شہباز شریف اور آسٹریا کے چانسلر کرسچین سٹاکر کی مشترکہ صدارت میں پاکستانی اور آسٹرین معروف کمپنیوں کے سربراہان کا اجلاس، قابل تجدید توانائی، صنعتی پیداوار اور کپڑے کی صنعت سے وابستہ کمپنیوں کے سربراہان کی شرکت

دیانا (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے آسٹریا کی معروف کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری بڑھانے کی دعوت دی اور کہا کہ ترجیحی شعبہ جات میں دونوں ممالک کے نجی شعبے کے درمیان اقتصادی شراکت داری کے مواقع ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف اور آسٹریا کے چانسلر کرسچین سٹاکر کی مشترکہ صدارت میں پاکستانی اور آسٹرین معروف کمپنیوں کے سربراہان کا اجلاس ہوا۔ قابل تجدید توانائی، صنعتی پیداوار، تعمیرات، انفارمیشن ٹیکنالوجی، (باقی صفحہ 7 نمبر 1)

علیمہ خان کی حاضری معافی مسترد، وارنٹ گرفتاری دوبارہ جاری

راولپنڈی (یو این اے) راولپنڈی میں 26 نومبر احتجاج سے متعلق تھانہ صادق آباد کیس کی سماعت (باقی صفحہ 7 نمبر 4)

توشہ خانہ ٹو کیس، عمران خان کی سزا معطلی کی درخواست پر اہم پیش رفت

اسلام آباد (یو این اے) توشہ خانہ ٹو کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی سزا معطل کر کے ضمانت (باقی صفحہ 7 نمبر 3)

وزیراعظم دیانا میں آسٹرین چانسلری پہنچ گئے، پرتپاک استقبال

دیانا (یو این اے) وزیراعظم شہباز شریف دیانا میں آسٹرین چانسلری پہنچ گئے جہاں ان کا پرتپاک (باقی صفحہ 7 نمبر 2)

دیانا: وزیراعظم محمد شہباز شریف کو آسٹریا کے وفاقی چانسلری پہنچنے پر گارڈ آف آنر پیش کیا جا رہا ہے

پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان مضبوط تاریخی تعلقات اور اسٹریٹجک شراکت داری موجود ہے، سید عاصم منیر کی شیخ طحنون بن زاید النہیان سے ملاقات میں گفتگو

متحدہ عرب امارات کا تحفظ پاکستان کی سلامتی کا ناگزیر حصہ ہے، فیلڈ مارشل

آرمی چیف سید عاصم منیر کی اماراتی مشیر سلامتی شیخ طحنون بن زاید النہیان سے ملاقات، متحدہ عرب امارات کی حکومت کا پاکستان کی معیشت اور سیکیورٹی کیلئے دہائیوں سے جاری سرمایہ کاری اور مسلسل حمایت پر شکریہ کا اظہار

پاکستان دونوں ممالک کے درمیان جاری شراکت داری کو تمام شعبوں میں مزید مضبوط بنانے کیلئے مشترکہ کوششیں جاری رکھے گا، تاکہ دونوں برادر عوام کے مفادات کا تحفظ ہو اور خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کو فروغ ملے

راولپنڈی (اے این این) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے آج ابوظہبی میں نائب حکمران اور متحدہ عرب امارات کے قومی سلامتی کے مشیر شیخ طحنون بن زاید النہیان سے ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا، خصوصاً اقتصادی تعاون، سرمایہ کاری اور سیکیورٹی کے شعبوں پر توجہ دی گئی۔ اس موقع پر علاقائی صورتحال پر بھی گفتگو کی گئی اور خطے میں امن و استحکام کے فروغ کیلئے مسلسل رابطہ اور تعاون کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے پاکستان کی معیشت اور سیکیورٹی کیلئے متحدہ عرب امارات کی جانب سے گزشتہ کئی دہائیوں سے جاری سرمایہ کاری اور مسلسل تعاون پر حکومت امارات کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ تعاون دونوں برادر ممالک کے درمیان گہرے تاریخی تعلقات کی عکاسی کرتا ہے، انہوں نے پاکستان کی اقتصادی و سماجی ترقی کے فروغ میں اماراتی قیادت کے تعمیری کردار کو سراہا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے مزید کہا کہ متحدہ عرب امارات کی سیکیورٹی اور استحکام پاکستان کی اپنی سیکیورٹی کا لازمی حصہ ہے، دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ تاریخی تعلقات اور مضبوط اسٹریٹجک شراکت داری موجود ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ (باقی صفحہ 7 نمبر 5)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کو 242400 روپے دلوا دیے گئے

فوری بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (اے این این) درخواست گزار فوزیہ نے بتایا کہ وہ باقاعدگی سے اپنی ماہانہ بینوولینٹ فنڈ گرانٹ وصول کر رہی تھی، لیکن متعلقہ محکمے نے بغیر کسی معقول وجہ کے 05.01.2024 سے مذکورہ گرانٹ کی تقسیم بند کر دی ہے۔ متعدد بار متعلقہ محکمے کو بحالی کی (باقی صفحہ 7 نمبر 36)

معاشی اشاریے مثبت سمت، ہر شعبے میں شفافیت یقینی بنا رہے ہیں، محمد اورنگزیب

سرکاری ملکیتی اداروں میں بہتری لانا حکومت کی ذمہ داری ہے اور گزشتہ تین برسوں میں ان اداروں کے خساروں میں کمی آئی ہے

25 کروڑ کی آبادی کو حکومت براہ راست روزگار فراہم نہیں کر سکتی، نجی شعبے کو فعال بنانا ہوگا، کچھ کمپنیوں کے منافع میں کمی واقع ہوئی

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت ہر شعبے میں شفافیت یقینی بنا رہی ہے اور تمام معاشی اشاریے مثبت رجحان ظاہر کر رہے ہیں۔ اسلام آباد میں خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سرکاری ملکیتی اداروں میں بہتری لانا حکومت کی ذمہ داری ہے اور گزشتہ تین برسوں میں ان اداروں کے خساروں میں کمی آئی ہے، مختلف شعبوں میں اصلاحات متعارف کرائی جا رہی (باقی صفحہ 7 نمبر 7)

تیل نکالنے کی ٹیکنالوجی سے پاکستانی کمپنی کو بڑی کامیابی مل گئی

چکوال میں تیل ذخائر کی پیداوار پر او جی ڈی سی ایل کمپنی نے پاکستان سٹاک ایکسچینج کو خط ارسال کر دیا

کراچی (یو این اے) توانائی شعبے سے بڑی خبر، تیل نکالنے کی جدید (باقی صفحہ 7 نمبر 6)

دیانا: وزیراعظم محمد شہباز شریف آسٹریا کے وفاقی چانسلری میں چانسلر کرسچن اسٹاکر کے ساتھ مصافحہ کر رہے ہیں

عمران خان کی نظر ٹھیک ہے اپوزیشن نہیں چاہتی رپورٹ اچھی آئے، طلال چوہدری

دھرنے کے شرکا کو مختلف اقسام کے پراٹھے پہنچائے گئے، علامہ راجہ ناصر عباس اس کی تصدیق کر لیں ورنہ ہمارے پاس سارے شواہد ہیں

دھرنے میں ایسے لوگوں کو بھی پہنچایا گیا جو پارلیمنٹیرین نہیں تھے مسلح افراد کو پارلیمنٹ لاجز تک پہنچایا گیا اور پارلیمنٹ کے تقدس کو پامال کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے بانی پی ٹی آئی کی صحت کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپوزیشن نہیں چاہتی کہ ان کی رپورٹ اچھی آئے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری نے دعویٰ کیا کہ دھرنے کے شرکا کو مختلف اقسام کے پراٹھے پہنچائے گئے، علامہ راجہ ناصر عباس اس کی تصدیق کر لیں ورنہ ہمارے پاس سارے (باقی صفحہ 7 نمبر 12)

این ایچ اے نے 295 ارب روپے خسارے کی خبریں مسترد کر دیں

اسلام آباد (یو این اے) نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) نے 295 ارب روپے کے مبینہ خسارے سے متعلق خبروں کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ یہ (باقی صفحہ 7 نمبر 9)

ایران کیساتھ معاہدے کا ہو جانا اب بہت مشکل ہو گیا، امریکی وزیر خارجہ

امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا دوسرا جلد شروع ہونے والا ہے

واشنگٹن، تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور جلد ہی عمان میں شروع ہوگا امریکی وزیر خارجہ نے ایران کے ساتھ جاری جوہری معاہدے کے کسی حتمی نتیجے تک پہنچنے کو بہت مشکل قرار دیدیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات امریکی (باقی صفحہ 7 نمبر 8)

حکم پر عمل کرنیوالے چیئرمین کو ہٹا دیا گیا، چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ

عدالت کی این ایچ اے کو اپنے افسران کی تعیناتی کا پلان حکومت کے سامنے رکھنے کی ہدایت

اسلام آباد (یو این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی میں ڈیپوٹیشن افسران کی تعیناتی کے خلاف کیس کی سماعت ہوئی، درخواست گزار کی جانب سے وکیل علی نواز کھرل اور این ایچ اے کی جانب سے وکیل سردار تیمور اسلم پیش ہوئے۔ عدالت نے (باقی صفحہ 7 نمبر 10)

وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری کی گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ملاقات

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پیر کو گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں چیئرمین (باقی صفحہ 7 نمبر 11)

دیانا: وزیراعظم محمد شہباز شریف آسٹریا کے وفاقی چانسلری کے دورے کے موقع پر وزیٹرز بک میں اپنے تاثرات قلمبند کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کا 3 لاکھ 28 ہزار خاندانوں کیلئے رمضان پیکج کا اعلان

رمضان پیکج بلوچستان کے تمام اضلاع میں مرحلہ وار تقسیم کیا جائے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق افراد اس سے فائدہ اٹھا سکیں، ڈی جی پی ڈی ایم اے

رمضان پیکج کی تقسیم کا طریقہ کار تبدیل کیا گیا ہے شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے 8 رکنی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی تشکیل دی گئی جو نگرانی اور منصفانہ تقسیم کو یقینی بنائیگی

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان نے کوئٹہ میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے صوبے کے 3 لاکھ 28 ہزار مستحق خاندانوں کے لیے خصوصی رمضان پیکج کا اعلان کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ پیکج بلوچستان کے تمام اضلاع میں مرحلہ وار تقسیم کیا جائے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق افراد اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان نے کہا کہ اس سال رمضان پیکج کی تقسیم کا طریقہ کار تبدیل کیا گیا ہے اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے 8 رکنی ڈسٹرکٹ کوآرڈی (باقی صفحہ 7 نمبر 13)

زرمبادلہ کے ملکی ذخائر میں 2.106 ارب ڈالر کا اضافہ ہوا، سٹیٹ بینک

سٹیٹ بینک کے پاس 14.506 ارب ڈالر اور کمرشل بینکوں کے پاس 4.763 ارب ڈالر تھے

اسلام آباد (یو این اے) زرمبادلہ کے ملکی ذخائر میں جاری مالی سال کے (باقی صفحہ 7 نمبر 14)

کراچی، رینجرز اور سی ٹی ڈی کی مشترکہ کارروائی، 3 دہشتگرد گرفتار

کراچی (یو این اے) سندھ رینجرز اور سی ٹی ڈی | پولیس نے کورنگی چکرا (باقی صفحہ 7 نمبر 15)

دیانا: وزیراعظم محمد شہباز شریف اور آسٹریا کے چانسلر کرچن اسٹاکر منعقدہ ایک اہم اجلاس میں شریک ہیں

CASS لاہور میں پاک فضائیہ کے جنگ سے ماورا کردار پر سیمینار

فضائی طاقت انسانی سلامتی میں مرکزی کردار ادا کرتی ہے، ایئر مارشل آصف سلیمان ریٹائرڈ

سوال و جواب نشست میں عسکری عملیات میں فضائی طاقت کے مؤثر استعمال پر زور

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی محمد ثاقب خان) سینٹر فار ایروسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (کیس) لاہور نے ۲۱ فروری ۲۰۲۶ کو "لڑا (باقی صفحہ 7 نمبر 31)

احسن اقبال بنگلہ دیشی وزیراعظم کی حلف برداری میں شرکت کیلئے ڈھاکہ پہنچ گئے

بنگلہ دیشی وزیراعظم حلف برداری تقریب میں پاکستان کی شرکت جمہوری عمل کی حمایت کی عکاس ہے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (یو این اے) بنگلہ دیش کے وزیراعظم طارق رحمان کی حلف برداری کی تقریب 17 فروری کو ہوگی جس میں پاکستان کی نمائندگی وفاقی وزیر احسن اقبال کریں (باقی صفحہ 7 نمبر 29)

اوستہ محمد، مسلح ڈاکو پرچون کی دکان سے نقدی چھین کر فرار

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد سٹی تھانہ کی حدود میں واقع ریلوے پھاٹک جیکب آباد کے نزدیک ایک ڈکیتی کی واردات ہوئی۔ نامعلوم ڈاکوں نے مزل سومرو کی پرچون کی دکان (باقی صفحہ 7 نمبر 30)

پی ٹی آئی کا سپریم کورٹ سے عمران خان کی میڈیکل رپورٹس فراہم کرنیکا مطالبہ

بانی کے ذاتی معالجین ڈاکٹر فیصل اور ڈاکٹر عاصم کو معائنے کی اجازت، الشفا ہسپتال منتقل کرنے کا حکم دیا جائے

اسلام آباد (یو این پی) پی ٹی آئی نے سپریم کورٹ سے بانی عمران خان کی میڈیکل رپورٹس فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ وکیل بانی پی ٹی آئی لطیف کھوسہ نے چیف جسٹس یحییٰ (باقی صفحہ 7 نمبر 28)

منجھو شوری، قتل کے مقدمے میں مطلوب دو اشتہاری گرفتار

منجھو شوری (یو این اے) اشتہاری ملزمان کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں پولیس کو بڑی کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ نصیر آباد کے ایس پی اسد اللہ ناصر کی خصوصی ہدایات پر (باقی صفحہ 7 نمبر 26)

لا اینڈ جسٹس کمیشن کا سزائے موت اور عمر قید کے مقدمات 45 روز میں نمٹانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) لا اینڈ جسٹس کمیشن نے سزائے موت اور عمر قید کے مقدمات 45 دنوں میں نمٹانے کا ہدف مقرر کر لیا۔ ذرائع کے مطابق پیر کو لا اینڈ جسٹس کمیشن کا 4 (باقی صفحہ 7 نمبر 27)

دھرنے میں شریک افراد کو کئی بنیادی سہولتوں سے محروم رکھا گیا، محمود خان اچکزئی

بعض افراد کو عمارتوں میں داخل ہونے سے روکا گیا، کھانے پینے کی اشیا پر پابندی لگا دی گئی اور بیمار افراد کے لیے دوائیوں کی رسائی محدود کر دی گئی

تحریک کسی قسم کی منت نہیں کر رہی اور نہ ہی قربانی دینے کو تیار ہے، بلکہ یہ احتجاج ایک انسان کی زندگی اور صحت کے تحفظ کے لیے کیا جا رہا ہے

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور پشتون خوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی (باقی صفحہ 7 نمبر 16)

زرمبادلہ کے ملکی ذخائر میں 2.106 ارب ڈالر کا اضافہ ہوا، سٹیٹ بینک

سٹیٹ بینک کے پاس 14.506 ارب ڈالر اور کمرشل بینکوں کے پاس 4.763 ارب ڈالر تھے

اسلام آباد (یو این اے) زرمبادلہ کے ملکی ذخائر میں جاری مالی سال کے (باقی صفحہ 7 نمبر 14)

اوتھل، زمین کے تنازع پر جھگڑا، 10 افراد زخمی، 3 کی حالت تشویشناک

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل کی حدود میں واقع پیرانی کے مقام پر زمین کے تنازع پر دو گروپوں کے درمیان جھگڑا، جس کے نتیجے میں 10 افراد زخمی ہو گئے، (باقی صفحہ 7 نمبر 17)

پیپلز پارٹی نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ مسترد کر دیا

رمضان سے قبل عوام پر مہنگائی کا پٹرول بم گرا دیا گیا ہے، جو کسی صورت قبول نہیں، شازیہ مری

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان پیپلز پارٹی نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو عوام دشمن قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا اور حکومت کو اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرنے (باقی صفحہ 7 نمبر 35)

عمران خان کی بینائی میں بہتری آئی ہے، بہن نورین خان

ذاتی ڈاکٹرز کی نگرانی میں علاج کیا جائے، بیرسٹر گوہر اس تمام پیش رفت سے آگاہ تھے، ٹوئٹ

اسلام آباد (یو این پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن نورین خان نے کہا ہے کہ عمران خان کی بینائی میں بہتری آئی ہے، ذاتی ڈاکٹرز کی نگرانی میں علاج کیا جائے۔ نورین خان (باقی صفحہ 7 نمبر 34)

اسلام آباد ہائیکورٹ بار کے سالانہ انتخابات، واجد گیلانی صدر منتخب

اسلام آباد (یو این اے) اسلام آباد ہائی کورٹ بار کے سالانہ انتخابات میں واجد گیلانی دوبارہ صدر منتخب ہو گئے۔ چیئرمین الیکشن بورڈ عادل عزیز قاضی نے اسلام آباد ہائیکورٹ (باقی صفحہ 7 نمبر 18)

بنوں میں تھانہ میریان کے قریب بم دھماکا، 2 افراد جاں بحق، 12 زخمی

بنوں (یو این اے) بنوں میں تھانہ میریان کے قریب بم دھماکے میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 12 زخمی ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ دھماکہ خیز مواد موٹر سائیکل میں نصب (باقی صفحہ 7 نمبر 33)

پارٹی کے فیصلے کون کرے گا بانی پی ٹی آئی کی فیملی یا محمود خان اچکزئی، جنید اکبر

بانی پی ٹی آئی نے فیصلوں کا اختیار دونوں اپوزیشن لیڈران کو دیا تھا، بانی پی ٹی آئی کی صحت بہتر ہو رہی ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) تحریک انصاف کے رہنما جنید اکبر نے کہا ہے کہ پارٹی کے فیصلے کون کرے گا بانی پی ٹی آئی کی فیملی یا محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس صاحب (باقی صفحہ 7 نمبر 19)

ہاؤسنگ منصوبوں میں شفافیت اور بروقت تکمیل اولین ترجیح ہے، ریاض حسین پیرزادہ

پلاٹس، انفراسٹرکچر اور جدید سہولیات: اسلام آباد میں میگا ہاؤسنگ منصوبہ شروع

11 ہزار خاندانوں کی رہائشی امیدیں روشن، NLC کرے گا ترقیاتی کام مکمل

اسلام آباد (بیورو چیف) سیکٹرز F-14 اور F-15 میں ترقیاتی کاموں کا باقاعدہ آغاز وفاقی وزیر ریاض حسین پیرزادہ نے سنگ بنیاد رکھ دیا۔ اسلام آباد (16 فروری 2026): وفاقی حکومت کی ہاؤسنگ پالیسی کے تحت دارالحکومت کے اہم سیکٹرز F-14 اور F-15 میں انفراسٹرکچر کی تعمیر اور ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھنے کی پروقار تقریب پیر کے روز منعقد ہوئی وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس، جناب ریاض حسین پیرزادہ نے اس اہم منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر وفاقی سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس کیپٹن ریٹائرڈ محمد محمود، ڈائریکٹر جنرل (باقی صفحہ 7 نمبر 25)

حماس 60 روز میں ہتھیار ڈال دے ورنہ ہماری فوج یہ مشن خود پورا کریگی، اسرائیل

حماس کو یہ 60 روزہ مہلت بھی ٹرمپ انتظامیہ کی درخواست پر دی گئی ہے؛ معاون خصوصی نیتن یاہو

یروشلم (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کے قریبی معاون نے دعویٰ کیا ہے کہ حماس کے پاس اسلحہ ڈالنے کے لیے 60 دن ہیں بصورت دیگر اسرائیلی فوج کارروائی (باقی صفحہ 7 نمبر 20)

افغانستان میں موجود دہشتگردوں کیخلاف مؤثر کارروائی ناگزیر ہے، جام کمال

پاکستان کا دوٹوک مؤقف ہے سیکیورٹی پر کسی قسم کا سمجھوتہ ممکن نہیں، پاکستان کئی برسوں سے دہشتگردی کے شواہد اور ثبوت پیش کرتا آ رہا ہے

افغانستان سے کسی بھی سطح پر روابط سے قبل دہشتگردی کا مسئلہ حل ہونا ضروری ہے، حالیہ مہینوں میں دہشتگردی کے واقعات میں اضافہ تشویشناک ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ پاکستان کا دوٹوک مؤقف ہے سیکیورٹی پر کسی قسم کا سمجھوتہ ممکن نہیں، افغان سرزمین استعمال کرنے والے دہشتگردوں کے خلاف مؤثر کارروائی ناگزیر ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی (باقی صفحہ 7 نمبر 32)

کوہلو، جنگلات کی آگ 30 گھنٹے سے زائد جاری، جزوی کنٹرول حاصل

محدود وسائل اور دشوار گزار پہاڑی راستوں کے باوجود عملہ اور مقامی رضاکار آگ بجھانے میں مصروف

کوہلو (یو این اے) کوہلو کوہ چاندران کے جنگلات میں لگنے والی آگ 30 گھنٹے سے زائد جاری ہے اور اس پر جزوی کنٹرول حاصل کیا گیا ہے، تاہم مکمل قابو پانے کے لیے مزید (باقی صفحہ 7 نمبر 21)

احسن اقبال بنگلہ دیشی وزیراعظم کی حلف برداری میں شرکت کیلئے ڈھاکہ روانہ

اسلام آباد (یو این اے) بنگلہ دیش کے وزیراعظم طارق رحمان کی حلف (باقی صفحہ 7 نمبر 22)

اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے ترکی کے سفیر عرفان نذیر اولو ملاقات کر رہے ہیں

سولر نیٹ میٹرنگ پر وفاقی حکومت، نیپرا اور لیسکو سے جواب طلب

لاہور (یو این اے) لاہور ہائیکورٹ نے سولر نیٹ میٹرنگ کی نیپرا اور حکومتی پالیسی کیخلاف درخواست کا تحریری فیصلہ جاری کر (باقی صفحہ 7 نمبر 23)

پیٹرول کی قیمت میں اضافے پر عوام پھٹ پڑے

مقدس مہینے میں سہولت فراہم کرنے کے بجائے عوام کی کمر توڑی جائے، شہریوں کا شدید ردعمل

کراچی (یو این پی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر عوام حکومت پر برس پڑے اور کہا رمضان سے پہلے حکومت نے ریلیف کی جگہ تکلیف دے دی، اب پیدل چلیں (باقی صفحہ 7 نمبر 24)

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ان ہے دراصل جمہوریت نہیں بلکہ امرانہ فیصلوں کا تسلسل ہے جو ایک نقصاندہ اور سیاسی جماعتوں کے خلاف سازش ہے' یہ بات انہوں نے پارٹی کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ ملک کی استحکام اداروں کی بہتری عوامی مسائل حل کرنے پر زور دیا ہے بلوچستان میں جب بھی پارٹی نے حکومت کی ہے عوامی مسائل حل اور بے روزگار نوجوانوں کو روزگار دینے کیلئے جو پالیسی اختیار کی ہوئی ہے آج ہر شعبے کے عوام اس کا اعتراف کرتے ہیں لیکن جن حکمرانوں نے بے روزگار نوجوانوں پر روزگار کے دروازے بند کر دیئے ہیں تو وہاں نوجوان ملکی مفادات کی بجائے کسی اور کیلئے استعمال ہوتے ہیں حتیٰ کہ ملک کے خلاف بندوق اٹھا کر پالیسیوں پر گامزن ہے لیکن یہ کسی فرد یا سیاسی جماعت کا نہیں بلکہ ریاست کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ عوام کو تحفظ دے سکے اور عوام کو روزگار کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو روزگار فراہم کو یقینی بنائے جائے اور حکومت رٹ کو برقرار رکھنے کیلئے امکانات واضح ہو سکی ہے

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کہا کہ اگر کسی اور کو ٹکٹ دیں تو میں اس امیدوار کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا رہوں گا مقبول اعوان نے مزید کہا کہ حلقہ ایل اے 19 پونچھ 2 ہجیرہ میں ان کی برادری کے 12 ہزار رجسٹرڈ ووٹ ہے باقی آزاد امیدواران کو پارٹی میں شامل کر کے آسانی سے الیکشن جیتنے میں کامیاب ہوں گے۔

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

موبائل فون و دیگر سامان لوٹ کر فرار ہو گئے واقعے کے بارے میں مذید تحقیقات اوستہ محمد پولیس کر رہی ہے

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

امن وامان کی صورتحال، لوکل بیورو کریسی کی کارکردگی اور بڑھتی ہوئی چوری کی وارداتوں کے خلاف احتجاج کیا۔ مظاہرین کا مؤقف تھا کہ کارکنان کی موٹر سائیکلوں اور مویشیوں کی چوری کے متعدد واقعات پیش آئے، تاہم پولیس کی جانب سے مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ بے یو آئی ضلع سکھر کے امیر محمد صالح ان ؟ ڈاور دیگر رہنماؤں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کو متعدد بار تحریری و زبانی شکایات پیش کی گئیں، مگر مسائل کے حل میں پیش رفت نہ ہونے کے باعث انہیں احتجاج کا راستہ اختیار کرنا پڑا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ضلع میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے فوری اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ ڈسٹرکٹ کونسل چیئرمین سید کمیل حیدر شاہ نے بے یو آئی قیادت سے ملاقات کر کے ان کے تحفظات سنے اور ضلعی انتظامیہ و پولیس حکام سے رابطہ کر کے مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی۔ مذاکرات کے بعد بے یو آئی رہنماؤں نے احتجاج ختم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ انتظامیہ اپنے وعدوں پر عملدرآمد یقینی بنائے گی۔ اس موقع پر سید کمیل حیدر شاہ نے کہا کہ ضلع میں تمام سیاسی جماعتوں اور شہریوں کے مسائل کا حل ان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری اور سید مراد علی شاہ کی ہدایات کے مطابق عوامی مسائل کے حل اور امن وامان کے قیام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف پولیس آپریشن جاری ہے جس کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں، اور امن کی بحالی کے لیے قانون نافذ کرنے والے ادارے متحرک ہیں۔ مذاکرات کی کامیابی کے بعد بے یو آئی کارکنان پرامن طور پر منتشر ہو گئے، جبکہ ضلعی انتظامیہ نے یقین دہانی کرائی کہ شہریوں کی شکایات کے ازالے کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کی جائے گی۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اسداللہ ناصر کی خصوصی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل مخچو شوری حاجی امیر جان مگسی کی نگرانی میں ایس ایچ او مخچو شوری شاہ بخش سولنگی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں نامزد دو مفرور ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق ایس ایچ او شاہ بخش سولنگی نے الٰہی بخش ساسولی، محبوب سولنگی، ظفر علی، منظور احمد اور مشتاق مگسی پر مشتمل خصوصی ٹیم تشکیل دی، جس نے خفیہ اطلاع پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے قتل کی ایف آئی آر میں مطلوب ملزمان علی شیر اور محمد حسن کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان طویل عرصے سے قانون کی گرفت سے فرار تھے اور مختلف مقامات پر روپوشی اختیار کیے ہوئے تھے۔ کارروائی کے دوران پولیس نے جدید حکمت عملی اپناتے ہوئے علاقے کا محاصرہ کیا اور کامیاب ریڈ کے نتیجے میں دونوں ملزمان کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ دیگر سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے بھی چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ایس پی نصیر آباد اسداللہ ناصر نے کامیاب کارروائی پر کہا کہ ضلع بھر میں امن وامان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کے خاتمے کے لیے بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ قانون سے فرار کسی صورت ممکن نہیں اور عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ علاقہ مکینوں نے پولیس کی بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس طرح کے اقدامات سے علاقے میں امن وامان مزید مستحکم ہوگا۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں ڈاکٹر عاصم یوسف نے کہا کہ گزشتہ رات پونے دس بجے میری اسلام آباد کے دو ڈاکٹرز سے بات ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز بانی پی ٹی آئی کی آنکھ کی تکلیف کا علاج کر رہے ہیں، میری ڈاکٹرز کے ساتھ گفتگو 40 منٹ تک جاری رہی، میرے ساتھ ڈاکٹر خرم اعظم مرزا بھی گفتگو میں شریک ہوئے۔ ڈاکٹر عاصم یوسف نے کہا کہ دونوں ڈاکٹرز نے مجھے بانی پی ٹی آئی کے علاج، ٹیسٹ، آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔ ڈاکٹرز نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کی طبیعت ٹھیک ہے، ڈاکٹرز نے یہ بھی بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کی آنکھ کی بینائی میں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ افسوس ہے میں خود اس بات کی تصدیق یا تردید نہیں کر سکتا، حکومت مجھے، ڈاکٹر فیصل سلطان یا بانی پی ٹی آئی کی فیملی کے نامزد ڈاکٹرز کو معاملہ دیکھنے دے۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہم پرامن لوگ ہے اور ملک کے ساتھ ہیں ہمارا بیٹا بالاچ بلوچ کو کسی نے درغلا کر جو گزشتہ 10 مہینوں سے غائب تھا اور گزشتہ روز کوئٹہ کے واقعہ میں کیمروں کے ذریعے یہ معلوم ہوا ہے کہ وہ کالعدم تنظیم کے ساتھ ہے لہذا ہم پورا خاندان اس سے لاتعلقی کا اعلان کرتے ہیں اور کسی بھی نقصانات یا فائدے کے صورت میں ہم ان کے ساتھ نہیں ہے اور ان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ بندوق پھینک کر قومی دائرے میں شامل ہو جائے بصورت دیگر ہم کسی بھی صورت ان کا ساتھ نہیں دینگے

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اضافہ ہے، اور اس کے خاتمے کے لیے ہمسایہ ممالک کے ساتھ تجارت کو قانونی اور منظم شکل دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملک عبدالولی کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے بارڈرز پر قیام پاکستان سے قبل بھی تجارت ہوتی رہی ہے اور اسے منظم کر کے نہ صرف صوبے بلکہ ملک کو بھی فائدہ پہنچایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بارشوں کی کمی اور قحط سالی کے باعث زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبے شدید متاثر ہوئے ہیں، اس لیے سرحدی

تجارت روزگار کا اہم ذریعہ بن سکتی ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ بارڈر ٹریڈ پر قدغن لگانے سے مسائل بڑھیں گے اور بے روزگاری کے نتیجے میں امن وامان مزید خراب ہو سکتا ہے۔ انہوں نے بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کے تحفظات کے ازالے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے اور صوبے میں پائیدار امن اور ترقی کی راہ ہموار کرنے کا عزم بھی ظاہر کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم) محمد حمزہ شفقات، چیف کلکٹر ایپریزمنٹ مسعود احمد، چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی اور دیگر رہنماں نے بھی اظہار خیال کیا۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے ہر ضروری سہولت موقع پر فراہم کی تاکہ کسی بھی قسم کی کوتاہی کا سوال پیدا نہ ہو، خصوصی طور Slit Scan CT Lamp مشین اور مکمل سہولیات سے لیس ہیوی ایمبولینس جیل کے اندر پہنچائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پھر کے ڈاکٹر عارف اور شفاء اسپتال کے ڈاکٹر ندیم قریشی نے فزیکل معائنہ کیا جبکہ سینئر ماہرین ڈاکٹر عاصم یوسف اور ڈاکٹر مرزا کانفرنس کال پر موجود رہے اور بیرسٹر گوہر کو بھی تمام پیش رفت سے آگاہ رکھا گیا۔ طارق فضل چوہدری نے لکھا کہ 'ابتدائی رپورٹ کے مطابق سوجن میں واضح کمی آئی ہے، بینائی میں بہتری آ رہی ہے جبکہ معائنے کے دوران ا؟ کھ میں کوئی بڑی پیچیدگی سامنے نہیں آئی ہے

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جاتا ہے کہ بحیثیت معالج ہمیں اور ہمارے تمام اطبا کو نیشنل کونسل فار طب کی جانب سے باقاعدہ رجسٹرڈ طب پریکٹیشنر کے سرٹیفکیٹس جاری ہو چکے ہیں۔ ہم مکمل قانونی جواز اور آئینی حق کے ساتھ اپنی پیشہ ورانہ خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ قانونی طریقہ کار کی خلاف ورزی اور بلاجواز کارروائیاں سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن (SHC) کو یہ باور کرایا جاتا ہے کہ کسی بھی کلینک یا مطب کو سیل کرنے جیسے انتہائی اقدام سے قبل نوٹس اور وارننگ (Warning and Notice) کا قانونی طریقہ کار اختیار کرنا لازمی ہے۔ براہ راست دواخانوں کو سیل کرنا نہ صرف قانون کی خلاف ورزی ہے بلکہ یہ رجسٹرڈ اطباء کی تذلیل اور معاشی قتل کے مترادف ہے۔ کونسل اور کمیشن کے مابین طے شدہ ضابطہ اخلاق یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ یہ باہمی طور پر طے پایا تھا کہ اگر کوئی رجسٹرڈ حکیم اپنے دائرہ کار (Practice Scope) سے تجاوز کرتا پایا جائے تو: کمیشن براہ راست انتہاپسندانہ کارروائی کرنے کے بجائے اس کا کیس نیشنل کونسل فار طب کو ریفر کرے گا۔ کونسل اپنے طے شدہ قواعد وضوابط کے تحت اس معالج کے خلاف مناسب کارروائی کی مجاز ہوگی۔ کسی بھی جسمانی کارروائی یا سیل کرنے سے پہلے اس رپورٹنگ کے عمل کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن کا ان طے شدہ اصولوں سے انحراف کرنا بدنیتی پر مبنی اور غیر قانونی ہے۔ برڈ آف گورنرز سے فوری مداخلت کا مطالبہ گزشتہ دنوں سے بلاجواز نوٹسز، ٹریننگ فیس کے نام پر دباؤ اور رجسٹرڈ اطباء کے دواخانوں کو غیر قانونی طور پر سیل کرنے کا جو سلسلہ شروع کیا گیا ہے، وہ پیشہ ورانہ آزادی اور قانونی حقوق پر براہ راست حملہ ہے۔ میں، حکیم سراج الدین چانڈیو، سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن کے بااختیار بورڈ آف گورنرز سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ اس سنگین صورتحال کا فوری نوٹس لیں اور رجسٹرڈ حکماء کے خلاف کی جانے والی غیر قانونی کارروائیوں کو فی الفور رکوائیں۔ ہمارا دوٹوک اعلان ہم واضح کرتے ہیں کہ قانون سے بالاتر کوئی نہیں۔ کسی بھی قسم کا غیر اعلانیہ "ڈارک لا" یا ذاتی خواہشات ہمیں ہرگز قبول نہیں۔ قانونی معالجین کو ہراساں کرنا اور بلاجواز سیلنگ کا عمل فوراً بند کیا جائے۔ انتہاً اگر یہ غیر قانونی رویہ برقرار رہا، تو ہم اپنے آئینی، قانونی اور پیشہ ورانہ حقوق کے تحفظ کے لیے ہر قانونی، آئینی اور عوامی فورم پر بھرپور اور فیصلہ کن آواز اٹھائیں گے۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گوادر کرکٹ کے درمیان تعلق کوئی نیا نہیں بلکہ ایک مضبوط اور دیرینہ رشتہ ہے، جسے نیول کوسٹل کمانڈ گوادر مزید مستحکم بنا رہی ہے۔ پاکستان نیوی کی خصوصی کاوش کے باعث گوادر کرکٹ اکیڈمی نے کراچی کا اہم دورہ کیا جہاں اکیڈمی نے اپنی تاریخ کا پہلا فلڈ لائٹس میچ کھیلا اور مجموعی طور پر چھ میچز میں حصہ لیا، جن میں سے پانچ میچز کامیابی حاصل کی۔ کھلاڑیوں کی اس کارکردگی نے ثابت کیا کہ گوادر کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے اور اگر انہیں بہتر سہولیات اور تربیت فراہم کی جائے تو وہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام روشن کر سکتے ہیں۔ پاکستان نیوی کوسٹل کمانڈ گوادر کی معاونت سے نوجوان امن، محبت، برابری اور بھائی چارے کا پیغام عملی طور پر آگے بڑھا رہے ہیں۔ گوادر کرکٹ اکیڈمی کے بانی چیئرمین حاجی عبدالحمید رشید اور بانی صدر حاجی حنیف حسین کے مطابق اکیڈمی رضاکارانہ بنیادوں پر بغیر کسی فیس کے بچوں اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھار رہی ہے اور کھیل دوستی کے فروغ کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے مشترکہ طور پر پاکستان نیوی کوسٹل کمانڈ گوادر، ساحل ویلفیئر آرگنائزیشن، واسیلنگ بائلر اور الہادی موورز اینڈ گڈز ٹرانسپورٹ کمپنی کے مالک لالہ فتح علی گورگیج کی جانب سے گوادر کے نوجوان کرکٹرز کی سرپرستی پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی یہ تعاون جاری رہے گا تاکہ بلوچستان کے نوجوان قومی سطح پر نمایاں مقام حاصل کر سکیں

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

لوں میں زیر علاج مریض مشکلات کا شکار ہیں جبکہ مچھروں کے بھرمار اور حبس کی وجہ سے ڈینگی اور دیگر بیماریوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ حب میں اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نے نظام زندگی کو مفلوج کر دیا ہے اور شہریوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے فوری نوٹس لینے اور مسئلے کا فوری حل نکالنے کی اپیل کی ہے

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بندش سے صوبے کو مزید نقصان پہنچ رہا ہے۔ اپنے بیان میں محمد علی شاہ باچانے کہا کہ تحریک انصاف کی جانب سے مسلسل دوسرے روز اہم شاہراہوں کی بندش قابل مذمت ہے، اس اقدام سے عوامی زندگی مفلوج اور کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ سید محمد علی شاہ باچانے کہا کہ خیبر پختونخوا پہلے ہی مالی و معاشی بحران اور امن وامان کے چیلنجز سے دوچار ہے، سڑکوں کی بندش سے صوبے کو مزید نقصان پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یومیہ اجرت پر کام کرنے والے مزدور، مریض، طلبہ اور تاجر سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں، حکومت عوامی مشکلات کا ادراک کرے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے بجائے صوبائی حکومت کی توجہ جلسوں اور احتجاجی سیاست پر مرکوز ہے، یہ طرز عمل تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ تیرہ برس گزرنے کے باوجود وعدے پورے نہیں ہوئے، عوام اب نعروں نہیں بلکہ عملی کارکردگی چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی ایک فرد کی رہائی کو سیاسی ایجنڈے کا مرکز بنانا صوبے اور عوام کے مفاد میں نہیں۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

وصحافیوں نے شرکت کی۔ ڈویژنل فاریسٹ آفیسر علی اکبر بنگلوئی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ محکمہ

جنگلات کی نرسریوں سے معیاری اور مقامی موسمی حالات سے ہم آہنگ پودے فراہم کیے جا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مہم کے دوران سرکاری دفاتر، شاہراہوں، تعلیمی اداروں اور عوامی مقامات پر شجرکاری کی جائے گی، جبکہ زمینداروں اور شہریوں میں بھی پودوں کی مفت تقسیم کی جا رہی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ شجرکاری کو یقینی بنایا جا سکے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ نے اپنے خطاب میں کہا کہ درخت لگانا نہ صرف صدقہ جاریہ ہے بلکہ موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی آلودگی جیسے چیلنجز سے نمٹنے کا مؤثر ذریعہ بھی ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ پودے لگانے کے ساتھ ان کی نگہداشت، حفاظت اور باقاعدہ آبیاری کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ یہ مہم محض علامتی نہ رہے بلکہ عملی نتائج دے سکے۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین میونسپل کمیٹی نوابزادہ میر شعیب جان زہری نے محکمہ جنگلات کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ شجرکاری وقت کی اہم ضرورت ہے اور میونسپل کمیٹی اس قومی فریضے میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں گرین بیلٹ کے قیام اور پارکس کی بہتری کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے تاکہ قلات کو ایک صاف، سرسبز اور صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شجرکاری مہم کو کامیاب بنانے کے لیے اجتماعی کوششیں جاری رکھی جائیں گی اور قلات کو ماحولیاتی طور پر مستحکم اور سرسبز ضلع بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پالیسی مشاورتی اجلاس بعنوان "بلوچستان میں جامع اور مضبوط سماجی خدمات کی جانب پیش رفت" سے خطاب کرتے ہوئے کہی، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان اس وقت اپنی سماجی ترقی کی سمت کو نئے انداز میں متعین کرنے کے ایک اہم مرحلے سے گزر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی حکمت عملی شواہد، اصلاحات اور مضبوط شراکت داریوں پر مبنی ہے، جس کا مقصد صوبے میں انسانی ترقی کے اشاریوں کو بہتر بنانا ہے۔ انہوں نے گزشتہ دہائی میں حاصل ہونے والی قابل پیمائش پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ قومی سروے اور ترقیاتی مطالعات کے مطابق بچوں کی شرح اموات میں نمایاں کمی آئی ہے۔ نوزائیدہ بچوں کی شرح اموات تقریباً 66 فی ہزار جبکہ پانچ سال سے کم عمر بچوں کی شرح اموات 78 فی ہزار تک کم ہو چکی ہے، جو صحت کے نظام اور بچوں کی فلاح و بہبود میں مدتی سرمایہ کاری کا نتیجہ ہے۔ صوبائی وزیر نے تعلیم کے شعبے میں بہتری کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ بلوچستان میں خواندگی کی شرح بتدریج بڑھ کر تقریباً 42 فیصد تک پہنچ گئی ہے، تاہم انہوں نے سیکنڈ کے معیار اور ثانوی تعلیم تک منتقلی کے مسائل کو برقرار چیلنج قرار دیتے ہوئے تعلیمی اصلاحات جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ کثیر جہتی غربت میں بھی وقت کے ساتھ کمی آئی ہے، جو سماجی شعبوں میں مسلسل سرمایہ کاری کا مثبت نتیجہ ہے، تاہم بلوچستان اب بھی قومی سطح پر محرومیوں کا سب سے زیادہ شکار صوبہ ہے، جس کے باعث خدمات کی فراہمی کے نظام کو مزید مضبوط بنانے اور مربوط پالیسی اقدامات کی اشد ضرورت ہے۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ اگرچہ تعلیم، صحت اور پانی کی فراہمی سمیت بنیادی ڈھانچے میں نمایاں سرمایہ کاری کی گئی ہے، تاہم خواتین کی خواندگی، غذائیت اور خدمات کے معیار جیسے اہم شعبے اب بھی توجہ کے متقاضی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کا اگلا مرحلہ انسانی وسائل کی ترقی، معیاری خدمات اور مضبوط نظام کی تشکیل پر مرکوز ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان منصوبہ جاتی طرز عمل سے نکل کر نظام پر مبنی اور نتائج پر مرکوز ماڈل کی جانب بڑھ رہی ہے، جس میں صحت، غذائیت، تعلیم اور سماجی تحفظ کے نظام کا انضمام، ڈیجیٹل اور ڈیٹا کے مؤثر استعمال کے ذریعے بہتر منصوبہ بندی اور احتساب، اور پائیدار ترقیاتی اہداف و ماحولیاتی مزاحمت کے اصولوں سے ہم آہنگ سرمایہ کاری شامل ہے۔ آخر میں صوبائی وزیر نے بلوچستان میں مضبوط، جامع اور جوابدہ سماجی نظام کی تشکیل کے حکومتی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے ترقیاتی شراکت داروں کو دعوت دی کہ وہ طویل المدتی اور نتائج پر مبنی شراکت داریوں کے ذریعے عوام کی زندگیوں میں حقیقی اور قابل پیمائش بہتری لانے کے لیے حکومت کے وژن کا ساتھ دیں۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ی، گھیاں اور گردونواح میں موسم سرد اور خشک رہنے کا امکان ہے، زیریں بلوچستان میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کی توقع ہے۔ خیبر پختونخوا میں تیز ہواں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے، وزیرستان، لکی مروت، پارا چنار، کرک اور بنوں میں بارش کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے سندھ کے ساحلی اور مغربی اضلاع میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ مغربی لہر کے زیر اثر کراچی میں آج منگل کے روز گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے، جبکہ شہر میں معمول سے تیز گرد آلود ہوائیں بھی چل سکتی ہیں اور بعض اوقات حد نگاہ متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ایک مغربی لہر ملک کے مغربی حصوں تک پہنچ سکتی ہے جس کے اثرات سندھ سمیت مختلف علاقوں پر مرتب ہوں گے۔ اسی سسٹم کے تحت کراچی میں منگل کو بارش کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ بارش کے دوران شہر میں گرد آلود تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے، جس کے باعث شہریوں کو احتیاط برتنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ مزید برآں کراچی میں آج بھی دھند چھائے رہنے کا امکان ہے جس سے حد نگاہ متاثر ہو سکتی ہے۔ محکمہ موسمیات نے سندھ کے دیگر اضلاع میں بھی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ دادو، حیدرآباد، ٹھٹھہ، بدین، جامشورو، لاڑکانہ، جیکب آباد اور خیرپور میں مختلف مقامات پر بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ ادھر محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں طوفانی موسم اور بارش کے امکان کے حوالے سے وارننگ جاری کر دی ہے۔ کوئٹہ، پشین، مسلم باغ، ژوب، زیارت، ہارکھان، سبی اور قلات میں تیز ہواں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ ساحلی علاقوں کی صورتحال بھی سنگین ہے، کیچ، پنجگور، واشک، خاران، خضدار اور گوادر میں بھی طوفانی ہواؤں اور بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور محفوظ رہیں۔ درجہ حرارت میں بھی واضح کمی دیکھی گئی ہے: کوئٹہ میں کم از کم 3، زیارت میں 2، ژوب میں 5، سبی میں 13 اور تربت میں 15 ڈگری ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ گوادر اور جیوانی میں کم از کم درجہ حرارت 13 اور 15 ڈگری کے درمیان رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بم گرا دیا گیا ہے، جو کسی صورت قبول نہیں۔ شازیہ مری نے کہا کہ وفاق ایک جانب رمضان پیکیج دے رہا ہے تو دوسری طرف اضافی مہنگائی کا تحفہ بھی۔ مہنگائی سے تنگ عوام کو ریلیف دینے کے بجائے ان کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پٹرول، ڈیزل مہنگا کر کے رمضان المبارک میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافے کا راستہ ہموار کیا گیا۔ ترجمان پیپلز پارٹی نے کہا کہ حکومت کو مشورہ ہے

کہ عوام کی مشکلات بڑھانے کے بجائے بیروزگاری، مہنگائی اور معاشی بحران کے خاتمے پر کام کرے اور پٹرولیم مصنوعات مہنگی کرنے کے اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرے۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے داخلوں میں نمایاں کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اتراکھنڈ میں کشمیری طلبہ کی تعداد تقریباً 6 ہزار سے کم ہو کر 2 ہزار رہ گئی ہے، جو کہ 67 فیصد کی کمی کو ظاہر کرتی ہے۔ اخبار نے اس کمی کی ایک بڑی وجہ عدم تحفظ اور سماجی دباؤ کو قرار دیا ہے۔ مزید کہا گیا ہے کہ 2019 کے پلوامہ حملہ کے بعد سے کشمیری طلبہ اور تاجروں کے ساتھ ہراسانی اور حملوں کے واقعات میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جس کے باعث خوف کی فضا قائم ہوئی ہے۔ بعض مبصرین کے مطابق ان واقعات نے دیگر ریاستوں میں بھی کشمیری طلبہ کے لئے مشکلات پیدا کی ہیں۔ ماہرین کی رائے میں وزیر اعظم نریندر مودی کی حکومت پر یہ الزام عائد کیا جاتا رہا ہے کہ وہ ہندوتوا نظریے کے تحت پالیسی سازی کر رہی ہے، جس کے باعث مذہبی اور نسلی ہم آہنگی متاثر ہو رہی ہے۔ تاہم حکومتی مقف یہ رہا ہے کہ تمام شہریوں کو مساوی حقوق حاصل ہیں اور کسی بھی قسم کے امتیازی سلوک کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔ انسانی حقوق کے حلقے اس بات پر زور دیتے ہیں کہ تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم طلبہ کو سیاسی تنازعات سے بالاتر رکھتے ہوئے ان کے تحفظ، مساوی مواقع اور بنیادی حقوق کو یقینی بنایا جائے، تاکہ وہ بلاخوف وخطر اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں۔

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ری اسٹرکچرنگ، سبسڈی پر بریکنگ دی جائے گی، مستقبل میں صرف مستحق صارفین کو سبسڈی دی جائے گی۔ پاور ڈویژن نے پی آئی ایس پی کے ساتھ مل کر ڈیٹا اکٹھا کرنا شروع کر دیا، کراس سبسڈی یا دیگر صارفین، شعبے پر اضافی بوجھ نہیں ڈالا جائے گا، مستحق صارفین کو صرف بجٹڈ سبسڈی دی جائے گی، دیگر صارفین سے بجلی کی پوری قیمت وصول کی جائے گی۔ ذرائع پاور ڈویژن گیس کے شعبے میں بھی کراس سبسڈی کو ختم کیا جائے گا، گیس شعبے کی کراس سبسڈی کو آئندہ بجٹ میں رکھا جائے گا، گیس شعبے کی 225 ارب روپے کی کراس سبسڈی ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان تیسرے اقتصادی جائزہ مذاکرات کے لئے عالمی مالیاتی ادارے کا جائزہ مشن 25 فروری کو پاکستان کا دورہ کرے گا اور تقریباً دو ہفتے قیام کرے گا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف وفد جولائی تا دسمبر 2025 کے دوران معاشی کارکردگی اور مقررہ اہداف میں پیشرفت کا جائزہ لے گا، مشن کو ٹیکس اصلاحات، توانائی شعبے، مانیٹری پالیسی اور زرمبادلہ کے ذخائر سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی جائے گی۔

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا۔ تاہم ٹریڈنگ کے دوران سٹاک مارکیٹ اچانک سے منفی زون میں چلی گئی، انڈیکس 6000 سے زائد پوائنٹس کی کمی کے ساتھ ایک لاکھ 73 ہزار 574 پوائنٹس کی سطح پر آ گیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ کاروباری ہفتے کے آخری روز کاروبار کے اختتام پر ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 79 ہزار 603 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

منصوب بند تھے، اور اب بھارت نے 31 کیریئر ہیلٹ لڑاکا طیارے خریدنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ریلائنس ڈیفنس اور ہندوستان ایروانگلس لمیٹڈ پروڈکشن پارٹنرز، رافیل لڑاکا طیارے کے فریم بھارت میں تیار کریں گے، فرانس بعض اجزا اور جدید AASM ہتھیار بنانے کے حقوق بھی دے رہا ہے۔ اگر یہ معاہدہ حتمی ہو گیا تو بھارت کے آرڈر کردہ رافیل طیاروں کی کل تعداد 145 ہو جائے گی۔ اس سے پہلے 2016 میں بھارت نے 36 طیارے خریدنے کے لیے فرانس کے ساتھ بین الحکومتی معاہدہ کیا تھا، جس کی مالیت 7.87 ارب یورو تھی اور پوری شپمنٹ کی فراہمی مکمل ہو چکی ہے 2025 میں بھارتی نیوی کے لیے 26 نئے رافیل ایم لڑاکا طیارے بھی آرڈر کیے گئے تھے۔

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

وزیر نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت جاری کی ہے کہ تمام جاری منصوبوں کی مؤثر نگرانی کی جائے اور کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ دیہی علاقوں میں پانی کے ذخائر کی بحالی نہایت اہمیت کی حامل ہے کیونکہ زراعت اور لائیو سٹاک کا شعبہ مقامی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچے تالاب بارشوں کے پانی کو محفوظ بنانے، مویشیوں کی ضروریات پوری کرنے اور کاشتکاروں کو سہولت فراہم کرن

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار
Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ
صفحات 8

تمام ترقیاتی منصوبوں کی رفتار میں تیزی لائی جائے، بابر خان

جاری تمام منصوبے نہایت اہمیت کے حامل ہیں ان کی بروقت تکمیل سے شہر میں ٹریفک کے مسائل میں کمی آئے گی اور شہریوں کو نمایاں ریلیف ملے گا، صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات

جاری ترقیاتی منصوبوں کا ہر پندرہ روز بعد خود دورہ کروں گا اگر آئندہ دوروں کے دوران منصوبوں میں خاطر خواہ پیش رفت دیکھنے میں نہ آئی تو متعلقہ انجینئر افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی ہدایات کی روشنی میں سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کرنے کے لیے مختلف اہم منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ریڈ زون، چمن پھاٹک تا کوئلہ پھاٹک، عالمو چوک ایئرپورٹ روڈ اور چشمہ پل منصوبوں پر جاری کام کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام سے پیش رفت کے بارے میں بریفنگ لی اس موقع پر چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس ڈاکٹر سجاد بلوچ، ایگزیکٹو انجینئر ای اینڈ ایم ورکس ڈویژن حاجی محمد انور، ایگزیکٹو انجینئر روڈز سریاب ڈویژن حبیب احمد، ایگزیکٹو انجینئر روڈز کچلاک ڈویژن قاضی ثناء اللہ سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے مختلف منصوبوں کے سائٹس کا معائنہ کیا اور جاری تعمیراتی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایگزیکٹو انجینئرز اور دیگر افسران نے منصوبوں کی موجود (باقی صفحہ 5 نمبر 1)

بلوچستان میں بارشیں، شہری غیر ضروری سفر سے گریز کریں، محکمہ موسمیات

طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش اور کم درجہ حرارت کے اثرات فصلوں، گھروں اور ٹرانسپورٹ پر پڑ سکتے ہیں

کوئٹہ (اے این این) محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں طوفانی موسم اور بارش کے امکان کے حوالے سے وارننگ جاری کر دی ہے۔ کوئٹہ، پشین، مسلم باغ، ژوب، زیارت، بارکھان، سبی اور قلات میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ ساحلی علاقوں کی صورتحال بھی سنگین ہے، کیچ، پنجگور، واشک، خاران، خضد (باقی صفحہ 5 نمبر 4)

کوئٹہ، کاسی روڈ پر بارش کے بعد سڑک پر پانی جمع ہے

مرمت کے سلسلے میں مختلف علاقوں میں بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیے کے مطابق ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 17 فر (باقی صفحہ 5 نمبر 3)

ماہ رمضان، گرانفروشوں کیخلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے، مہراللہ بادینی

گران فروشوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائیگی، قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کو جیل بھیجا جائے گا

تمام انتظامی افسران اپنے اپنے سب ڈویژنز میں پرائس کنٹرول کارروائیوں کو مؤثر بنائیں اور خود فیلڈ میں موجود رہ کر نگرانی یقینی بنائیں

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت رمضان المبارک کے حوالے سے پرائس کنٹرول سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ اسسٹنٹ کمشنر سٹی، اسسٹنٹ کمشنر سریاب، اسسٹنٹ کمشنر کچلاک اور چاروں سب ڈویژنز کے مجسٹریٹس نے شرکت کی۔ جس میں رمضان کے دوران اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کو قابو میں رکھنے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے سخت فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں سخت احکامات جاری کی گئیں کہ منافع خوروں اور مہنگی اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کو جیل بھیجا جائے گا۔ گران فروشوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے (باقی صفحہ 5 نمبر 2)

کوئٹہ، صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بارش کا منظر

کوئٹہ ماسٹر پلان، شہر کو جدید خطوط پر استوار کیا جائیگا، شاہزیب کاکڑ

ماسٹر پلان پر بروقت عملدرآمد کیلئے تمام اقدامات جلد مکمل کر کے رپورٹ پیش کی جائے، بالخصوص شہر کی منصوبہ بندی مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر کی جائے، تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے

پانی کی قلت اور ارضی کے استعمال سمیت دیگر شہری مسائل کوئٹہ کے بڑے چیلنجز ہیں، لہٰذا ماسٹر پلان میں ان کے پائیدار حل کو ترجیح دی جائے، عوامی آگاہی اور شمولیت کو یقینی بنایا جائے، کمشنر کوئٹہ ڈویژن

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ ماسٹر پلان کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں شہر کی مستقبل کی ترقی، توسیع اور بنیادی مسائل کے حل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ظہور احمد، ڈپٹی پراجیکٹ ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج عابد علی، کنسلٹنٹ فرم کے نمائندوں اور دیگر کیو ڈی اے کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کنسلٹنٹ فرم کی جانب سے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو کوئٹہ ماسٹر پلان پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، جس میں شارٹ ٹرم، مڈ ٹرم اور لانگ ٹرم منصوبہ بندی لینڈ سروے رپورٹ اور ڈیجیٹل میپنگ انفارمیشن سسٹم، فیلڈ سروے کے نتائج شہری حدود بندی اور لینڈ یوٹیلائزیشن، سڑکوں، سیوریج اور ڈرینیج نظام کی بہتری کے حوالے سے بتایا گیا۔ اس موقع کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے متعلقہ فرم کو ہدایت دی کہ تمام اقدامات جلد مکمل کر کے رپورٹ پیش کی جائے تا کہ ماسٹر پلان پر بروقت عملدرآمد ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے خاص طور پر زور دیا کہ شہر کی منصوبہ بندی مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر کی جائے اس حوالے سے تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے اور عوامی آگاہی اور شمولیت کو یقینی بنایا جائے تا کہ تجارتی اور صنعتی سرگرمیوں کو مرکزی شہر سے باہر منتقل کرنے کی حکمت عملی تیار کی جا سکے۔ اجلاس میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے کہا کہ پانی کی قلت اور ارضی کے استعمال سمیت دیگر شہری مسائل کوئٹہ کے بڑے چیلنجز ہیں، لہٰذا ماسٹر پلان میں ان کے پائیدار حل کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شارٹ ٹرم منصوبوں کو حتمی شکل (باقی صفحہ 5 نمبر 5)

سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، جمعہ داد خان مندوخیل

رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف فراہم کرنا انتظامیہ اور تاجر برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے

نصیر آباد (خ ن): ڈپٹی کمشنر کچی کینٹن ریٹائرڈ جمعہ داد خان مندوخیل کی خصوصی احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر بھاگ سید الہیار شاہ کی زیر صدارت ماہ مقدس رمضان المبارک کی آمد کے سلسلے میں پرائس کنٹرول کمیٹی کا اہم اجلاس بھاگ میں منعقد ہوا جس میں بھاگ کی مقامی تاجر برادری، دکانداروں اور سماجی رہنماؤں نے شرکت کی اس موقع پر رمضان المبارک کے دوران اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں کو اعتدال میں رکھنے، ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کو یقینی بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اسسٹنٹ کمشنر سید الہیار شاہ نے تاجر برادری سے (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

چاغی، چھتر میں گرج چمک کے ساتھ ژالہ باری، سردی کی شدت میں اضافہ

چاغی (یو این اے) چاغی کے علاقے چھتر میں اچانک موسم کی تبدیلی کے باعث تیز گرج چمک اور ژالہ باری شروع ہو گئی ہے۔ ژالہ باری اور بارش کے باعث سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا ہے اور شہریوں میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق چھتر میں بارش اور ژالہ باری کے باعث نشیبی علاقے زیر آب آ (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

کوئٹہ میں بھرپور انداز میں شجر کاری مہم چلائی جائے گی، حافظ محمد طارق

کوئٹہ کی تمام مرکزی شاہراہوں، تعلیمی اداروں اور دیگر اہم مقامات پر بھرپور انداز میں شجر کاری مہم چلائی جائیگی

کوئٹہ (خ ن) کمشنر ریونیو کوئٹہ حافظ محمد طارق، محکمہ جنگلات کے افسران، روٹری کلب اور کوئٹہ آن لائن کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ کوئٹہ کی تمام مرکزی شاہراہوں، تعلیمی اداروں اور دیگر اہم مقامات پر بھرپور انداز میں شجر کاری مہم چلائی جائے گی۔ اس ضمن میں مختلف اداروں کے مابین باہمی تعاون کو فروغ دینے پر بھی اتفاق کیا گیا تا کہ زیادہ سے زیادہ پودے لگا کر شہر کو سرسبز بنایا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے کہا کہ کوئٹہ کی خوبصورتی کو نکھارنا اور ماحول کو صاف و شفاف رکھنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام (باقی صفحہ 5 نمبر 6)

کیچ، بشولی سے کہدہ تک سڑک کے تعطل نے عوام کی زندگی اجیرن کر دی

کیچ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کیچ کی تحصیل دشت کی یونین کونسل بشولی میں کہدہ اللہ داد بازار تا مکسر روڈ کی تعمیر کئی ماہ سے تعطل کا شکار ہے، جس کے باعث مقامی آبادی شدید مشکلات کا شکار ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق مذکورہ سڑک کی کل لمبائی تقریباً 10 کلومیٹر ہے، تاہم صرف دو کلومیٹر حصہ بلیک ٹاپ کیا گیا (باقی صفحہ 5 نمبر 10)

لورالائی، کنٹریکٹ میڈیکل افسران کی تعیناتی کیلئے انٹرویوز کا انعقاد

نئی تعیناتیوں سے ہسپتالوں میں ڈاکٹروں کی کمی دور ہو جائیگی، کمشنر لورالائی ڈویژن

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بزنجو کی زیر صدارت کنٹریکٹ طور پر میڈیکل آفسران کی تعیناتی کے لئے انٹرویوز منعقد ہوئے۔ جس میں صوبہ بھر کے مختلف اضلاع کے علاوہ پنجاب اور کے پی کے سے بھی کثیر تعداد میں مرد و خواتین امیدواروں نے شرکت کی۔ منعقد ہونے والے انٹرویوز میں ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز ڈاکٹر محمد مقبول، ایم ایس ڈاکٹر محمد انور مندوخیل و دیگر ممبران نے امیدواروں سے مختلف سوالات پوچھے اور ان کے ڈاکومنٹس چیک کئے۔ کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بزنجو نے اس موقع پر کہا کہ نئی تعیناتیوں سے ہسپتالوں میں ڈاکٹروں کی کمی دور (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

پشین، سید لیاقت شاہ لاتعلقی کا اعلان کرتے ہیں، سید محبوب شاہ

سید لیاقت شاہ کو والد نے اپنی زندگی میں گھر سے نکال دیا تھا، سید محبوب شاہ

میرے تمام بھائیوں سمیت تمام خاندان کے افراد کا اس کے تمام معاملات سے کوئی تعلق نہیں ہوگا اور نہ ہی ہم کسی قسم کا ذمہ دار ہوں گے

پشین (نامہ نگار) پشین کلی کربلا کے رہائشی سید محبوب شاہ نے سید اکرم شاہ اور سید قدیر شاہ کے ہمراہ میڈیا ہاؤس پشین میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ انکے بڑے بھائی سید رحمت اللہ شاہ کا انتقال 14 جولائی 2023 کو ہوا، متوفی سید رحمت اللہ شاہ چار بیٹے ہیں جن میں دوسرے نمبر کا بیٹا سید لیاقت شاہ جو انتہائی زیادہ نافرمان، بدتمیز، لڑائی جھگڑا کرنے والا اور چوری ڈکیتی میں ملوث رہتا ہے کو انکے والد سید رحمت اللہ شاہ نے اپنی زندگی میں گھر سے نکال کر اپنی جائیداد سے عاق کر دیا تھا، انہوں نے الزام لگایا کہ سید لیاقت شاہ پر کراچی میں سوزوکی کار اور مزدا چوری کی ایف آئی آر کراچی میں درج ہے۔ اسی طرح سید لیاقت شاہ نے ایک ماہ پہلے یاروں سے زبردستی گاڑی چوری کی جس کے مالکان نے مجھ سے رابطہ کیا اور مجبوراً گاڑی (باقی صفحہ 5 نمبر 24)

پشین، کلی کربلا کے رہائشی سید محبوب شاہ سید اکرم شاہ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ چیئرمین کوہلو کا صحافیوں کو ایک لاکھ روپے نقد امداد اور سولر سسٹم فراہم کرنے کا اعلان

کوہلو (یو این اے) قبائلی و سیاسی رہنما اور ڈسٹرکٹ چیئرمین کوہلو، میر نثار احمد مری نے نیشنل پریس کلب کوہلو کے دفتر کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے صحافیوں کی پیشہ ورانہ خدمات کو سراہتے ہوئے اہم اعلانات کیے۔ اس موقع پر پریس کلب کے صدر راشد مری، جنرل سیکرٹری موسیٰ جان مری، نائب صدر اخلاق مری، ترجمان عبدالرحیم مری، فنانس سیکرٹری نذر بلوچ (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں، عبدالقدوس اچکزئی

صحت اور زندگی کی تمام شعبہ جات کی فعالیت کیلئے بھرپور اقدامات کئے جا رہے ہیں

زیارت (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری شکیل قادر کے احکامات کی روشنی میں یونین کونسل زندرہ میں ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی جانب سے عوام کے مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری لگایا گیا کھلی کچہری میں ڈسٹرکٹ افسران دور دراز علاقوں سے آئے ہوئے افراد نے شرکت کی اس موقع پر بڑی تعداد میں عوام نے اپنے مسائل کے حل کے لیے درخواستیں پیش کیں جن مسائل کا ضلعی انتظامیہ سے تعلق تھا ان پر ڈپٹی کمشنر نے موقع پر ہی احکامات جاری کیے تعلق رکھتے تھے ان پر ڈپٹی کمشنر نیموقع پر ہی احکامات جاری کیڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی نے کہا گورنمنٹ آف بلوچستان کے واضح احکامات ہیں کہ عوام کے مسائل (باقی صفحہ 5 نمبر 9)

میرٹ کے مطابق ٹھیکیداروں کو منصوبے الاٹ کیے جائینگے، منصور علی شاہ

ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائیگا، اے سی سبی

سبی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ اور ونگ کمانڈر کرنل زبیر کی نگرانی میں بی ایس ڈی آئی فیز ٹو کے تحت محکمہ یو پی اینڈ ڈی کے ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرز کھولے گئے۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر یو پی اینڈ ڈی رازق مری، ایگزیکٹو انجینئر ایریگیشن خادم حسین چانڈیو اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ ٹینڈرز کھولنے کے بعد ٹھیکیداروں کی ٹیکنیکل اور مالی دستاویزات کی جانچ پڑتال کا عمل شروع کر دیا گیا۔ حکام نے واضح کیا کہ تمام مراحل بلوچستان پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (BPPRA) کے قواعد و ضوابط کے مطابق مکمل کیے جائیں گے (باقی صفحہ 5 نمبر 11)

ماہِ صیام میں عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، بہادر خان کھوسہ

رمضان المبارک کے تقدس کو مدنظر رکھتے ہوئے ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کی حوصلہ شکنی کی جائیگی

نصیر آباد (خ ن) ماہ مقدس میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے ضلع نصیر آباد کی انتظامیہ متحرک ہو گئی۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ کی سربراہی میں انجمن تاجران، ٹریڈ یونینز اور تاجر برادری کے نمائندوں کا اہم اجلاس (باقی صفحہ 5 نمبر 14)

عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا اولین ترجیح ہے، ذوالفقار علی کرار

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار سے پاکستان مسلم لیگ ن کی خواتین ونگ کی صوبائی جنرل سیکرٹری ورکن صوبائی اسمبلی اختر بی بی نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ایس ایس پی نصیر آباد اسد اللہ ناصر، اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ محمد اسلم بنگلوئی، عبدالقیوم جوہر بنگلوئی، خان جان بنگلوئی سمیت دیگر معززین (باقی صفحہ 5 نمبر 15)

سرکٹ ہاؤس تربت میں ایک کھلی کچہری کا انعقاد

تربت (خ ن) ضلعی انتظامیہ کیچ اور ایف سی بلوچستان کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ کونسل کیچ کے تعاون سے سرکٹ ہاؤس تربت میں ایک کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر کھلی کچہری میں چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل کیچ میر اوتمان بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر تمپ شیہک بلوچ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ) ریونیو (اسد اللہ بلوچ، ایس ایچ او تربت سٹی عبدالغفار دشتی سمیت ایف سی کے (باقی صفحہ 5 نمبر 16)

وزیر اعظم پاکستان کی جانب سے رمضان المبارک پیکیج کا اعلان بلوچستان محروم

کوئٹہ (اے این این) وزیر اعظم پاکستان کی جانب سے رمضان المبارک پیکیج کے اعلان سے بلوچستان ایک بار پھر محروم نہ تو صوبائی حکومت نے اس سلسلے میں سفارش یا احتجاج کی صورت میں وفاق سے رابطہ کیا ہے ورنہ یہ ریلیف بلوچستان کے عوام کو ملنے کی بھی امکانات ہے جس سے عوام میں مایوسی کی لہر پیدا ہوئی اور یہ شکوہ کیا ہے کہ وفاقی حکومت روزانہ تمام اکائیوں اور خاص (باقی صفحہ 5 نمبر 18)

امتحانات کی شفافیت ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، اے سی سبی

سبی: اسسٹنٹ کمشنر منصور علی شاہ نے میٹرک امتحانات کے دوران امتحانی مراکز کا جائزہ لیا

شفاف اور منظم امتحانات کے لیے امتحانی ہالز اور سکیورٹی انتظامات کا معائنہ

سبی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ نے میٹرک کے سالانہ امتحانات کے دوران مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے امتحانی ہالز، بیٹھنے کے انتظام، سوالیہ پرچوں کی ترسیل اور دیگر امور کا معائنہ کیا تا کہ امتحانی عمل شفاف اور منظم انداز میں جاری رہے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے نگران عملے کی حاضری اور کارکردگی کا بھی جائزہ لیا اور انہیں سختی سے ہدایت کی کہ نقل کی روک تھام کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ امتحانی مراکز کے اندر موبائل فون کے استعمال پر مکمل پابندی عائد رہے گی اور خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے سکیورٹی پر تعینات اہلکاروں کو بھی ہدایت کی کہ غیر متعلقہ افراد کو امتحانی سینٹر کے احا (باقی صفحہ 5 نمبر 22)

دینی مدارس نے معاشرے میں امن و اخوت کو فروغ دیا، رحمان رفیق

دینی مدارس نے معاشرے نفرتوں و تعصبات کی گرد و غبار میں ڈوبے ہوئے دلوں کو ایمان کے نور سے منور کیا ہے

دہشت گردی اور انتہا پسندی کو دینی مدارس سے جوڑنا نہ صرف حقائق کے منافی بلکہ ایک منظم پروپیگنڈے کا حصہ ہے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن صمیم، مولانا محمد سلیمان اور دیگر مقررین نے مدرسہ بدر العلوم کلی نیو خروٹ آباد کچلاک کے زیر اہتمام سالانہ جلسہ دستار بندی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس نے ہمیشہ معاشرے میں امن، اخوت اور وحدت کا پیغام عام کیا ہے اور نفرتوں و تعصبات کی گرد و غبار میں ڈوبے ہوئے دلوں کو ایمان کے نور سے منور کیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ دہشت گردی اور انتہا پسندی کو دینی مدارس سے جوڑنا نہ صرف حقائق کے منافی بلکہ ایک منظم پروپیگنڈے کا حصہ ہے۔ دینی مدارس نے ہر دور میں قرآن و سنت کی تعلیمات کے ذریعے برداشت، رواداری او (باقی صفحہ 5 نمبر 26)

کوئٹہ، سریاب روڈ کلی سردو کے رہائشی بشیر احمد اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

رمضان المبارک صبر اور بھائی چارگی کا درس دیتا ہے حافظ حبیب الرحمٰن

بولان (اے این این) جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمٰن جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی سیکرٹری اطلاعات حافظ اکرام اللہ سیکرٹری مالیات حافظ عبدالمنتقم کاکڑ محمد قیصر خان محمد نعیم حیدری محمد اسماعیل مری زائد حسین نیاز محمد ناصر رحمت اللہ سلیمانخیل سلطان (باقی صفحہ 5 نمبر 12)

اوستہ محمد، پولیس چھینی گئی موٹر سائیکلیں برآمد کرنے میں ناکام، شہری شدید پریشان

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد شہر میں جرائم پیشہ عناصر کی گن پوائنٹ پر لوٹ مار اور موٹر سائیکلیں چھیننے کے واقعات میں اضافہ، شہریوں کے لیے سنگین تشویش کا سبب بن گیا ہے۔ شہر سے ایک درجن سے زائد موٹر سائیکلیں چھینی گئی ہیں اور پولیس اب تک انہیں برآمد کرنے میں ناکام رہی ہے۔ متاثرہ شہری عبدا (باقی صفحہ 5 نمبر 13)

میونسپل کمیٹی ہرنائی کے ملازمین کی دو ماہ کی تنخواہیں فوری ادا کی جائیں، بلوچستان لیبر فیڈریشن

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، چیئرمین حاجی بشیر احمد رند، سیکرٹری جنرل قاسم خان، سینئر نائب صدر حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، محمد عمر بنگ، ظفر خان رند، دین محمد حسنی، عارف خان نچاری، فضل محمد یوسفزئی، ملک وحید کاسی، ملک محمد حسین بنگلوئی، منظور احمد، حبیب اللہ لانگو، سید اسماعیل شا (باقی صفحہ 5 نمبر 17)

غیر حاضر ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتی کی جائے گی، عبدالقدوس اچکزئی

ڈاکٹر اور مددگار اسٹاف کی غیر حاضری کو ہرگز برداشت نہیں کرینگے، ڈپٹی کمشنر زیارت

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے بی ایچ یو زندرہ اور بی ایچ یو پچی زیارت کا دورہ کیا دورے کے دوران انہوں نے ملازمین کا حاضری رجسٹر چیک، ڈپٹی کمشنر ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے کہا کہ غیر حاضر ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتی کی جائے گی ڈاکٹر اور مددگار اسٹاف کی غیر حاضری کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں صفائی کے (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

بجلی کے کھمبوں اور ہائی وولٹیج لائنوں کے نیچے تعمیرات سے گریز کریں، کیسکو

بجلی کے کھمبوں اور ہائی وولٹیج لائنوں کے نیچے یا قریب تعمیرات انسانی جانوں کیلئے سنگین خطرہ بن سکتی ہیں

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے اپنے تمام صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ بجلی کے کھمبوں اور ہائی وولٹیج تاروں کے نیچے تعمیرات سے گریز کریں کیونکہ بجلی کے کھمبوں اور ہائی وولٹیج لائنوں کے نیچے یا قریب مکانات، دکانیں اور دیگر تعمیرات انسانی جان کے لئے سنگین خطرات کے ساتھ ساتھ جان لیوا حادثات کا سبب بھی بن سکتی ہیں۔ بجلی کی ترسیلی لا (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

رمضان سے قبل ریلیف پیکیج کا اعلان کیا جائے، عبدالقادر لونی

صوبے کے اکثر اضلاع میں بیروزگاری اور غربت اس حد تک بڑھ چکی ہے کہ کئی گھروں میں شام کے وقت چولہا تک نہیں جلتا

آٹا، چینی اور گھی کے مصنوعی بحران نے ملکی معیشت کو مزید کمزور کر دیا، آئی ایم ایف کی پالیسیوں کے باعث عوام پر مہنگائی کا بوجھ بڑھتا جا رہا ہے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی، صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کہدانی، نائب امرا مولانا عبدالروف اور سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی سمیت دیگر صوبائی عہدیداران نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کے غریب عوام کے لیے فوری ریلیف پیکیج کا اعلان کیا جائے۔ رہنماں نے مشترکہ بیان میں کہا کہ صوبے کے اکثر اضلاع میں بے روزگاری اور غربت اس حد تک بڑھ چکی ہے کہ کئی گھروں میں شام کے وقت چولہا تک نہیں جلتا۔ رمضان المبارک کی آمد کے ساتھ ہی اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں اور ذخیرہ اندوزوں و منافع خوروں نے عام آدمی کے لیے ضروریات زندگی کا حصول مشکل بنا دیا ہے۔ انہوں (باقی صفحہ 5 نمبر 19)

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان سے ڈائریکٹر کیو ڈی اے زین کاسی ملاقات کر رہے ہیں

PAKISTAN AIRPORTS AUTHORITY (PAA)
پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی
دعوت برائے بولی
بلوچستان زون ایئرپورٹس (تربت، ژوب، پنجگور اور پسنی ایئرپورٹ) کے لیے جینیٹرز کی خدمات حاصل کرنے بابت
پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی ان معروف سروس فراہم کنندگان/فرموں سے بڈ طلب کر رہی ہے جو انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس محکموں میں رجسٹرڈ ہوں اور FBR کی ایکٹو ٹیکس پیئرلسٹ میں شامل ہوں، PPRA رول نمبر 36(b) کے مطابق بلوچستان زون ایئرپورٹس (تربت، ژوب، پنجگور اور پسنی) کے لیے جینیٹرز کی خدمات حاصل کرنے کیلئے بولیاں طلب کر رہی ہے، اس کمرشل کی ابتدائی مدت 02 سال (مزید 06 ماہ کی قابل توسیع) کی جا سکتی ہے۔
بڈز 09 مارچ 2026 کو 1200 بجے تک، بڈنگ دستاویزات میں درج شرائط کے مطابق جمع کرائی جا سکتی ہیں، جو PPRA ای۔ پیڈز سسٹم http://eprocure.gov.pk پر بلا معاوضہ دستیاب ہیں۔ بڈز اسی روز 1230 بجے کھولی جائے گی۔ بولی دہندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ بڈنگ دستاویزات اور دیگر متعلقہ معلومات بشمول الیکٹرانک بڈ جمع کرانے تک رسائی کے لیے PPRA (فیڈرل) کے E-PADS پر رجسٹریشن حاصل کریں۔
بڈز کو مقررہ تاریخ اور وقت سے قبل PPRA E-PADS ویب پورٹل http://eprocure.gov.pk کے ذریعے الیکٹرانک طور پر جمع کرانا لازمی ہے، نیز سنگل اسٹیج ٹو انویلپ طریقہ کار کے مطابق (تکنیکی اور مالی بڈز کے لیے علیحدہ سیل شدہ لفافوں میں) مکمل طور پر پُر شدہ اور مطلوبہ معلومات کے ساتھ، بڈنگ دستاویزات میں فراہم کردہ مخصوص فارمیٹ کے مطابق، چیف آپریٹنگ آفیسر/ایئرپورٹ منیجر، PAA کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے دفتر میں بار دفاتر میں بھی جمع کرانا ہوگا۔
EPADS پر رجسٹریشن اور تربیت کے لیے یا E-PADS کے استعمال میں کسی تکنیکی دشواری کی صورت میں، ممکنہ بولی دہندہ مسٹر رضوان محمود، ڈائریکٹر MIS PPRA، کمرہ نمبر 109، پہلی منزل، FBC بلڈنگ، سیکٹر G-5/2 اسلام آباد سے رابطہ کر سکتا ہے۔ رابطہ نمبر: 051-111-137-237۔
[نوٹ: تمام ممکنہ بولی دہندگان بڈ کھولنے کی مدت/وقت سے قبل فوری طور پر PAA کو مطلع کریں اور درج ذیل پتے پر ایکٹو ٹیک

Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت

پبلشر ملک نعیم خان کاکڑ نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ صحافت کوئٹہ فلیٹ نمبر 8 دبئی پلازہ مناں چوک کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر: 081-2828822 فیکس نمبر: 03337887770 اسلام آباد بیورو: آفس نمبر: 712 فرسٹ فلور کشمیر کلاتھ ہاؤس آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد فون نمبر: 051-2603196
E-Mail Address: dailysahafat.quetta@gmail.com

کوئٹہ ماسٹر پلان

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ ماسٹر پلان کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں شہر کی مستقبل کی ترقی، توسیع اور بنیادی مسائل کے حل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ظہور احمد، ڈپٹی پراجیکٹ ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج عابد علی، کنسلٹنٹ فرم کے نمائندوں اور دیگر کیو ڈی اے کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کنسلٹنٹ فرم کی جانب سے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو کوئٹہ ماسٹر پلان پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، جس میں شارٹ ٹرم، مڈ ٹرم اور لانگ ٹرم منصوبہ بندی لینڈ سروے رپورٹ اور ڈیجیٹل میپنگ انفارمیشن سسٹم، فیلڈ سروے کے نتائج شہری حدود بندی اور لینڈ یوٹیلائزیشن، سڑکوں، سیوریج اور ڈرینیج نظام کی بہتری کے حوالے سے بتایا گیا۔ اس موقع کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے متعلقہ فرم کو ہدایت دی کہ تمام اقدامات جلد مکمل کر کے رپورٹ پیش کی جائے تاکہ ماسٹر پلان پر بروقت عملدرآمد ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے خاص طور پر زور دیا کہ شہر کی منصوبہ بندی مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر کی جائے اس حوالے سے تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے اور عوامی آگاہی اور شمولیت کو یقینی بنایا جائے تاکہ تجارتی اور صنعتی سرگرمیوں کو مرکزی شہر سے باہر منتقل کرنے کی حکمت عملی تیار کی جا سکے۔ اجلاس میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے کہا کہ پانی کی قلت اور اراضی کے استعمال سمیت دیگر شہری مسائل کوئٹہ کے بڑے چیلنجز ہیں، لہٰذا ماسٹر پلان میں ان کے پائیدار حل کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شارٹ ٹرم منصوبوں کو حتمی شکل دیں تاکہ ان پر فوری عملدرآمد یقینی بنایا جائے جبکہ مڈ ٹرم اور لانگ ٹرم منصوبوں میں مستقبل کی ضرورت، وسائل اور مسائل کو مدنظر رکھ کر بنایا جائے۔ مرکزی شہر میں رش اور کاروباری دباؤ کم کرنے کیلئے شہر سے باہر متبادل مراکز قائم کرنے کے لیے منصوبہ بندی کیا جائے۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ایک جامع ماسٹر پلان کے ذریعے کوئٹہ شہر کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا، جس سے شہری سہولیات میں بہتری، منظم توسیع، اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف شہر کی موجودہ ضروریات کو پورا کرے گا بلکہ مستقبل میں بڑھتی ہوئی آبادی اور شہری دباؤ سے نمٹنے میں بھی مددگار ثابت ہوگا

ایف سی بلوچستان کے کیچ میں تین اہم سیمینار

نسیم الحق زاہدی

ملک دشمن عناصر کی جانب سے جنوبی بلوچستان کے ضلع کیچ کو ایک عرصے تک محرومی اور بے روزگاری کے من گھڑت بیانیے کے ساتھ جوڑا جاتا رہا۔ تاہم حالات اس کے بالکل برعکس ہیں یہاں روزگار کے امکانات کی کوئی کمی نہیں بلکہ ان مواقع کو منظم سمت دینے، نوجوانوں کی رہنمائی کرنے اور معاشرے کے مختلف طبقات کو ایک فکری لڑی میں پرونے کی ضرورت ہے۔ اسی تناظر میں ایف سی بلوچستان (ساوتھ) کی جانب سے کیچ میں منعقد کیے گئے مسلسل تین اہم سیمینارز ایک مربوط سماجی و فکری حکمت عملی کی نمائندگی کرتے ہیں جن کا مقصد نوجوانوں، خواتین اور عام شہریوں کو ترقی اور استحکام کے اجتماعی سفر میں شریک کرنا ہے۔ کیچ میں چند روز قبل 'جنوبی بلوچستان میں نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع' کے موضوع پر منعقد سیمینار سوئم نے ایک ایسے تاثر کو چیلنج کیا جو برسوں سے نوجوان ذہنوں پر بوجھ بن کر مسلط رہا ہے (کہ جنوبی بلوچستان میں روزگار کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں۔) اس سیمینار کا بنیادی مقصد اس منفی سوچ کا ازالہ کرنا اور نوجوانوں کو یہ باور کرانا تھا کہ ان کے اپنے جنوبی بلوچستان میں روزگار کے بے شمار امکانات موجود ہیں، ضرورت صرف رہنمائی، مہارت اور خود اعتمادی کے فروغ کی ہے۔ اس سیمینار میں مقامی سیاسی قیادت، قبائلی عمائدین، سول انتظامیہ، سکیورٹی اداروں کے نمائندگان، اساتذہ، ڈاکٹرز، دانشوروں، میڈیا نمائندگان اور تربت کے مختلف کالجز اور یونیورسٹی کے طلبہ و طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سیمینار کے پینل میں صوبائی وزیر برائے ترقی و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، سیکرٹری اسپورٹس اینڈ امور نوجوانان ورا بلوچ، معروف کاروباری شخصیت حاجی برکت بلیدی، فاونڈر جھونم انٹرپرائز مصطفیٰ احمد زئی، فاونڈر نیل فوڈز ثاقب وحید اور کوفا ونڈرز گوارا اسٹور ماریہ معظم شامل تھے۔ پینل ممبران کی گفتگو کی اہمیت اس لیے بھی دو چند ہو گئی کہ ان کا تعلق جنوبی بلوچستان سے ہے اور انھوں نے محدود وسائل میں جدوجہد کر کے اپنی پہچان بنائی۔ مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ جنوبی بلوچستان میں چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار اور ڈیجیٹل معیشت کے شعبوں میں نمایاں گنجائش موجود ہے۔ نوجوان اگر جدید ہنر سیکھیں اور تسلسل کے ساتھ محنت کریں تو ایک خوشحال مستقبل ان کا منتظر ہے۔ مزید روایتی کاروبار کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل شعبوں میں میسر مواقعوں پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔ سیمینار کے پینل ممبران کی ذاتی جدوجہد اور کامیابیوں نے نوجوانوں کے حوصلے بلند کیے اور یہ پیغام دیا گیا کہ مشکلات کسی بھی معاشرے کا حصہ ہوتی ہیں مگر وہی قومیں آگے بڑھتی ہیں جو حالات کو جواز بنانے کے بجائے انھیں بدلنے کا عزم رکھتی ہیں۔ اس موقع پر ایف سی بلوچستان (ساوتھ) نے اپنے خطاب میں نوجوانوں کو تلقین کہ وہ تعلیم اور ہنر کے حصول پر توجہ مرکوز رکھیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ جنوبی بلوچستان میں روزگار اور ترقی کے مواقع موجود ہیں، نوجوانوں کو مشکلات سے گھبرانے کے بجائے محنت، مستقل مزاجی اور لگن کو اپنا شعار بنا کر کامیابی کی منازل طے کرنا ہوں گی۔ اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ضلع کیچ میں منعقد ہونے والا 'معاشرتی ترقی میں بلوچ خواتین کا کردار' کے موضوع پر دوسرا اہم سیمینار تھا۔ اس سیمینار کا مقصد بلوچستان کی خواتین کی معاشی و سماجی اہمیت اور علاقائی ترقی میں ان کے کردار کو اجاگر کرنا تھا جس میں ارکان بلوچستان اسمبلی، مقامی سیاسی و سماجی شخصیات، سول انتظامیہ، سکیورٹی نمائندگان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی لگ بھگ دو سو خواتین کی شرکت نے اس امر کو اجاگر کیا کہ بلوچ معاشرہ خواتین کے کردار کو تسلیم کرتا ہے اور انھیں قومی دھارے میں مزید فعال دیکھنا چاہتا ہے۔ سیمینار کے پینل میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، صوبائی وزیر برائے کھیل و امور نوجوانان بینا مجید، سابق رکن بلوچستان اسمبلی مسز ماہ جبین شیران اور بلوچستان یونیورسٹی کی پروفیسر ڈاکٹر شاہدہ حبیب شامل تھیں۔ مقررین نے اس حقیقت کو اجاگر کیا کہ بلوچ خواتین نے تعلیم، طب، بیوروکریسی، سیاست اور دیگر شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے

شیخ حسینہ کے بعد کا بنگلہ دیش۔

تحریر و تجزیہ۔ کلیم اللہ خان

جنوبی ایشیا کی سیاست میں بنگلہ دیش ایک بار پھر ایک اہم موڑ پر کھڑا ہے جہاں نئی حکومت کی تشکیل صرف اقتدار کی تبدیلی نہیں بلکہ پالیسی سفارت کاری اور داخلی توازن کی نئی سمتوں کا تعین بھی کرے گی حالیہ انتخابات کے بعد بننے والی حکومت کو بیک وقت عوامی توقعات معاشی دباؤ اور علاقائی سیاست کے پیچیدہ تقاضوں کا سامنا ہے اس بار منظر نامہ اس لیے بھی غیر معمولی ہے کہ بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی بڑی جماعت بن کر سامنے آئی ہے جبکہ طویل عرصہ اقتدار میں رہنے والی حکومت اور اس کے اتحادی سیاسی میدان میں اپنی سابقہ قوت برقرار نہ رکھ سکے انتخابی نتائج نے ایک واضح پیغام دیا ہے کہ عوام معاشی استحکام اور سیاسی توازن چاہتے ہیں گزشتہ چند برسوں میں مہنگائی زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی اور برآمدی دباؤ نے بنگلہ دیش کی معیشت کو شدید مشکلات سے دوچار رکھا نئی حکومت کے لیے سب سے پہلا امتحان یہی ہوگا کہ وہ فوری معاشی ریلیف فراہم کرے برآمدات میں اضافہ کرے اور بیرونی سرمایہ کاری کے لیے اعتماد بحال کرے اگر بی این پی قیادت میں حکومت بنتی ہے تو اس کی بنیادی ترجیح سیاسی استحکام اور معاشی بحالی ہی ہوگی، کیونکہ عوامی حمایت کو برقرار رکھنے کا واحد راستہ معاشی کارکردگی ہے..... یہ سیاسی تبدیلی دراصل اس طویل دور کا اختتام بھی ہے جو شیخ حسینہ واجد کی قیادت میں قائم رہا ان کی حکومت کے خاتمے نے سیاسی طاقت کے توازن کو یکسر بدل دیا ان کی جماعت اور اتحادی قوتیں جو ایک زمانے میں ریاستی ڈھانچے پر مضبوط گرفت رکھتی تھیں انتخابی میدان میں اس بار وہ رفتار برقرار نہ رکھ سکیں اس کی بڑی وجہ عوامی سطح پر معاشی بے چینی سیاسی محاذ آرائی کی طویل تاریخ اور ادارہ جاتی کشیدگی رہی جس نے حکمران اتحاد کی مقبولیت کو متاثر کیا..... دوسری طرف جماعت اسلامی بنگلہ دیش بھی اس انتخابی عمل میں اپنی توقعات کے مطابق کارکردگی نہ دکھا سکی جماعت نے الیکشن کمیشن پر جانبداری کے الزامات عائد کیے اور سخت احتجاج کی دھمکیاں بھی دیں جو کہ اس کا روایتی کام ہے۔ مگر عملی طور پر وہ انتخابی نتائج تبدیل کرانے یا عوامی سطح پر بڑی تحریک کھڑی کرنے میں کامیاب نہ ہو سکی اس ناکامی کی ایک وجہ اس کی انتخابی حکمت عملی اور اتحاد سازی میں تاخیر بھی رہی جماعت اسلامی خود کو ایک مکمل متبادل کے طور پر پیش کرنے کے بجائے اکثر ردعمل کی سیاست میں مصروف رہی جبکہ نوجوان ووٹر جو روزگار ٹیکنالوجی اور سماجی آزادی جیسے سوالات پر واضح پروگرام چاہتے تھے ان تک مؤثر رسائی نہ ہو سکی۔۔۔ شہری متوسط طبقے کے ساتھ براہ راست مکالمہ بھی جماعت اسلامی کے لیے ایک ضائع شدہ موقع ثابت ہوا اس نے روایتی ووٹ بینک پر زیادہ انحصار کیا جبکہ شہری علاقوں میں سیاسی خلا موجود تھا اگر وہ پہلے سے ایک وسیع اپوزیشن اتحاد تشکیل دیتی جدید معاشی پروگرام پیش کرتی اور نوجوان قیادت کو سامنے لاتی تو نتائج مختلف ہو سکتے تھے الیکشن کمیشن کے خلاف الزامات اور احتجاجی بیانات نے وقتی سیاسی توجہ تو حاصل کی، مگر عوامی سطح پر کوئی بڑی تبدیلی نہ لا سکے۔۔۔ نئی حکومت کے لیے حزب اختلاف کے ساتھ تعلقات ایک حساس معاملہ ہوں گے بنگلہ دیش کی سیاست میں عدم اعتماد اور محاذ آرائی کی تاریخ طویل ہے اگر نئی حکومت نے مفاہمت اور پارلیمانی فعالیت کو ترجیح دی تو سیاسی درجہ حرارت کم ہو سکتا ہے لیکن اگر انتقامی سیاست یا قانونی دباؤ کا راستہ اختیار کیا گیا تو سڑکوں پر احتجاج اور عدم استحکام کا خطرہ برقرار رہے گا یہی وہ مرحلہ ہوگا جہاں حکومت کی سیاسی پختگی کا اصل امتحان سامنے آئے گا۔۔ خارجہ پالیسی کے میدان میں توازن سب سے بڑی آزمائش ہوگی بھارت بنگلہ دیش کا سب سے بڑا پڑوسی اور اہم معاشی و تزویراتی شراکت دار ہے تجارت سرحدی انتظام اور توانائی کے منصوبوں میں دونوں ممالک کا تعاون سخت ناگزیر ہے دوسری جانب پاکستان کے ساتھ تاریخی فاصلے کے باوجود حالیہ برسوں میں محتاط سفارتی قربت دیکھی گئی ہے بی این پی کی قیادت میں بننے والی حکومت بھارت کے ساتھ تعلقات کو مکمل نظر انداز نہیں کرے گی مگر خارجہ پالیسی میں زیادہ خود مختاری دکھانے کی کوشش کرے گی تاکہ اسے صرف نئی دہلی کے قریب سمجھی جانے والی حکومت نہ کہا جائے یہی وجہ ہے کہ نئی حکومت واضح طور پر پاکستان نواز یا بھارت نواز ہونے کے بجائے مفاد پر مبنی توازن کی پالیسی اختیار کرنے کی کوشش کرے گی۔۔۔ اگر انتخابی منظر نامہ مختلف ہوتا اور جماعت اسلامی غیر متوقع طور پر کامیاب ہو جاتی تو نظریاتی سطح پر کچھ تبدیلیاں ضرور دیکھنے میں آتیں مگر معاشی اور خارجہ پالیسی کے میدان میں انقلابی تبدیلیاں ممکن نہ تھیں عالمی مالیاتی اداروں برآمدی صنعت اور علاقائی جغرافیہ کی مجبوریوں کے باعث اسے بھی وہی حقیقت پسندانہ راستہ اختیار کرنا پڑتا جو دیگر بڑی جماعتیں اختیار کرتی ہیں البتہ داخلی سطح پر مذہبی شناخت اور سماجی پالیسیوں میں اسلامی تشخص کو زیادہ نمایاں کرنے کی کوشش کی جاتی مجموعی طور پر بنگلہ دیش کی نئی سیاسی ترتیب ایک نازک مگر اہم مرحلے میں داخل ہو چکی ہے چاہے حکومت بی این پی کی ہو یا کسی وسیع اتحاد کی اس کے لیے سب سے بڑا چیلنج داخلی استحکام معاشی بحالی اور خارجی توازن ہوگا خطے میں چین اور امریکا کی بڑھتی دلچسپی، بھارت کے ساتھ پیچیدہ تعلقات اور داخلی سیاسی دباؤ اسے ایک محتاط مگر فعال حکمت عملی اپنانے پر مجبور کریں گے۔ آج کا بنگلہ دیش صرف انتخابی نعروں سے نہیں بلکہ معاشی کارکردگی، سیاسی برداشت اور ادارہ جاتی توازن سے آگے بڑھے گا، اور یہی عناصر اس کی نئی حکومت کی کامیابی یا ناکامی کا فیصلہ کریں گے۔

احساس محرومی یا پروپیگنڈا؟ بلوچستان کا اصل چیلنج

جاوید اقبال

کسی بھی معاشرے میں شدت پسندانہ سوچ کے اثرات پر کی گئی تحقیق سے یہ پتہ چلتا ہے کہ منفی سوچ ذہنوں میں اس وقت پنپتی ہے جب معاشرے میں بسنے والے افراد اور ریاست کے درمیان باہمی اعتماد میں دراڑیں پڑنا شروع ہو جائیں اور انہیں غلط معلومات کی بنیاد پر اس بات کا یقین دلایا جائے کہ حکومت وقت اپنے شہریوں کی حفاظت، ترقی اور روزگار فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے محرومی اور ناکامی کے بیانیے کو نوجوان نسل کی ذہنوں میں مزید پختہ کرنے کے لیے ریاست مخالف عناصر سوشل میڈیا کے ذریعے حکومت کو عوام مخالف اور دہشت گردوں کو ان کا ہمدرد بنا کر پیش کرتے ہیں۔ کچھ اسی قسم کے حالات اج ہمیں بلوچستان میں نظر ارہے ہیں۔ بلوچستان جیسے حساس خطے میں مسئلہ صرف معاشی محرومی کا نہیں بلکہ احساسِ محرومی کے بیانیے کا بھی ہے جس کا مقابلہ صرف سڑکوں اور سکیموں سے نہیں بلکہ شفاف عمل اور مسلسل رابطے سے کیا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ کالم کے شروع میں وضاحت کی گئی کہ کسی بھی معاشرے میں انتہا پسند بیانیہ وہاں جگہ بناتا ہے جہاں ریاستی اعتماد کمزور ہو جائے۔ نوجوان اس وقت شدت پسند سوچ کا شکار ہوتے ہیں جب انہیں لگتا ہے کہ ان کی اواز بے معنی ہے، لہٰذا فیصلہ سازی میں شمولیت اور مواقع کی منصفانہ تقسیم خود ایک حفاظتی ڈھال کا کردار ادا کرتی ہے۔ اگر ہم واقعی نوجوانوں کو شدت پسندی سے دور رکھنا چاہتے ہیں تو ہمیں صرف خطرات گنوانے کے بجائے ان کے سامنے ایک ایسا متبادل مستقبل رکھنا ہوگا جو تعلیم، ہنر اور باعزت روزگار کے ذریعے انہیں یہ یقین دلائے کہ ان کی محنت کا راستہ بند نہیں، کھلا ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ سچائی پر مبنی مکالمہ بھی ضروری ہے تاکہ نوجوان حقیقت اور پروپیگنڈا میں فرق سمجھ سکیں۔ غلط معلومات کا مقابلہ صرف تردید سے نہیں بلکہ ایک مضبوط مثبت بیانیہ سے کیا جاتا ہے جو نوجوان کو امید، سمت اور مقصد فراہم کرے۔ کیونکہ یہ ایک طے شدہ بات ہے کہ جب جھوٹ بار بار دہرایا جائے تو وہ سچ محسوس ہونے لگتا ہے۔ اس لیے درست معلومات کی بروقت فراہمی اور زمینی حقائق کی بہتری ساتھ ساتھ چلنی چاہیے ورنہ کامیابیاں بھی مشکوک دکھائی دیتی ہیں۔ ماضی کے تجربات سے یہ بات اب ثابت ہو چکی ہے کہ کسی بھی خطے میں دیرپا امن صرف سکیورٹی اقدامات سے نہیں اتا بلکہ اس وقت اتا ہے جب نوجوان کو یہ یقین ہو جائے کہ اس کی شناخت، صلاحیت اور مستقبل کو سنجیدگی سے لیا جا رہا ہے۔ ترقیاتی عمل تب موثر بنتا ہے جب وہ لوگوں کے تجربے میں نظر ائے کیونکہ اعتماد کا غذی اعلانات سے نہیں بلکہ روزمرہ زندگی میں بہتری سے پیدا ہوتا ہے۔ اگر نوجوان کو معاشی استحکام، سماجی احترام اور سچائی پر مبنی رہنمائی مل جائے تو دہشت گرد گروہوں کی کشش خود بخود کم ہو جاتی ہے۔ انصاف اور ترقی جب ساتھ چلتے ہیں تو وہ صرف حالات نہیں بدلتے بلکہ ذہن بھی بدلتے ہیں۔ نوجوانوں میں امید پیدا کرنا ایک پالیسی نہیں بلکہ ایک مسلسل عمل ہے کیونکہ امید ہی وہ طاقت ہے جو انہیں نفرت پر مبنی راستوں سے دور رکھتی ہے۔ بلوچستان میں بیرونی مداخلت، بدامنی اور بلوچ نوجوانوں میں بداعتمادی پیدا کرنے کے پیچھے یہ بات اب کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ گزشتہ طویل عرصے سے بلوچستان میں کون سے قوتیں امن و امان کو خراب کرنے کے لیئے دہشت گردوں کو اسلحہ اور مالی امداد فراہم کر رہی ہیں۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومتی سطح پر بلوچستان کے نوجوانوں کے احساس محرومی کو ختم کرنے کے لیے نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کیا جائے ان کی صحت، تعلیم، سیاسی سماجی اور معاشی حقوق کو تحفظ دیا جائے۔ بلوچستان کے اندر انڈسٹریل زون بنائے جائیں تاکہ روزگار کی فراہمی کے ذریعے عام ادمی کو معاشی اسودگی میسرا سکے۔ دوسری طرف بلوچ نوجوانوں کو اس چیز کا ادراک ہونا چاہیے کہ ریاست سے جنگ نہیں جیتی جا سکتی۔ کامیابی اتحاد کے اندر ہے نفرتوں کے بیج بونے سے وہ اپنے لیے اور صوبے کے لیے کوئی نیک نامی نہیں کما رہے علیحدگی پسند تنظیموں سے صرف اور صرف پاکستان اور بلوچستان کے دشمن فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ اگر بلوچ نوجوانوں نے اواز بلند کرنی ہے تو اپنے حقوق کی بلند کریں علیحدگی کی تحریک نہ پہلے کامیاب ہوئی ہے اور ائندہ بھی اس کا مقدر ناکامی کے سوا کچھ نہیں ہوگا۔ یہ بھی یاد رکھنے کی بات ہے کہ ریاست کسی بھی گروہ سے زیادہ طاقتور ہوتی ہے اور اس کے خلاف لڑی جانے والی جنگ دہائیوں بعد بھی بے سود ثابت ہوتی ہے اب دیکھنا ہے کہ اج کا بلوچ نوجوان اس تاریخی سبق کو سمجھنے میں کتنی دیر لگاتا ہے۔ بلوچستان اور علاقے کا امن و امان، ترقی اور خوشحالی اس تاریخی حقیقت کو جلد سمجھنے اور اس پر عمل کرنے میں پنہاں ہے کہ پاکستان ہے تو بلوچستان اور بلوچ عوام ہیں۔ پاکستان کی ریاست اور بلوچ عوام مل کر ترقی اور امن و امان کی منازل طے کر سکتے ہیں۔ اب اہل بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کے سفر میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے اور اپنے تحفظات کو بات چیت کے ذریعے سے پیش کرنا چاہیے تاکہ وہ ترقی اور خوشحالی سے محروم لوگوں اور ان کی ائندہ انے والی نسلوں کی بہتری کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ کسی بھی معاشرے میں شدت پسندانہ سوچ کے اثرات پر کی گئی تحقیق سے یہ پتہ چلتا ہے کہ منفی سوچ ذہنوں میں اس وقت پنپتی ہے جب معاشرے میں بسنے والے افراد اور ریاست کے درمیان باہمی اعتماد میں دراڑیں پڑنا شروع ہو جائیں اور انہیں غلط معلومات کی بنیاد پر اس بات کا یقین دلایا جائے کہ حکومت وقت اپنے شہریوں کی حفاظت، ترقی اور روزگار فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے محرومی اور ناکامی کے بیانیے کو نوجوان نسل کی ذہنوں میں مزید پختہ کرنے کے لیے ریاست مخالف عناصر سوشل میڈیا کے ذریعے حکومت کو عوام مخالف اور دہشت گردوں کو ان کا ہمدرد بنا کر پیش کرتے ہیں۔ کچھ اسی قسم کے حالات اج ہمیں بلوچستان میں نظر ارہے ہیں۔ بلوچستان جیسے حساس خطے میں مسئلہ صرف معاشی محرومی کا نہیں بلکہ احساسِ محرومی کے بیانیے کا بھی ہے جس کا مقابلہ صرف سڑکوں اور سکیموں سے نہیں بلکہ شفاف عمل اور مسلسل رابطے سے کیا جا سکتا ہے۔

بنگلہ دیش کے انتخابات! سقوط ڈھاکہ کے زخموں کا ازالہ

کامران نسیم بٹالوی

دنیا کی سیاست اب ایک نئے مرحلے میں داخل ہو چکی ہے۔ بحرِ اوقیانوس کے کنارے سے لے کر بحرِ ہند اور بحرالکاہل تک عالمی طاقت کا مرکز بدل چکا ہے، اور یہ تبدیلی صرف اقتصادی یا عسکری نہیں بلکہ سفارتی اور ثقافتی سطح پر بھی محسوس کی جا رہی ہے۔ اس نئے عالمی توازن میں جنوبی ایشیا کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے، اور بنگلہ دیش ایک ایسا ملک بن چکا ہے جو نہ صرف خطے کی سٹریٹجک بساط پر اثر انداز ہو سکتا ہے بلکہ پاکستان کے لیے بھی نئے امکانات کھول رہا ہے۔ یہ نیا رخ سب سے پہلے کرکٹ ڈپلومیسی کے ذریعے واضح ہوا۔ پاکستان نے اپنے قومی مفادات کو رسک پر رکھتے ہوئے اور ICC میں موجود طاقتور گروپوں کے دباو کی پرواہ کیے بغیر، بنگلہ دیش کے حق میں کھڑا ہونا اور اسے بڑے ٹورنامنٹس یا میزبانی دلوانا ایک واضح پیغام تھا۔ یہ محض کھیل نہیں بلکہ ایک سافٹ پاور اسٹریٹجی تھی، جس نے اسلام اباد کی نیت واضح کر دی کہ وہ ڈھاکہ کو تنہا نہیں چھوڑنا چاہتا۔ کرکٹ کے میدان میں شروع ہونے والی یہ سفارتی کوششیں اب حقیقتاً جنوبی ایشیا کی سیاست میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، اور پاکستان کے اثر و رسوخ کو دوبارہ بحال کرنے کا پہلا قدم ثابت ہوئی ہیں۔ حسینہ واجد کے دور میں صورتحال مختلف تھی۔ اس وقت وہ پاکستان کو اپنا دشمن گردانتی تھیں، اور دونوں ممالک کے تعلقات شدید سرد مہری اور سفارتی ڈیڈ لاک کا شکار تھے۔ فلائٹس کی پابندیاں، اعلیٰ سطحی دوروں کی کمی اور سرحدی مسائل نے تعلقات کو محدود اور کشیدہ کر دیا تھا۔ بھارت کی بڑھتی ہوئی قربت کے سبب ڈھاکہ کی خارجہ پالیسی پاکستان کے خلاف مائل رہی۔ اس دور میں پاکستان کے لیے نہ صرف سفارتی بلکہ جذباتی سطح پر بھی بہت سی مشکلات پیدا ہوئیں۔ لیکن موجودہ سیاسی ماحول نے صورتحال بدل دی ہے۔ بنگلہ دیشی عوام نے ووٹنگ کے ذریعے یہ واضح کیا کہ وہ پاکستان کے ساتھ مکمل بائیکاٹ کے بیانیے کو کسی بھی صورت قبول کرنے پر امادہ نہیں ہیں۔ عوامی رائے میں ابھی بھی پاکستان کے ساتھ محبت اور تاریخی تعلقات کی قدر موجود ہے۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان سفارتی دروازے دوبارہ کھل گئے ہیں اور حالیہ انقلاب کے بعد عبوری حکومت نے پاکستان کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کے لیے مثبت اشارے دیے۔ یہ تاریخی تسلسل ضیاء الرحمٰن، خالدہ ضیاء اور طارق رحمان کی سیاست کے حوالے سے بھی قابلِ ذکر ہے۔ ضیاء الرحمٰن نے بنگلہ دیش کی خارجہ پالیسی کو بھارت پر مکمل انحصار سے نکال کر متوازن سمت دی، جبکہ خالدہ ضیاء کے دور میں پاکستان کے ساتھ نسبتاً بہتر روابط قائم رہے۔ اب طارق رحمان کے سیاسی بیانیے میں پاکستان سے نظریاتی اور تاریخی قربت کی عکاسی دیکھی جا سکتی ہے، اور یہ واضح کرتا ہے کہ وہ دوقومی نظریے اور تاریخی تعلقات کی اہمیت کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔ اگرچہ یہ دعوے کبھی بھی جغرافیائی یا سیاسی انضمام کے حقیقی امکانات نہیں رکھتے، مگر یہ پاکستان کے لیے سفارتی اور نظریاتی فائدہ فراہم کرتے ہیں۔ حسینہ واجد کی سیاسی تنزلی اور بھارت کے طویل المدتی مفاد پسندی کے بعد بنگلہ دیش میں ووٹ کے ذریعے انے والی تبدیلی نہ صرف عوام کی حقیقی جمہوری فتح کی عکاس ہے بلکہ بھارت کی برسوں کی سرمایہ کاری کو بھی سمندر میں بہا دیا ہے۔ 1971ء میں سابق بھارتی وزیر اعظم اندرا گاندھی کا وہ خود اعتماد بیانیہ کہ "ہم نے دوقومی نظریہ بحر ہند میں ڈبو دیا" اج حقیقت کے سامنے زمین بوس ہو چکا ہے۔ بنگلہ دیشی انتخابات نے واضح کر دیا ہے کہ دوقومی نظریہ اج بھی زندہ ہے، تابندہ ہے اور وقت کی کسی بھی سازش سے ختم نہیں ہو سکتا۔ جو منصوبے، جو دباو، جو سیاسی کھیل بھارت نے طویل عرصے تک چلائے، وہ سب اس عوامی فیصلے کے اگے بے اثر ثابت ہوئے ہیں، اور اس نے ثابت کر دیا کہ تاریخ کے دھارے کو عوامی جمہوری قوت کبھی نہیں روک سکتی۔ اور نظریہ پر بننے والی قومیں کبھی اپنے نظریہ سے منحرف نہیں ہو سکتیں۔ رجیم چینج کے بعد پاکستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات میں نہ صرف سفارتی بلکہ دفاعی ڈائمینشن بھی نئی زندگی پا گئی ہے۔ پاکستان کے جوائنٹ چیف اف سٹاف کے ڈھاکہ دورے کے بعد دونوں ممالک نے دفاعی تربیت، اور مشترکہ ورکشاپس کے پروگرام اور معاہدے شروع کیے، جن کا مقصد صرف فوجی استعداد بڑھانا نہیں بلکہ خطے میں سٹریٹجک توازن قائم کرنا بھی ہے۔ بنگلہ دیش کی جغرافیائی پوزیشن اسے شمال مشرقی بھارت کی سیون سسٹرز کے قریب ایک حساس پل بنا دیتی ہے، اور اگر ضرورت پڑے تو اپنی رسائی یا تعاون کے ذریعے وہ بھارت کے شمال مشرقی علاقوں میں اثر و رسوخ کو متوازن کرنے کا کردار ادا کر سکتا ہے۔ چین کی بڑھتی ہوئی سرمایہ کاری اور پاکستان کے ساتھ مشترکہ وینچر اس عمل کو مزید مضبوط بناتے ہیں، اور اس کے ساتھ ہی یہ واضح پیغام بھی جاتا ہے کہ جنوبی ایشیا کی طاقت اور رسائی اب صرف ایک ملک کے ہاتھ میں نہیں

دہشت گردی: انسداد سے تدارک تک

عتیق انور راجہ

ہوم ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیرِ اہتمام 'پرتشدد انتہا پسندی کی روک تھام کے عالمی دن' کی مناسبت سے اہم نشست کا انعقاد ایک ایسے وقت میں ہوا جب دنیا بھر میں نظریاتی جنگیں سرحدوں سے نکل کر انسانی ذہنوں میں لڑی جا رہی ہیں۔ ڈپٹی کوارڈی نیٹر ڈاکٹر احمد خاور شہزاد کی دعوت پر مقامی ہوٹل میں منعقدہ اس نشست میں شرکت کرنے پہنچا تو پالیسی سازوں، سکیورٹی حکام، دانشوروں اور علمائے کرام کا ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا ہونا اس احساس کو جلا بخش رہا تھا کہ اب ریاست 'سافٹ پاور' کی اہمیت کو تسلیم کر چکی ہے۔ چیف کوارڈی نیٹر غلام صغیر شاہد کے استقبالیہ خطبے نے تقریب کو مکالماتی سمت میں موڑ دیا۔ انھوں نے اپنی گفتگو میں اس بنیادی نکتے پر زور دیا کہ 'پنجاب سنٹر اف ایکسیلنس ان کاونٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریزم' کا قیام اس لیے عمل میں لایا گیا ہے تاکہ ہم ایک ایسا علمی اور تحقیقی مرکز قائم کر سکیں جو معاشرے میں موجود فکری کجی کا سائنسی بنیادوں پر علاج کر سکے۔ انھوں نے شرکاء کو باور کرایا کہ ہوم ڈیپارٹمنٹ اب صرف لا اینڈ ارڈر کا ادارہ نہیں رہا بلکہ یہ سماجی اصلاح اور فکری ابیاری کے ایک نئے دور میں داخل ہو رہا ہے۔ ریاست نے یہ نکتہ سمجھ لیا ہے کہ انتہا پسندی محض امن و امان کا مسئلہ نہیں بلکہ ایک ذہنی رویہ ہے جسے صرف طاقت کے بل بوتے پر نہیں بلکہ حکمت، ہنر اور ثقافتی ہتھیاروں سے شکست دی جا سکتی ہے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے مدلل اور مکالماتی انداز میں واضح کیا کہ دہشت گردی کے اسباب کا خاتمہ ہی اصل کامیابی ہے۔ انھوں نے تقریب کے دوران ریاستی بیانیے اور عوامی رویوں کے درمیان موجود خلیج پر سیر حاصل گفتگو کی۔ موصوف کے خطاب کا لب لباب یہ تھا کہ ہمیں کاونٹر ٹیررازم سے اگے بڑھ کر پریوینشن (تدارک) کی طرف انا ہوگا، اور یہ تدارک صرف تب ممکن ہے جب معاشرے میں عدل، احترام

اصلاح کا آغاز اپنی ذات کریں

مفتی مسعود احمد ربانی

تاریخ کا مطالعہ اس حقیقت کو واضح کرتا ہے کہ قوموں کے عروج و زوال کا انحصار افراد کے کردار پر ہوتا ہے۔ بعثتِ نبوی سے قبل عرب معاشرہ اخلاقی، معاشرتی اور فکری انحطاط کا شکار تھا۔ شجاعت، سخاوت اور فصاحت جیسی خوبیاں موجود تھیں، مگر صحیح رہنمائی نہ ہونے کے باعث یہی صفات منفی رخ اختیار کر چکی تھیں۔ بت پرستی اور باہمی عداوت نے معاشرے کو کھوکھلا کر دیا تھا۔ ایسے حالات میں نبی کریم ؟ نے تیرہ برس کی مکی زندگی میں ایک ایسی جماعت تیار کی جس نے دنیا کی تاریخ کا رخ موڑ دیا۔ یہ وہ لوگ تھے جو بظاہر عام تھے، مگر تربیتِ نبوی ؟ نے انہیں غیر معمولی بنا دیا۔ یہی راز ہے کہ محدود وسائل رکھنے والے افراد بعد ازاں عدل و انصاف کے علم بردار اور اخلاق و کردار کے مینار بن گئے۔ آج کا دور بھی کسی نہ کسی درجے میں فکری انتشار اور اخلاقی کمزوری کا شکار ہے۔ مادی ترقی کے باوجود انسان اندرونی سکون سے محروم دکھائی دیتا ہے۔ نوجوان نسل کو سمت کی ضرورت ہے، اور یہ سمت مضبوط شخصیت کے بغیر ممکن نہیں۔ شخصیت محض ظاہری وجاہت یا مالی وسائل کا نام نہیں؛ یہ نظریے، کردار اور طرزِ عمل کا مجموعہ ہے۔ تاریخ ہمیں یہ سبق بھی دیتی ہے کہ ظاہری کمی انسان کی ترقی میں رکاوٹ نہیں بنتی۔ فرانس کے مشہور سپہ سالار نپولین بونا پارٹ قد میں پست تھے، مگر عزم اور حکمتِ عملی نے انہیں دنیا کی بڑی طاقت بنا دیا۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ اصل قوت انسان کے ارادے اور کردار میں ہے۔ شخصیت سازی کے لیے ضروری ہے کہ انسان اپنے رب سے تعلق مضبوط کرے، اسوہ؟ حسنہ کو مشعلِ راہ بنائے، مثبت سوچ اپنائے، اخلاق کو سنوارے، خود احتسابی کو معمول بنائے اور مستقل مزاجی اختیار کرے۔ اجتماعی شعور اور ٹیم ورک بھی کامیابی کی رفتار کو تیز کرتے ہیں۔ یہی وہ اوصاف ہیں جو ایک فرد کو معاشرے کے لیے مفید اور قوم کے لیے سرمایہ بنا دیتے ہیں۔ والدین اور اساتذہ پر بھی بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ نئی نسل کی کردار سازی پر خصوصی توجہ دیں۔ بچے جس ماحول میں پرورش پاتے ہیں، وہی ماحول ان کی شخصیت پر نقش چھوڑتا ہے۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہماری آنے والی نسل باوقار، بااعتماد اور باکردار ہو تو ہمیں گھروں اور درسگاہوں میں تربیت کے معیار کو بلند کرنا ہوگا۔ آخر میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ شخصیت سازی کوئی وقتی مہم نہیں بلکہ ایک مسلسل عمل ہے۔ جب فرد سنورتا ہے تو معاشرہ سنورتا ہے، اور جب معاشرہ سنورتا ہے تو قوموں کی تقدیر بدلتی ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اصلاح کا آغاز اپنی ذات سے کریں، تاکہ ایک ایسا معاشرہ تشکیل پا سکے جو ایمان، علم اور کردار کی روشنی سے جگمگاتا ہو۔

استقبالِ رمضان

تحریر: ڈاکٹر فضیلت بانو

رمضان المبارک اسلامی سال کا وہ مقدس مہینہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے عبادت، تقویٰ اور روحانی تربیت کے لیے منتخب فرمایا۔ اس مہینے کا استقبال محض ظاہری تیاری کا نام نہیں بلکہ قلب و باطن کی اصلاح، نیت کی درستی اور عملی منصوبہ بندی کا تقاضا کرتا ہے۔ قرآنِ مجید اور احادیثِ نبوی میں رمضان کی فضیلت، اس کی برکتوں اور اس سے صحیح طور پر فائدہ اٹھانے کے اصول واضح طور پر بیان ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: (البقرہ: 183) اس آیت میں روزے کا بنیادی مقصد تقویٰ قرار دیا گیا ہے۔ گویا رمضان کا استقبال اس نیت سے ہونا چاہیے کہ ہم اپنے اندر اللہ کا خوف، جواب دہی کا احساس اور گناہوں سے بچنے کی قوت پیدا کریں۔ مزید فرمایا: (البقرہ: 185) یہ وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل ہوا۔ اس لیے رمضان دراصل قرآن سے تعلق مضبوط کرنے کا مہینہ ہے۔ استقبالِ رمضان کا اہم پہلو یہ ہے کہ ہم قرآن فہمی، تلاوت اور تدبر کا عملی منصوبہ بنائیں۔ احادیثِ نبوی میں رمضان کی فضیلت اس طرح بیان کی گئی ہے Sahih Bukhari-al اور Sahih Muslim میں حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا "جب رمضان آتا ہے تو جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں، جہنم کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں اور شیاطین کو جکڑ دیا جاتا ہے۔" اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ رمضان رحمتوں اور مغفرت کا خصوصی موسم ہے۔ اس کا استقبال خوشی، شکر اور امید کے ساتھ کرنا چاہیے۔ ایک اور حدیث میں آپ نے فرمایا: "جس نے ایمان اور احتساب کے ساتھ رمضان کے روزے رکھے، اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔" یہاں "ایمان و احتساب" اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ رمضان کی عبادات محض رسم نہیں بلکہ اخلاص اور اجر کی امید کے ساتھ ہونی چاہئیں۔ استقبالِ رمضان کے عملی تقاضے یہ ہیں کہ رمضان سے قبل اپنے گناہوں پر سچی توبہ کرنا اور دل کو کینہ، حسد اور بغض سے پاک کرنا ضروری ہے۔ صاف دل کے ساتھ رمضان میں داخل ہونا ہی اصل تیاری ہے۔ نبی کریم شعبان میں کثرت روزہ رکھتے تھے تاکہ رمضان کی تیاری ہو سکے۔ اس سے سبق ملتا ہے کہ ہمیں بھی عبادات کا تسلسل پہلے سے شروع کر دینا چاہیے۔ رمضان میں قرآن کی تلاوت، ترجمہ اور تفسیر کا اہتمام کیا جائے۔ کوشش ہو کہ روزانہ مخصوص وقت مقرر کر کے باقاعدگی اختیار کی جائے۔ تراویح اور تہجد کا اہتمام رمضان کی نمایاں عبادات میں شامل ہے۔ گھر اور مسجد دونوں جگہ خشوع و خضوع کے ساتھ قیام کیا جائے۔ رمضان ہمدردی اور ایثار کا مہینہ ہے۔ نبی اکرم اس مہینے میں سب سے زیادہ سخی ہو جاتے تھے۔ لہٰذا محتاجوں، یتیموں اور ضرورت مندوں کی مدد کو ترجیح دی جائے۔ رمضان فرد کی اصلاح کے ساتھ معاشرتی اصلاح کا بھی ذریعہ ہے۔ روزہ ہمیں صبر، برداشت اور دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنا سکھاتا ہے۔ اگر ہم جھوٹ، غیبت اور بداخلاقی سے نہ بچیں تو روزے کا مقصد فوت ہو جاتا ہے۔ حدیث میں ہے: "جس نے جھوٹ بولنا اور اس پر عمل کرنا نہ چھوڑا تو اللہ کو اس کے بھوکا پیاسا رہنے کی کوئی ضرورت نہیں۔" یہ تعلیم ہمیں یاد دلاتی ہے کہ استقبالِ رمضان اخلاقی اصلاح کے عزم کے ساتھ ہونا چاہیے۔ رمضان میں خواتین گھر کی ذمہ داریوں کے ساتھ عبادت کا خصوصی اہتمام کرتی ہیں۔ ضروری ہے کہ وہ اپنی عبادت کے لیے بھی وقت مقرر کریں اور گھر کے افراد باہمی تعاون کا ماحول پیدا کریں تاکہ سب اس مہینے کی برکتوں سے مستفید ہو سکیں۔ استقبالِ رمضان دراصل دل کی بیداری، نیت کی درستی اور عمل کی تیاری کا نام ہے۔ یہ مہینہ سال میں ایک بار آتا ہے اور کامیاب وہی ہیں جو اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں رمضان المبارک کا صحیح استقبال کرنے، اس کی قدر کرنے اور اس کی برکتوں سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

پنجاب پولیس کا نیا سربراہ

شاہد قادر

پنجاب پولیس کے نئے انسپکٹر جنرل ڈاکٹر راو عبدالکریم اپنے عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد برق رفتاری سے اپنے فرائض منصبی سر انجام دے رہے ہیں۔ پنجاب پولیس کے نئے سربراہ ڈاکٹر راو عبدالکریم نیا یک ایسے وقت میں اپنے نئے عہدے کا چارج سنبھالا جب پنجاب بھر میں دو عشروں کی پابندی کے بعد بسنت فیسٹول ہونے جا رہا تھا۔ اور اس موقع پر امن و امان کا قیام کسی بڑے چیلنج سے کم نہ تھا۔ اور یہ ایک طرح سے ان کی خداداد صلاحیتوں کا امتحان بھی تھا جس میں وہ سرخرو ٹھہرے ہیں۔ راو عبدالکریم پولیس سروس اف پاکستان کے 24 ویں کامن کے افسر ہیں اور ان کا شمار پولیس کے منجھے ہوئے تجربہ کار اور بہترین پروفیشنل افسران میں ہوتا ہے۔ وہ پاکستان پولیس سروس کے طویل عملی پس منظر رکھنے والے افسر سمجھے جاتے ہیں۔ وہ اپنے شاندار کیریئر میں متعدد اہم عہدوں پر کام کر چکے ہیں، جن میں ایڈیشنل آئی جی پی ایچ پی، کمانڈنٹ پی سی، ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب، آر پی او گوجرانوالا، اور ڈی آئی جی ٹیلی کمیونیکیشن شامل ہیں۔ راو عبدالکریم نے 1996 میں بطور اے ایس پی پولیس سروس پاکستان جوائن کی۔ اپنے کیریئر کے آغاز میں انھوں نے وفاقی تفتیشی ایجنسی میں امیگریشن کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کیا، جہاں انھوں نے سرحدی انتظام اور امیگریشن کے معاملات نمٹائے۔ راو عبدالکریم نے اے ایس پی یو ٹی سکھر، ایس ڈی پی او سکھر سٹی، لطیف اباد حیدرآباد، چنیوٹ کے عہدوں پر فرائض سر انجام دیے۔ انہوں نے بطور ایس پی گوجرانوالا، لاہور اور شیخوپورہ خدمات انجام دیں، راو عبدالکریم بطور ڈی پی او میانوالی، قصور اور جھنگ میں بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ پنجاب کانسٹیلری کے کمانڈنٹ، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پنجاب ہائی وے پٹرول اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل اسپیشل برانچ پنجاب کے عہدوں پر بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ ان ذمہ داریوں کے دوران انہوں نے سکیورٹی، انٹیلی جنس اور شاہراہوں کی نگرانی جیسے اہم معاملات کو بھی سنبھالا۔ ڈاکٹر راو عبدالکریم نے 1996 میں پولیس سروس جوائن کی اور تقریباً تین دہائیوں پر محیط کیریئر کے دوران سندھ اور پنجاب کے مختلف اہم اضلاع اور محکموں میں خدمات انجام دیں۔ ڈاکٹر راو عبدالکریم نے اپنے عملی کیریئر کا اغاز اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس کے طور پر سکھر میں کیا۔ بعد ازاں انہیں سکھر سٹی میں سب ڈویژنل پولیس افیسر تعینات کیا گیا، جبکہ سندھ کے علاقے لطیف اباد میں بھی وہ سب ڈویژنل پولیس افیسر کے طور پر فرائض انجام دیتے رہے۔ پنجاب میں تعیناتی کے دوران وہ چنیوٹ میں سب ڈویژنل پولیس افیسر کے عہدے پر فائز رہے۔ انہوں نے گوجرانوالہ، لاہور اور شیخوپورہ میں سپرنٹنڈنٹ پولیس کے طور پر ذمہ داریاں نبھائیں، جہاں امن و امان، جرائم کی روک تھام اور پولیس نظم و نسق سے متعلق امور کی نگرانی ان کی ذمہ داریوں میں شامل رہی۔ بعد ازاں انہیں ضلع میانوالی، قصور اور جھنگ میں بطور ڈسٹرکٹ پولیس افیسر تعینات کیا گیا، وہ ریجنل پولیس افیسر گوجرانوالہ بھی رہے۔ جہاں انہوں نے فیلڈ پولیسنگ کا وسیع تجربہ حاصل کیا۔ وہ جہاں بھی گئے ایک داستان چھوڑ آئے لوگ اج بھی انہیں یاد کرتے ہیں اور دل سے دعا دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ اعلیٰ سطح پر انہیں ڈپٹی انسپکٹر جنرل ٹیلی کمیونیکیشن کے عہدے پر خدمات انجام دینے کا موقع بھی ملا، ڈاکٹر راو عبدالکریم نے ڈپٹی انسپکٹر جنرل ٹریفک پنجاب کے طور پر صوبے بھر میں ٹریفک مینجمنٹ اور اصلاحات سے متعلق امور کی نگرانی کی۔ اب وزیراعلیٰ پنجاب نیصوبے میں پولیس اصلاحات کیلئے تین ماہ کی ٹائم لائن مقرر کردی ہے۔ تھانے کے باہر پولیس سے متعلق شکایات کے ازالے کے لئے چیک بٹن نصب کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انویسٹی گیشن کی ویڈیو اور اڈیو ریکاڈنگ کرنے کا بھی اصولی فیصلہ ہوگیا ہے۔ پنجاب بھر میں ایف ائی ار کیلئے ان لائن ٹریکنگ سسٹم متعارف کرنے کا فیصلہ بھی ہوا ہے۔ وزیراعلیٰ نے پولیس کو ہر شہری کو سر کہہ کر پکارنے کا حکم دیا ہے۔ پولیس سے متعلق چھوٹی چھوٹی شکایات دو تین گھنٹے کے اندر حل کر کے ازالہ کرنے کا حکم بھی دے دیا گیا۔ ہر پولیس سٹیشن کے 10 اہلکاروں پر باڈی کیم نصب کیے جائیں گے۔ باڈی کیم کے لئے فنڈز کی منظوری بھی دے دی گئی ہے۔ پنجاب بھر میں 14 ہزار باڈی کیم اور 700 پینک بٹن لگائے جائیں گے، کاغذات اور شناختی کارڈ کی گمشدگی کی ایف ائی ار ان لائن درج کرانے کا سسٹم متعارف کرایا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ نے ائی جی اور دیگر پولیس افسروں کو خود فون کر کے عوامی فیڈ بیک لینے کا کہا ہے۔ لاہور سمیت پنجاب میں ٹریفک کو لین میں چلنے کا پابند بنانے کی ہدایت کردی گئی ہے۔ ضلعی انتظامیہ، سی اینڈ ڈبلیو اور ٹیپا کو لین مارکنگ کی ہدایت دیدی گئی ہے۔ لوگوں کو سڑک عبور کرنے کے طریقے کار سے اگاہی کا حکم دیا گیا ہے، صوبہ پنجاب میں ٹریفک پولیس ون ایپ اور سیف سٹی مانیٹرنگ ایپ کا بھی اغاز ہونے جا رہا ہے، وزیراعلیٰ نے پولیس اصلاحات کا جامع پلان طلب کرلیا ہے۔ ایف ائی ار کے اندارج کیلئے پولیس پانچ سوال کر سکے گی۔ پنجاب کے کرائم میں مجموعی طور پر 8 4 فیصد اور بڑے جرائم میں 80 فیصد تک کمی نوٹ کی گئی۔ 80 منٹ میں رسپانس ٹائم دینے سے منفی فیڈ بیک کم ہوا۔ ساہیوال اور گجرات جیسے شہروں میں بڑے جرائم کی کال نہ ہونے کے برابر ہے۔ ڈاکٹر راو عبدالکریم کی بطور ائی جی پنجاب تعیناتی سے پولیسنگ کے نظام میں نظم و ضبط، پیشہ ورانہ صلاحیت اور ادارہ جاتی بہتری کی توقع کی جا رہی ہے، کیونکہ وہ فیلڈ، انتظامی اور انٹیلی جنس تینوں شعبوں میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ وہ اس سے قبل ایڈیشنل ائی جی اسپیشل برانچ پنجاب کے طور پر خدمات انجام دے رہے تھے۔ یہ محکمہ انٹیلی جنس اور داخلی سلامتی کا ذمہ دار ہے۔ ائی جی پنجاب پولیس راو عبدالکریم نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ اور انکی بے لوث خدمت میری اولین ترجیح ہے۔ شہریوں میں احساسِ تحفظ کی فضا کو اجاگر کرتے ہوئے پبلک ارڈر کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا، دہشتگردی، ملک دشمن عناصر کیخلاف اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے گا، ائین کی حکمرانی اور قانون کی مکمل پاسداری ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔ بلاشبہ وہ گفتار کیساتھ ساتھ کردار کے بھی غازی ہیں۔ میری دلی دعا کہ اللہ پاک ان کو ثابت قدم رکھے اور استقامت دے تاکہ وہ صوبہ پنجاب کے عوام کی بھرپور خدمت کرسکیں۔

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دہ پیش رفت، درپیش چیلنجز اور متوقع تکمیل کے اوقات کے حوالے سے سیکرٹری کو جامع بریفنگ دی سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے ہدایت کی کہ تمام جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں مزید تیزی اور معیار میں بہتری لائی جائے تاکہ عوام کو جلد از جلد سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام منصوبے نہایت اہمیت کے حامل ہیں اور ان کی بروقت تکمیل سے شہر میں ٹریفک کے مسائل میں کمی آئے گی اور شہریوں کو نمایاں ریلیف ملے گا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو سختی سے تاکید کی کہ کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور مقررہ مدت کے اندر منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے اعلان کیا کہ وہ جاری ترقیاتی منصوبوں کا ہر پندرہ روز بعد خود دورہ کریں گے تاکہ پیش رفت کا مسلسل جائزہ لیا جاسکے انہوں نے کہا کہ اگر آئندہ دوروں کے دوران منصوبوں میں خاطر خواہ پیش رفت دیکھنے میں نہ آئی تو متعلقہ انجینئر افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی شہری حلقوں نے سیکرٹری کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ مسلسل نگرانی کے باعث منصوبوں کی بروقت تکمیل ممکن ہو سکے گی اور شہر کی انفراسٹرکچر صورتحال میں واضح بہتری آئے گی

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے تمام انتظامی افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے سب ڈویژنز میں پرائس کنٹرول کارروائیوں کو موثر اور مسلسل بنائیں اور خود فیلڈ میں موجود رہ کر نگرانی یقینی بنائیں۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں عوام کو ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے اور منافع خوروں کے خلاف سخت کاروائی کی جائیگی۔ کسی کو بھی ماہ رمضان میں منافع خوری کرنے نہیں دیگے

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دری کو (بروز منگل) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv سریاب ون، سریاب ٹو، واسا، سمنگلی ایکسپریس، انڈسٹریل، اے ون سٹی اور سرکی روڈ فیڈرز سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند ہوگی نیز شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ویسٹرن بائی پاس، جبل نور، دوتین، خروٹ آباد فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے جناح ٹاؤن، شہباز ٹاؤن، ملک پلاٹ اور بروری، عالم خان، نواں کلی، اولڈ سمنگلی، انٹرکنٹیکٹر، مالک فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہیگی۔ اسکے علاوہ 17 فروری کے روز 220kv انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے شاہنواز، سریاب مل، شموزئی، ایف سی ایس، اولڈ اور نیو میاں غنڈی فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہیگی۔ علاوہ ازیں مختلف ٹرانسمیشن لائنز اور گرڈ اسٹیشنوں پر ٹیسٹنگ اور مرمتی کاموں کے سلسلے میں 17 فروری کو 132kv زرغون گرڈ اسٹیشن کے 11kv صاحبزادہ کاریز، زرغون ون، عسکری ٹو، زرغون ٹو فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے جبکہ اسی روز صحبت پور گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے دلی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اور گوادر میں بھی طوفانی ہواؤں اور بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور محفوظ رہیں۔ درجہ حرارت میں بھی واضح کمی دیکھی گئی ہے: کوئٹہ میں کم از کم 3، زیارت میں 2، ژوب میں 5، سبی میں 13 اور تربت میں 15 ڈگری ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ گوادر اور جیوانی میں کم از کم درجہ حرارت 13 اور 15 ڈگری کے درمیان رہنے کا امکان ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش اور کم درجہ حرارت کے اثرات فصلوں، گھروں اور ٹرانسپورٹ پر پڑ سکتے ہیں، اس لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ضروری ہے۔ شہریوں کو چاہیے کہ موسم کی تازہ ترین اپ ڈیٹس پر نظر رکھیں اور ضرورت نہ ہونے پر سفر موخر کریں

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دیں تاکہ ان پر فوری عملدرآمد یقینی بنایا جائے جبکہ مڈ ٹرم اور لانگ ٹرم منصوبوں میں مستقبل کی ضرورت، وسائل اور مسائل کو مدنظر رکھ کر بنایا جائے۔ مرکزی شہر میں رش اور کاروباری دباؤ کم کرنے کیلئے شہر سے باہر متبادل مراکز قائم کرنے کے لیے منصوبہ بندی کیا جائے۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ایک جامع ماسٹر پلان کے ذریعے کوئٹہ شہر کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا، جس سے شہری سہولیات میں بہتری، منظم توسیع، اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف شہر کی موجودہ ضروریات کو پورا کرے گا بلکہ مستقبل میں بڑھتی ہوئی آبادی اور شہری دباؤ سے نمٹنے میں بھی مددگار ثابت ہوگا

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کو ہدایت کی کہ شجرکاری مہم کو موثر اور منظم کوئٹہ 16 فروری۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت کوئٹہ میں شجرکاری مہم اور پودے لگانے کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر)جنرل (کوئٹہ محمد انور کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو کوئٹہ حافظ محمد طارق، محکمہ جنگلات کے افسران، روٹری کلب اور کوئٹہ آن لائن کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ کوئٹہ کی تمام مرکزی شاہراہوں، تعلیمی اداروں اور دیگر اہم مقامات پر بھرپور انداز میں شجرکاری مہم چلائی جائے گی۔ اس ضمن میں مختلف اداروں کے مابین باہمی تعاون کو فروغ دینے پر بھی اتفاق کیا گیا تاکہ زیادہ سے زیادہ پودے لگا کر شہر کو سرسبز بنایا جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے کہا کہ کوئٹہ کی خوبصورتی کو نکھارنا اور ماحول کو صاف و شفاف رکھنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ شجرکاری مہم کو موثر اور منظم انداز میں جاری رکھا جائے اور لگائے گئے پودوں کی دیکھ بھال کو بھی یقینی بنایا جائے۔ ضلعی انتظامیہ نے شہریوں، طلبہ اور سماجی تنظیموں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے شہر کو سرسبز و شاداب بنانے میں اپنا کردار ادا کریں

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے کا خدشہ ہے، جبکہ چاغی کے دیگر مختلف علاقوں میں بھی بادل برس رہے ہیں۔ شہریوں کو محتاط رہنے اور غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے اس دوران عوام کو ریلیف فراہم کرنا انتظامیہ اور تاجر برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے ہدایت کی کہ سرکاری نرخنامہ نمایاں جگہوں پر آویزاں کیا جائے اور گرانفروشی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اجلاس میں تاجروں نے بھی انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ عوام کو معیاری اور مناسب نرخوں پر اشیاء خوردونوش کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر بھاگ نے کہا کہ انتظامیہ کی جانب سے رمضان المبارک کے دوران بازاروں کی باقاعدہ نگرانی کی جائے گی اور خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں ہماری کمنٹ ہے کہ عوام کو زندگی کی تمام بنیادی ضروریات کی فراہمی ممکن ہو سکے انہوں نے کہا کہ تعلیم صحت اور زندگی کی تمام شعبہ جات کی فعالیت کے لیے بھرپور اقدامات کئے جا رہے ہیں ضلع زیارت میں جرائم پیشہ افراد کا قلع قمع کر کے ضلع زیارت کو امن و امان کی راہ پر گامزن کردیا ہے انفراسٹرکچر کی بہتر کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ ہر فورم پر اپنے مسائل کی نشاندہی کریں ہم پوری کمنٹ سے ان کے مسائل حل کریں گے انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری کا اصل مقصد عوام کے مسائل کو ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے حکومت آف بلوچستان کے واضح احکامات ہے کہ عوام کے مسائل حل کئے جائیں اور عوام کو زندگی کی تمام سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کئے جائیں ان کو ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے عوام کے مسائل کا ادراک ہے انہوں نے کہا کہ عوام کو تعلیم صحت اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جبکہ باقی کام بند پڑا ہے۔ علاقہ مکینوں نے بتایا کہ توگلی تا سبدان روڈ کی انتہائی خستہ حالی بشولی، نور محمد بازار، بشولیگ، گور پاگ، کہدہ کنر بازار، اللہ داد بازار، پیرانی بست، ڈنڈار اور گردونواح کے دیہات میں مشکلات میں اضافہ کر رہی ہے۔ شکروں سے آگے سڑک ناقابل سفر ہو چکی ہے، جس کے باعث گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور پیدل چلنے والوں کو شدید اذیت کا سامنا ہے۔ مقامی افراد نے کہا کہ خراب سڑک کے باعث روزمرہ معمولات بری طرح متاثر ہیں، شہری صحت، تعلیم، تجارت اور خاندانی روابط کے لیے آمدورفت میں دشواری کا شکار ہیں جبکہ شہر تربت جانے میں بھی مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ زچہ بچہ یا دیگر ایمرجنسی کی صورت میں مریضوں کو اسپتال منتقل کرنا تقریباً ناممکن ہو گیا ہے، جس کے باعث قیمتی جانوں کے ضیاع کے واقعات بھی پیش آ چکے ہیں۔ متعلقہ محکمہ کے مطابق سیکیورٹی حالات کے پیش نظر ٹھیکیدار نے عارضی طور پر کام روک دیا ہے، تاہم حکام نے ٹھیکیدار کو دوبارہ کام مکمل کرنے کی ہدایت دینے کا عندیہ دیا ہے۔ علاقہ مکینوں نے رکن قومی اسمبلی، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری معتبر حاجی برکت رند، کمشنر مکران، ڈپٹی کمشنر کیچ، ایکسین، سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری نوٹس لے کر سڑک کی تعمیر مکمل کی جائے تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہو سکے

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اور صرف میرٹ پر پورا اترنے والے ٹھیکیداروں کو منصوبے الاٹ کیے جائیں گے۔ ضلعی انتظامیہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا تاکہ عوام کو بہتر سہولیات فراہم کی جاسکیں

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ایوبی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ رمضان المبارک صبر بھائی چارے اور باہمی ہمدردی ایک دوسرے کے دکھ درد کو محسوس کرنے کمزور طبقے کا سہارا بننے اور معاشرے میں رحمت و شفقت کو فروغ دینے کا درس دیتا ہے انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے دوران مہنگائی میں اضافہ کرنا اسلامی تعلیمات اور انسانی اقدار کے سراسر خلاف ہے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ تمام تاجروں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اعتدال رکھیں انہوں نے عوام الناس سے اپیل کی کہ وہ صبر برداشت اور بھائی چارے کو اپنا شعار بنائیں اور رمضان المبارک کی برکتوں سے بھرپور فائدہ اٹھائیں

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اسلام مری نے بتایا کہ دو ماہ قبل شہر کے گنجان ترین علاقے مری پل کے قریب مسلح جرائم پیشہ عناصر نے ان کی سی ڈی موٹر سائیکل اور 65 ہزار روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے۔ واقعے کی ایف آئی آر درج ہونے کے باوجود موٹر سائیکل برآمد نہیں ہو سکی۔ عبدالسلام مری نے کہا کہ اوستہ محمد کے شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں اور گن پوائنٹ پر چھینا اور لوٹ مار روز کا معمول بن چکا ہے۔ انہوں نے آئی جی پولیس بلوچستان، ڈی آئی جی نصیر آباد اور ایس پی اوستہ محمد غلام حسین باجوئی سے اپیل کی کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرتے ہوئے چھینی گئی موٹر سائیکلیں فوری طور پر برآمد کی جائیں

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

منعقد ہوا جس میں شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین میر محمد رحیم لہڑی، انجمن تاجران کے صدر تاج بلوچ، اقلیتی رہنماؤں تارا چند اور سول میر جان مینگل سمیت مختلف یونینز کے صدور اور معززین نے شرکت کی۔ اجلاس میں اشیاء خوردونوش کی قیمتوں، مارکیٹ کنٹرول اور سستے بازاروں کے قیام سے متعلق تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ نے کہا کہ ماہ صیام میں عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے تاجر برادری، انجمن تاجران اور ٹریڈ یونینز کو بھی بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سبزیوں، گوشت، دالوں، چاول اور دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام اور کمی کے لیے باہمی تعاون ناگزیر ہے تاکہ عوام کو مہنگائی کے بوجھ سے بچایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن)ر(

SPORTS صحافت سپورٹس

رکی پونٹنگ نے عثمان طارق کے بولنگ ایکشن پر اعتراض کرنیوالوں کو آڑے ہاتھوں لے لیا

بولر کے ایکشن پر اعتراض کرنے یا حیران ہونے کے بجائے اپنی تکنیک پر توجہ دیں' بلے بازوں کو مشورہ

کولمبو (آن لائن) آسٹریلیا کے سابق کپتان رکی پونٹنگ نے عثمان طارق کے بولنگ ایکشن پر اعتراض کرنیوالوں کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ آئی سی سی کے حالیہ پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے سابق آسٹریلوی کپتان رکی پونٹنگ نے عثمان طارق کے بولنگ کے دوران "رکنے" اور مخصوص انداز کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ اس میں کوئی ایسی چیز نہیں جو پہلے سے معلوم نہ ہو۔ آسٹریلیا کے سابق کپتان اور دنیائے کرکٹ کے عظیم بلے باز رکی پونٹنگ نے پاکستانی اسپنر عثمان طارق کے غیر روایتی بولنگ ایکشن پر جاری بحث میں بولر کا دفاع کیا ہے۔ انہوں نے بلے بازوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ بولر کے ایکشن پر اعتراض کرنے یا حیران ہونے کے بجائے اپنی تکنیک پر توجہ دیں۔ پونٹنگ نے آسٹریلوی آل راؤنڈر کیمرون گرین کے ردعمل پر مایوسی کا اظہار کیا، جو عثمان طارق کے خلاف آؤٹ ہونے کے بعد ان کے ایکشن کی نقل اتار رہے تھے۔ پونٹنگ کا کہنا تھا کہ جب آپ کو پتہ ہے کہ بولر کیسے گیند کرے گا، تو گراؤنڈ میں اس کا گلہ کرنا درست نہیں۔ پونٹنگ کے مطابق عثمان طارق کا ایکشن سب کے سامنے ہے، اس لیے بلے بازوں کو اس کے لیے ذہنی طور پر تیار رہنا چاہیے

بھارتی کھلاڑیوں کا ہینڈ شیک نہ کرنیکا فیصلہ احمقانہ ہے، سنجے منجریکر

تصدیق کی تھی کہ یہ فیصلہ بھارتی حکومت اور بی سی سی آئی کی پالیسی کے مطابق ہے

کولمبو (سی ایم لنکس) سابق بھارتی کرکٹر سنجے منجریکر نے کہا ہے کہ بھارتی کھلاڑیوں کا ہینڈ شیک نہ کرنیکا فیصلہ احمقانہ ہے۔ سابق بھارتی کرکٹر سنجے منجریکر نے ہینڈ شیک تنازع پر تنقید کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر لکھا کہ ہاتھ نہ ملانے کی یہ روایت ایک فضول چیز ہے جو بھارت نے شروع کی ہے۔ سابق بھارتی کرکٹر سنجے منجریکر کا کہنا تھا کہ یہ ہمارے جیسے ملک کے شایانِ شان نہیں ہے۔ یا تو کھیل کے جذبے کے ساتھ کھیلیں یا پھر بالکل نہ کھیلیں۔ دوسری جانب بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ کولمبو میں آج ہونے والے ٹی 20 ورلڈ کپ کے بڑے مقابلے میں پاکستان اور بھارت کے کھلاڑیوں کے درمیان ہاتھ نہ ملانے کی پالیسی برقرار رہنے کا امکان ہے۔ انڈین ایکسپریس کی ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان کے خلاف بھارت کی 'نو ہینڈ شیک پالیسی' میں کسی تبدیلی کی توقع نہیں ہے اور اس بات کا قوی امکان ہے کہ بھارتی کپتان سوریا کمار یادو ٹاس کے وقت یا میچ کے اختتام پر پاکستانی کپتان سلمان علی آغا سے ہاتھ نہیں ملائیں گے۔ گزشتہ روز آر پریماداسا اسٹیڈیم میں میچ سے قبل پریس کانفرنس کے دوران جب سوریا کمار یادو سے اس بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے مسکراتے ہوئے جواب دیا کہ "24 گھنٹے انتظار کریں'

چھٹی ایشین بیچ گیمز 22 اپریل سے چین میں شروع ہوگی

اسلام آباد (یو این پی) چھٹی ایشین بیچ گیمز 22 اپریل سے چین میں شروع ہوگی اور پاکستان گیمز میں اپنے ناکش کا دفاع کرے گا۔ پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد سرور رانا نے گیمز میں کبڈی کے ایونٹ میں تیرہ ممالک کی ٹیمیں حصہ لیں گی جن میں پاکستان سمیت بھارت، ایران، بنگلہ دیش، سری لنکا، نیپال، عراق، تائیوان، جاپان۔ کوریا، ملائیشیا، تھائی لینڈ اور انڈونیشیا شامل ہیں۔ چھٹی ایشین بیچ گیمز 22 سے 30 اپریل تک چین کے شہر سانیا میں کھیلی جائے گی۔ اس سلسلہ میں قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کا تربیتی کیمپ جاری ہے اور تربیتی کیمپ میں کھلاڑی وقار علی، محمد رمضان، فرحان علی، محمد ذوہیب نیاز، محمد جمشید، فرہان علی، عثمان احمد، عمیر خان، آفاق خان، مظہر اقبال، کاشف رزاق، عثمان غنی اور اسد علی حصہ لے رہے ہیں۔

سپارکو نے نیوی گیشن پوزیشننگ میں نئی تاریخ رقم کردی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپارکو نے نیوی گیشن پوزیشننگ میں نئی تاریخ رقم کردی۔ چولستان ریلی میں جدید ترین نیویگیشن سسٹم کامیابی سے لانچ کردیا گیا ہے۔ ترجمان سپارکو کے مطابق سپارکو کا جدید پاک ایس بی اے ایس نیویگیشن سسٹم متعارف کروایا گیا ہے۔ جس نے صحرا میں اعلیٰ درستی اور سگنل کی پائیداری کا مظاہرہ کیا، نئی ٹیکنالوجی سے مقام کے تعین میں عام سسٹم کے مقابلے نمایاں بہتری آئی، ریلی ڈرائیورز کو راستوں کی درست ٹریکنگ میں غیر معمولی فائدہ ہوا۔ پاک ایس بی اے ایس آفات کے دوران ریسکیو اور امدادی سرگرمیوں میں معاون ہوگا، ٹرانسپورٹ اور ہوا بازی میں محفوظ اور موثر نیویگیشن کی سہولت ملے گی

پہلی نیشنل چیف آف آرمی اسٹاف ریسلنگ چیمپئن شپ 2026 سیالکوٹ میں اختتام پذیر

سیالکوٹ (آن لائن) پہلی نیشنل چیف آف آرمی اسٹاف ریسلنگ چیمپئن شپ 2026 سیالکوٹ میں اختتام پذیر پہلی نیشنل چیف آف آرمی اسٹاف ریسلنگ چیمپئن شپ کے انڈر 17 اور انڈر 19 کے مقابلے سیالکوٹ میں کامیابی سے اختتام پذیر گوجرانوالہ کی ٹیم شیر پنجاب مجموعی طور پر چیمپئن قرار پائی جبکہ پشاور کی ٹیم خیبر فائٹرز نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی جنرل آفیسر کمانڈنگ نے کامیاب کھلاڑیوں میں میڈلز اور انعامات تقسیم کیے ملکی تاریخ میں پہلی بار قومی سطح پر انڈر 17 اور انڈر 19 کیٹیگریز شامل کرنا کھیلوں کے فروغ میں مثبت پیشرفت ہے فائنل میں سیالکوٹ سپورٹس اسٹیڈیم میں ڈسٹرکٹ، ڈویژن اور صوبائی سطح کے فاتح پہلوانوں سمیت عوام کی بڑی تعداد شریک ہوئیریسلرز نے پاکستان آرمی کے ٹیلنٹ پروموشن اقدامات پر اظہار تشکر کرتے ہوئے ایونٹ کے انعقاد کو سراہا اس موقع پر کھلاڑیوں نے کہا کہ! کامیاب ایونٹ کے انعقاد پر ہم عسکری قیادت کے بے حد مشکور ہیں

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی 19 سالہ تاریخ کا ریکارڈ ٹوٹنے کے قریب

کولمبو (آن لائن) ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 میں ایونٹ کی 19 سالہ تاریخ کا ریکارڈ ٹوٹنے کے قریب ہے۔ تفصیلات کے مطابق کولمبو کے سنہالیز اسپورٹس کلب میں کھیلے گئے میچ میں آئرلینڈ نے عمان کے خلاف 235 رنز بنا ڈالے۔ یہ رواں ایونٹ کا سب سے بڑا اور ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی تاریخ کا دوسرا بڑا مجموعی اسکور ہے۔ یہ اس ایونٹ کا پانچواں 200 سے زائد رنز کا مجموعہ بھی ہے۔ اس سے قبل 2007 کے افتتاحی ایڈیشن میں 5 مرتبہ 200 سے زائد رنز بنے تھے۔

آئی سی سی کا ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کا میڈیا سرگرمیوں اور میچز کا نظرثانی شدہ شیڈول جاری

کولمبو (سی ایم لنکس) آئی سی سی میز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 کے سلسلے میں (آج) اتوار 15 فروری کو مختلف شہروں میں اہم میچز اور میڈیا سرگرمیوں کا آئی سی سی کی طرف سے نظرثانی شدہ شیڈول جاری کردیا گیا۔ ممبئی کے وانکھیڈے اسٹیڈیم میں گروپ سی کا میچ ویسٹ انڈیز اور نیپال کے درمیان صبح 11 بجے شروع ہوگا۔ میچ کے اختتام کے تقریباً 15 منٹ بعد دونوں ٹیمیں میڈیا سے گفتگو کریں گی، جس میں روایتی طور پر پہلے شکست خوردہ ٹیم اور بعد میں فاتح ٹیم پریس کانفرنس کرے گی۔ نیپال کی ٹیم 17 فروری کو اسکاٹ لینڈ کے خلاف اپنے آئندہ میچ سے قبل پری میچ پریس کانفرنس بھی کرے گی، جس کی ایمبارگو ویڈیو اور ٹرانسکرپٹ مقامی وقت کے مطابق دوپہر 12 بجے آن لائن میڈیا زون پر دستیاب ہوگی۔ چینئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں گروپ اے کے میچ میں امریکا کا مقابلہ نمیبیا سے سہ پہر 3 بجے ہوگا۔ میچ کے بعد دونوں ٹیمیں تقریباً 15 منٹ بعد میڈیا سے بات کریں گی۔ کولمبو کے آر پریماداسا اسٹیڈیم میں روایتی حریفوں پاکستان اور بھارت کے درمیان گروپ اے کا بڑا مقابلہ شام 7 بجے شروع ہوگا۔ میچ کے بعد میڈیا اسٹیڈیم کے گیٹ نمبر 3 سے داخل ہوگا جبکہ دونوں ٹیموں کی پریس کانفرنس میچ کے اختتام کے تقریباً 15 منٹ بعد ہوگی۔

ویسٹ انڈیز کی ٹیم ٹی 20 ورلڈ کپ کے سپر ایٹ مرحلے میں پہنچ گئی

ممبئی (سی ایم لنکس) آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ میں ویسٹ انڈیز نے نیپال کو 9 وکٹوں سے ہرادیا۔ ممبئی میں کھیلے گئے میچ میں نیپال نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 133 رنز بنائے۔ ویسٹ انڈیز نے نیپال کی جانب سے دیا گیا 134 رنز کا ہدف 16 ویں اوور میں ایک وکٹ کے نقصان پر پورا کرلیا۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے جیسن ہولڈر نے شاندار بولنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا جبکہ بیٹنگ میں شائے ہوپ نے 61 اور شمرون ہیٹمیئر نے 46 رنز کی اننگز کھیلی۔

کرسٹیانو رونالڈو النصر کیلئے دوبارہ میدان میں، کلب کے ساتھ تنازع حل

انہوں نے اپنے کیریئر کو بڑھاتے ہوئے کلب کے ساتھ 2027ء تک کھیلنے کا معاہدہ کرلیا ہے

ریاض (سی ایم لنکس) پرتگال کے فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے آخرکار النصر کی اسٹارٹنگ لائن اپ میں واپسی کے بعد شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے الفتح کے خلاف گول کردیا۔ رونالڈو دو میچ میں غیر حاضری کے بعد دوبارہ کھیلنے آئے تھے، ایسا کلب کے ساتھ تنازع کی وجہ سے ہوا تھا۔ رونالڈو نے سابق ریئل میڈرڈ کے ساتھی کریم بینزیما کے حریف کلب الہلال میں سائننگ اور کلب کی ٹرانسفر پابندیوں پر عدم اطمینان کا اظہار کیا تھا۔ ان کا مؤقف تھا کہ ان کا کلب النصر مالی طور پر حریف کلب الہلال جتنا سپورٹ نہیں کررہا، حالانکہ دونوں کلب سعودی پبلک انویسٹمنٹ فنڈ (PIF) کے زیر ملکیت ہیں، پی آئی ایف نیوکاسل یونائیٹڈ کو بھی مالی طور پر سپورٹ فراہم کرتا ہے۔ متعدد رپورٹس کے مطابق اس ہفتے رونالڈو اور کلب کے درمیان مذاکرات ہوئے، جس میں اہم مسائل جیسے غیر ادا شدہ تنخواہیں اور النصر کے مینجمنٹ کو کلب کے فیصلوں میں زیادہ اختیار دینا حل کرلیے گئے

وسیم اکرم کو بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق معاملات پر تشویش

بانی پی ٹی آئی کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں، قوم کی دعائیں بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ہیں، بیان جاری

لاہور (آن لائن) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان وسیم اکرم نے بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق معاملات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں وسیم اکرم نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں، قوم کی دعائیں بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ہیں۔ وسیم اکرم نے کہا کہ امید ہے بانی پی ٹی آئی جلد صحت یاب ہوں گے۔ سابق کپتان پاکستان کرکٹ ٹیم وسیم اکرم نے بانی پی ٹی آئی کے لیے اعلیٰ طبی نگہداشت یقینی بنانے کی اپیل کی ہے

سوریا کمار یادیو کی عثمان طارق کے انداز میں بولنگ، ویڈیو وائرل

ہائی ووٹیج میچ سے پہلے پاکستانی اسپنر عثمان طارق کا بولنگ کروانے کا انداز خصوصی توجہ کا مرکز بن گیا

نئی دہلی (آن لائن) ٹی 20 ورلڈ کپ 2026ء میں روایتی حریفوں پاکستان اور بھارت کے درمیان آج کرکٹ کا سب سے بڑا مقابلہ کولمبو کے پریماداسا اسٹیڈیم میں ہونے والا ہے۔ اس ہائی ووٹیج میچ سے پہلے پاکستانی اسپنر عثمان طارق کا بولنگ کروانے کا انداز خصوصی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ بھارتی بیٹرز اور عثمان طارق کے انداز میں بولنگ کرواتے نظر آئے۔ سوریا کمار یادیو کی پاکستانی اسپنر عثمان طارق کے انداز میں بولنگ کرتے ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہے۔ بھارتی کپتان نے عثمان طارق کے منفرد بولنگ ایکشن کے بارے میں اپنی پریس کانفرنس میں کہا کہ دیکھیں کبھی کبھی عثمان طارق کے بولنگ کے منفرد انداز کی وجہ سے پریشان ہیں اس لیے اُنہوں نے نیٹ سیشن کے دوران پاکستانی اسپنر کے انداز کے بولرز کے سامنے پریکٹس بھی کی۔ یہاں تک کہ بھارتی ٹیم کے کپتان سوریا کمار یادیو نیٹ میں ٹریننگ کے دوران اپنی ٹیم کے بیٹرز کے لیے خود اسپنر بن گئے امتحان میں بھی کوئی سوال آتا ہے جو نصاب سے باہر ہوتا ہے اور ہم اس سوال کو چھوڑ نہیں سکتے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ ایسے سوال کا جواب دینے کے لیے تھوڑی محنت کرنی پڑتی ہے اور اپنے حساب سے کوئی طریقہ اپنانا ہوتا ہے، اس لیے ہم بھی ایسی ہی کوشش کررہے ہیں

صحافت شوبز

گوری خان کا کمال، 100 سال پرانے آبائی گھر کو لگژری ریزورٹ بنا دیا

گوری خان بچپن میں اپنے خاندان اور کزنز کے ساتھ کئی موسم گرما کی تعطیلات گزارہ کرتی تھیں

ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ کے سپر سٹار شاہ رخ خان کی اہلیہ اور انٹیریئر ڈیزائنر گوری خان نے اپنے 100 سال پرانے آبائی گھر کو لگژری ریزورٹ میں تبدیل کردیا جہاں ایک رات قیام کے چارجز 1 لاکھ 20 ہزار روپے تک ہوسکتے ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ گوری خان ایک سپر سٹار کی اہلیہ ہیں لیکن انہوں نے ہمیشہ اپنی انفرادی شناخت برقرار رکھی ہے، خاص طور پر اپنے پیشے کے طور پر انہوں نے انٹیریئر ڈیزائنر کا کام جاری رکھا اور کئی مشہور شخصیات کے گھروں کو خوبصورت بنایا۔

اکشے کھنے کے پاس کوئی فلم نہیں، کمال آر خان کا انکشاف

ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ کے خود ساختہ نقاد کمال آر خان نے انکشاف کیا ہے کہ دھرمندر میں شاندار اداکاری کا مظاہرہ کرنے والے اکشے کھنے کے پاس کوئی فلم نہیں۔ بھارتی سینما کی ملکی تاریخ میں سب سے زیادہ کمائی کرنے والی فلم دھرمندر میں سب نے اکشے کی اداکاری کی تعریف کی تھی وہ اس میں پاکستانی گینگسٹر رحمان ڈکیت کے کردار میں نظر آئے تھے، اکشے آدتیہ دھر کی فلم میں وہ آخری بار نظر آئے جس میں رنویر سنگھ بھی موجود تھے۔ کمال آر خان جو کے آر کے کے نام سے مشہور ہیں انھوں نے حال ہی میں اکشے کھنہ کے کیریئر کے انتخاب کے حوالے سے چونکا دینے والے دعوے کیے ہیں۔ بالی ووڈ نقاد کے مطابق اکشے نے بھالم بھاگ 2 فلم میں کام کرنے کے لیے اجے دیوگن کی دریشیام 3 چھوڑ دی تھی، تاہم یہ کردار بالآخر منوج باجپائی کے پاس چلا گیا ہے جو اکشے کمار اور پریش راول کے ساتھ اداکاری کریں گے۔

ثالے سرحدی کی مزاحیہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

لاہور (یو این پی) نامور اداکارہ و میزبان ثالے سرحدی کی مزاحیہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ ثالے سرحدی نے ویڈیو شیئر کی جس میں وہ ویلنٹائن ڈے کی مناسبت سے ڈائیلاگ پر لپسنگ کررہی ہیں۔ ویڈیو میں اداکارہ کہتی ہیں کہ میرا تو 14 فروری کو پلان ایکدم فلسٹ ہے، کسی بھی جوڑے کو دیکھوں گی تو زور زور چلاؤں گی، بھائی کل والی اچھی تھی۔ ثالے سرحدی نے چند گھنٹوں قبل یہ ویڈیو شیئر کی جسے ہزاروں کی تعداد میں مداح دیکھ چکے ہیں اور اس پر تبصرے بھی کررہے ہیں۔

برطانیہ میں ابرار الحق اور صحافی کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ

لاہور (سی ایم لنکس) معروف گلوکار، سیاست دان اور فلاحی کارکن ابرار الحق ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئے جب برطانیہ میں ایک فلاحی کنسرٹ کے دوران ان کا صحافی سے سخت جملوں کا تبادلہ ہوگیا۔ ابرار الحق پاکستان کی موسیقی میں اپنے شہرہ آفاق بھنگڑا گانوں کی وجہ سے پہچانے جاتے ہیں، انہوں نے مقبول گانوں کے ذریعے بھنگڑا میوزک کو نئی پہچان دی، گزشتہ کچھ عرصے سے وہ سیاست سے نسبتاً دور ہوکر اپنی فلاحی تنظیم سہارا ٹرسٹ پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں

بروشسکی زبان کی پہلی فلم ہوندان کی اسلام آباد میں نمائش

اسلام آباد (یو این پی) بروشسکی زبان میں تیار کی گئی پہلی فلم ہوندان، ایک نوجوان کی بازگشت کی خصوصی نمائش گلگت بلتستان اور پاکستان کے دیگر حصوں سے آئے بزرگ شہریوں کیلئے منعقد کی گئی۔ اس تقریب میں ہنزہ کی بروشسکی بولنے والی کمیونٹی کے بزرگوں کے ساتھ ساتھ بڑی تعداد میں فلم بینوں نے شرکت کی اور اس منفرد فلم سے محظوظ ہوئے۔ فلم ایک قدیم لوک کہانی پر مبنی ہے جو صدیوں سے زبانی روایات کے ذریعے منتقل ہوتی رہی ہے، اور اکثر بزرگ حضرات اسے بچوں کی کہانی یا لوری کے طور پر سناتے ہیں، نمائش میں شریک کئی بزرگ شہریوں نے کہا کہ وہ اپنی بچپن کی یادوں میں سنی گئی کہانی کو سکرین پر زندہ ہوتے دیکھ کر جذباتی اور یادگار تجربہ محسوس کررہے ہیں۔ فلم کے ہدایت کار کرامت علی نے کہا کہ وہ بزرگوں کے شکر گزار ہیں جنہوں نے اس فلم کا موضوع بننے والی زبانی روایات کو محفوظ رکھا، بزرگ شہریوں نے اپنی خوشی اور فخر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اپنی لوک کہانی کو سینما کے ذریعے دیکھنا ایک مثبت قدم ہے جو بروشسکی ثقافت کو آنے والی نسلوں کے لئے محفوظ رکھنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل پاکستان آسکرز کے انتظامی کمیٹی نے مذکورہ فلم کو 98 ویں اکیڈمی ایوارڈز کے لیے ملک کی سرکاری نمائندہ فلم کے طور پر منتخب کیا تھا تاہم دستاویزی اور انتظامی معاملات کی وجہ سے یہ فلم آسکرز تک پہنچ نہیں سکی۔

ہانیہ عامر کی عاصم اظہر کیساتھ مبینہ شادی کی ویڈیو نے سوشل میڈیا پر تہلکہ مچا دیا

ہانیہ عامر کی مبہم وضاحت نے شوبز حلقوں میں اس تقریب کو ممکنہ طور پر دونوں کے تعلق کی سافٹ لانچنگ بھی قرار دیا جارہا ہے

کراچی (یو این پی) شوخ و چنچل اداکارہ ہانیہ عامر کی معاملہ اس وقت ہاٹ ایشو بنا جب دونوں کی ایک ایسی ویڈیو وائرل ہوئی جس میں جوڑا مہندی کا لباس پہنے رقص کررہا ہے۔ علاوہ ازیں حال ہی میں عاصم اظہر کے نئے میوزک البم اور سوشل میڈیا پوسٹس میں کافی عرصے سے گرم تھیں لیکن ان کے ساتھ شادی کا اپنے سابق بوائے فرینڈ گلوکار عاصم اظہر کے ساتھ مبینہ شادی کی ویڈیو نے سوشل میڈیا پر تہلکہ مچا دیا ہے۔ ہانیہ عامر نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس میں عاصم اظہر کے ساتھ اپنی شادی کے بارے میں کچھ مبہم سا اشارہ دیا ہے۔ عاصم اظہر کے ساتھ دوبارہ قربتیں کی خبریں تو بعض اشاروں سے بھی مداحوں کو یقین ہوا کہ یہ پیغامات ہانیہ عامر کے لیے ہیں

میرے بیٹے کے دل میں سوراخ تھا، اریج فاطمہ واقعہ بتاتے ہوئے رو پڑیں

وہ امریکی ریاست اوہائیو میں مقیم ہیں اور 1.6 ملین انسٹاگرام فالوورز کے ساتھ ایک معروف ڈیجیٹل کری ایٹر بھی ہیں

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان کی معروف سابقہ اداکارہ اریج فاطمہ نے انکشاف کیا ہے کہ ان کے بڑے بیٹے کے دل میں سوراخ تھا۔ اریج فاطمہ نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے اپنے بچوں کے بارے میں بھی بات کی۔ انہوں نے کورونا وائرس کی وجہ سے بتایا کہ میرا بڑا بیٹا عیسیٰ کے دوران پیدا ہوا تھا، لاک ڈاؤن کی وجہ سے سب کچھ بند تھا اور الٹرا ساؤنڈ میں یہ بات سامنے نہیں آئی تھی کہ عیسیٰ کے دل میں سوراخ ہے۔ اریج فاطمہ نے مزید بتایا کہ عموماً اگر کسی بچے کے دل میں پیدائش کے وقت سوراخ ہو تو وہ وقت کے ساتھ ساتھ خود بخود بھر جاتا ہے لیکن میرے بیٹے کے دل میں جس جگہ پر سوراخ تھا اس جگہ پر سوراخ بہت کم ہوتا ہے اور زیادہ تر اس طرح کے کیسز جاپان میں سامنے آتے ہیں

دنیا بھر کے 100 فنکاروں کا فرانچسکا البانیز کی حمایت میں کھلا خط

دوحہ (سی ایم لنکس) دنیا بھر کے 100 سے زائد ممتاز فنکاروں نے مقبوضہ فلسطینی علاقوں کے لیے اقوام متحدہ کی خصوصی نمائندہ فرانچسکا البانیز کی حمایت میں ایک کھلا خط جاری کیا ہے۔ قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کے مطابق یہ اقدام ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مختلف بین الاقوامی حلقوں کی جانب سے ان سے مستعفی ہونے کے مطالبات کیے جارہے ہیں۔ موسیقاروں، اداکاروں اور ادیبوں پر مشتمل فنکاروں کے گروپ 'آرٹسٹس فار فلسطین' کی جانب سے جاری کیے گئے خط میں کہا گیا کہ وہ مقبوضہ فلسطینی علاقوں کے لیے اقوام متحدہ کی خصوصی نمائندہ فرانچسکا البانیز کی مکمل حمایت کرتے ہیں

جس نے مجھے ایک لائن بھی بتائی میں اسے اپنا استاد مانتا ہوں' امانت چن

لاہور (یو این پی) سینئر کامیڈین اداکار امانت چن نے کہا ہے کہ جس کسی نے مجھے ایک لائن بھی بتائی میں اسے اپنا استاد مانتا ہوں، اصلاح کی غرض سے کی جانے والی تنقید کا برا نہیں منانا چاہیے لیکن بدقسمتی سے آج کے دور میں تنقید کرنا فیشن بن گیا ہے۔ ایک انٹرویو میں امانت چن نے کہا کہ جو اپنے استادوں کا احترام کرتے ہیں انہیں کبھی زوال نہیں آسکتا۔ میں برملا کہتا ہوں جس کسی نے مجھے ایک لائن بھی بتائی وہ میرا استاد ہے اور میں دل کی گہرائیوں سے ان کی عزت کرتا ہوں۔ امانت چن نے کہا کہ میں اس کا قائل ہوں کہ ایسی جگت کی جائے جو ذومعنی نہ ہو بلکہ اس میں مزاح ہو، میں نے ہمیشہ صاف ستھری جگت کی ہے اور میں اپنے اس معیار کو دہائیوں سے برقرار رکھے ہوئے ہوں۔

زندگی کو گزارنا نہیں بلکہ جینا چاہیے، خوش رہنے والے لوگ پسند ہیں' ریشم

لاہور (یو این پی) سینئر اداکارہ ریشم نے کہا ہے کہ زندگی کو گزارنا نہیں بلکہ جینا چاہیے، میں خوش قسمت ہوں کہ میرے حلقہ احباب میں ایسے لوگ شامل ہیں جو غمی خوشی میں ساتھ کھڑے ہوتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ کون آپ کا دوست ہے یہ تو وقت آنے پر ہی پتہ چلتا ہے، لیکن جو شخص مشکل وقت میں بغیر کسی غرض کے آپ کے کندھے سے کندھا ملا کر کھڑا رہتا ہے وہ ہیرا ہے اور اسے کسی قیمت پر کھونا نہیں چاہیے۔ ریشم نے کہا کہ اپنے لئے ایک واضح حدود متعین کر رکھی ہیں اور اس سے باہر نہیں نکلتی، جو بھی چیز حد سے تجاوز کرے اس پر تنقید ہوتی ہے۔

فارمولا ون والے بلنڈر پر میرے اپنے بچوں نے میرا مذاق اڑایا تھا، ندا یاسر

پہلے دو ٹرولز کے جواب بھی دیتی تھیں لیکن اب سمجھ گئی ہیں کہ جواب دینے سے وہ مزید وائرل ہوجاتے ہیں

کراچی (یو این پی) معروف میزبان ندا یاسر نے سوشل میڈیا پر ہونے والی ٹرولنگ کو ہینڈل کرنے کا راز بتاتے ہوئے کہا ہے کہ پہلے لوگوں کی منفی تبصرے انہیں بہت تنگ کرتے تھے اور وہ چاہتی تھیں کہ ان کی تصاویر سوشل میڈیا پر نہ ڈالی جائیں تاکہ ساس سسر بھی منفی کمنٹس نہ دیکھیں۔ لیکن بعد میں انہیں احساس ہوا کہ ان کے خاندان نے ان کا ساتھ دیا اور اب ان کے شوہر اور ساس بہن ان کے دفاع میں ہمیشہ کھڑے رہتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں فارمولا 1 بلنڈر پر انہوں نے کہا کہ میرے اپنے بچوں نے بھی پہلی بار میرا مذاق اڑایا اور کہا اماں آپ نے کیا غلطی کی ہے؟

اے آئی سے ہر اداکار کو محتاط رہنا چاہیے، ابھیشیک بچن خوفزدہ

اس کا غلط استعمال اداکاروں کے کیریئر کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے

نئی دہلی (یو این پی) بولی ووڈ کے معروف اداکار ابھیشیک بچن نے مصنوعی ذہانت کے حوالے سے اپنی تشویش کا اظہار کیا ہے۔ نئی دہلی میں منعقدہ ایٹ ناؤ گلوبل بزنس سمٹ (جی بی ایس 2026) میں شرکت کے دوران ابھیشیک بچن نے اعتراف کیا کہ وہ مصنوعی ذہانت (اے آئی) سے خوفزدہ ہیں۔ اداکار نے کہا کہ اے آئی ان کے لیے پریشان کن ہوسکتی ہے اور اس کا غلط استعمال اداکاروں کے کیریئر کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ ابھیشیک بچن نے کہا، اے آئی سے ہر اداکار کو محتاط رہنا چاہیے۔ تخلیقی میدان میں اے آئی بہت سی چیزوں میں انقلاب لانے والی ہے۔ اگر ذمہ داری سے استعمال نہ کی جائے تو یہ اداکار کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔ البتہ فلم سازی کے پس منظر میں یہ اسٹیمیشن، اسپیشل ایفیکٹس اور دیگر کاموں میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے اور بہت سے کام کے اوقات اور بجٹ کو کم کرسکتی ہے۔ اداکار نے مزید کہا، تخلیقی نقطہ نظر سے، میں نے کئی اے آئی سے تیار شدہ پروڈکٹس دیکھے ہیں، جو شاندار ہیں، لیکن ان میں روح نہیں ہے۔

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کپڑے کی صنعت سے وابستہ کمپنیوں کے سربراہان نے شرکت کی۔طبی آلات، چمڑے، کھیل، صحت، سیاحت اور خوراک کے شعبے سے وابستہ کمپنیوں کی شرکت ہوئی۔دونوں رہنماؤں نے تجارت، مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کو اجاگر کیا۔وزیراعظم نے آسٹریا کی معروف کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری بڑھانے کی دعوت دی۔وزیراعظم نے ترجیحی شعبہ جات میں دونوں ممالک کے نجی شعبے کے درمیان اقتصادی شراکت داری کو اجاگر کیا۔وزیراعظم شہباز شریف نے آسٹریا کی کمپنیوں کے نمائندوں کو پاکستان کے دورے کی دعوت دی۔وزیراعظم نے کمپنیوں کو رواں برس اپریل میں پاکستان۔یورپی یونین بزنس فورم میں شرکت کی دعوت دی۔وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان آسٹریا بزنس فورم سے خطاب بھی کیا

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

استقبال کیا گیا اور انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔آسٹریا کے چانسلر کرسچن سٹاکر نے وزیراعظم شہباز شریف کا استقبالیہ تقریب کے لیے چانسلری پہنچنے پر استقبال کیا،خوش آمدید کہا اور وزیراعظم کا اپنی کابینہ کے ارکان سے تعارف کروایا۔چانسلری پہنچنے پر وزیراعظم شہباز شریف نے مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات بھی درج کیے۔قبل ازیں وزیراعظم شہباز شریف نے چین کے نئے سال پر چینی صدر شی جن پنگ اور چینی عوام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔اپنے تہنیتی پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ شی جن پنگ اور چین کے عوام کو خوشیوں بھرا نیا سال مبارک ہو، انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ نیا سال پاکستان اور چین کے درمیان دوستی اور باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنائے گا۔وزیراعظم شہباز شریف نے چینی عوام کی صحت، کامیابی اور خوشحالی کے لیے نیک تمنا کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور چین کا تعلق ہمیشہ مضبوط رہا ہے اور آئندہ بھی مزید مستحکم ہوگا

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پر رہا کرنے کی درخواست پر اہم پیشرفت سامنے آگئی۔اسلام آباد ہائیکورٹ کے رجسٹرار آفس نے بانی پی ٹی آئی کی سزا معطل کرکے ضمانت پر رہا کرنے کی درخواست پر اعتراض عائد کردیا۔بانی پی ٹی آئی کی توشہ خانہ ٹو کیس اپیل پر بروقت رجسٹرار آفس کے اعتراضات دور نہ کرنے کا اعتراض عائد کیا گیا۔اعتراض لگایا گیا کہ درخوست گزار نے توشہ خانہ ٹو کیس کی مرکزی اپیل پر بروقت اعتراضات دور نہیں کیے،اپیل پر رجسٹرار کے اعتراضات سات دن میں دور کرنے تھے۔رجسٹرار آفس کا اعتراض ہے کہ بروقت اعتراضات دور نہ کرنے کا وقت گزر گیا ہے، اپیل پر اعتراض موجود ہے تو سزا معطلی کی درخواست کیسے لگائی جاسکتی ہے

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے دوران عدالت نے علیمہ خان کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست مسترد کرتے ہوئے ان کے وارنٹ گرفتاری دوبارہ جاری کردیے۔کیس کی سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج سید امجد علی شاہ نے کی، دوران سماعت وکیل صفائی کی جانب سے علیمہ خان کی دو روزہ حاضری معافی کی درخواست دائر کی گئی تھی۔درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ علیمہ خان بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت کے حوالے سے مصروف ہیں لہذا انہیں حاضری سے استثنیٰ دیا جائے۔عدالت نے کیس کی مزید سماعت کل تک ملتوی کردی

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پاکستان اس شراکت داری کو تمام شعبوں میں مزید مضبوط بنانے کیلئے مشترکہ کوششیں جاری رکھے گا تاکہ دونوں برادر اور عوام کے مفادات کا تحفظ ہو اور خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کو فروغ ملے

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹیکنالوجی سے پاکستانی کمپنی کو بڑی کامیابی مل گئی، یومیہ 50 بیرل تیل کی پیداوار کے حامل کنوئیں سے یومیہ 750 بیرل تیل حاصل ہونے لگا۔چکوال میں تیل ذخائر کی پیداوار پر او جی ڈی سی ایل کمپنی نے پاکستان سٹاک ایکسچینج کو خط ارسال کردیا ہے جس کے مطابق تیل نکالنے کے مختلف مراحل پر مخصوص کیمیکل کی شمولیت سے پیداوار میں اضافہ ہوا ہے۔کمپنی خط کے مطابق کنوئیں پر جدید ای ایس پی سسٹم کی تنصیب سے پیداوار میں بڑا اضافہ ہوا، کال تھری کنوئیں سے یومیہ تیل کا بہاؤ پہلے تقریباً 50 بیرل تھا جبکہ کنوئیں پر ورک اوور کے بعد یومیہ پیداوار بڑھ کر 750 بیرل یومیہ تک پہنچ گئی ہے۔علاوہ ازیں کمپنی کا کہنا ہے کہ کنوئیں سے تیل کی یومیہ پیداوار میں 700 بیرل کا بڑا اضافہ ہوا ہے

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہیں تاکہ گورننس کو مزید معتبر بنایا جاسکے۔محمد اورنگزیب نے کہا کہ 25 کروڑ کی آبادی کو حکومت براہ راست روزگار فراہم نہیں کرسکتی، اس کے لیے نجی شعبے کو فعال بنانا ہوگا، کچھ کمپنیوں کے منافع میں کمی واقع ہوئی تاہم مجموعی طور پر اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے پر توجہ دی جارہی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ سرکاری اداروں میں تعینات کیے جانے والے چیئرمین یا چیئرپرسن کا تعلق نجی شعبے سے ہے تاکہ پیشہ ورانہ مہارت سے فائدہ اٹھایا جاسکے، بعض ایسے ادارے جو مسلسل خسارے میں جا رہے تھے انہیں بند کیا جاچکا ہے یا بند کرنے کا عمل جاری ہے جبکہ متاثرہ ملازمین کو پیکیج دیے گئے ہیں۔وزیر خزانہ نے مزید کہا ہے کہ حکومت نجکاری کی پالیسی پر گامزن ہے اور پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز اور فرسٹ ویمن بینک کی شفاف انداز میں نج کاری کی گئی، وزیراعظم کی ہدایت ہے کہ نجکاری کے عمل کو مکمل شفافیت کے ساتھ آگے بڑھایا جائے

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

وزیر خارجہ مارکو روبیو نے ہنگری کے دورے پر وزیراعظم وکٹر اوربان کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب میں کی۔ان کے بقول ایران کے ساتھ معاملات اس لیے پیچیدہ ہیں کیونکہ وہاں ہم ایسے سخت گیر شیعہ مذہبی رہنماؤں سے بات کررہے ہیں جو بھی فیصلے بین الاقوامی سیاست یا جغرافیائی حقائق کو مدنظر رکھ کر نہیں بلکہ مذہبی عقائد کی بنیاد پر کرتے ہیں۔مارکو روبیو کا مزید کہنا تھا کہ امریکا سفارتی کاری کے ذریعے ایران کے ساتھ ایسے معاہدے کے لیے تیار ہے جو ہمارے خدشات کو دور کرسکے تاہم اس کے بارے میں غیر ضروری خوش فہمی کا مظاہرہ نہیں کرسکتا۔امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے مزید کہا کہ ایران کے ساتھ ماضی میں بھی حقیقی اور پائیدار معاہدے کرنا مشکل ثابت ہوا ہے اور اس بار بھی حالات اب تک بہت حوصلہ افزا نہیں ہیں۔یاد رہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا پہلا دور مسقط میں ہوا جہاں فریقین نے ایک دوسرے سے براہ راست بات چیت تو نہیں کی لیکن علیحدہ علیحدہ عمانی وزیر کا رجہ سے ملاقات میں اپنے اپنے تحفظات اور مطالبات پیش کیے۔امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا اب دوسرا جلد ہی شروع ہونے والا ہے تاہم اس سے قبل وزیر خارجہ مارکو روبیو کے اس مایوس کن بیان نے ایک بار پھر کئی خدشات کو جنم دیدیا ہے

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دھوکے محض اکاؤنٹنگ کے فرق کا نتیجہ ہیں اور ادارہ مالی خسارے میں نہیں۔ترجمان این ایچ اے کے مطابق مالی سال 2024-25 میں ادارے کی آپریٹنگ آمدن 43.6 ارب روپے ریکارڈ کی گئی، جو 122.02 ارب روپے کی آمدن 78.40 ارب روپے کے آپریٹنگ اخراجات کے فرق سے حاصل ہوئی۔انہوں نے کہا کہ این ایچ اے کے آپریشنز کیش پوزیٹو ہیں اور ادارہ مسلسل آپریشنل منافع برقرار رکھے ہوئے ہے، جو اس کے مالی استحکام کا واضح ثبوت ہے۔ترجمان نے بتایا کہ این ایچ اے ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن کیلئے وفاقی حکومت پر بوجھ نہیں اور انتظامی اخراجات کیلئے بھی وفاقی بجٹ سے کوئی رقم نہیں لی جاتی، حالیہ عرصے میں آپریٹنگ آمدنی میں 63 فیصد نمایاں اضافہ جبکہ سڑکوں کی دیکھ بھال کے اخراجات میں 31 فیصد کمی لائی گئی ہے۔بیان کے مطابق ٹول ٹیکس کی 81 فیصد وصولی ایم ٹیگ (M-Tag) کے ذریعے یقینی بنائی جارہی ہے، جس سے شفافیت اور ریونیو میں بہتری آئی، وفاقی پی ایس ڈی پی پر بوجھ کم کرنے کیلئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل پر توجہ دی جارہی ہے، جبکہ ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کے تعاون سے قرضوں کی درجہ بندی اور واپسی کا نیا فریم ورک بھی تیار کیا گیا ہے۔ترجمان این ایچ اے نے کہا کہ ادارے سے متعلق منفی تاثر درست نہیں اور این ایچ اے مالی طور پر مستحکم اور فعال انداز میں اپنے فرائض انجام دے رہا ہے

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

این ایچ اے کو اپنے افسران کی تعیناتی کا پلان حکومت کے سامنے رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے این ایچ اے میں ڈیپوٹیشن پر تعیناتیوں کا ریکارڈ 15 روز میں عدالت میں جمع کروانے کا حکم دے دیا۔عدالتی حکم پر عمل درآمد نہ ہونے پر چیف جسٹس سرفراز ڈوگر این ایچ اے حکام پر برہم ہوگئے، چیف جسٹس نے ریمارکس دیے تعجب میں ہم نے حکم جاری کیا اس پر کیوں عمل درآمد نہیں ہوا، پسند ناپسند اور اقربا پروری ہوتی جارہی ہے، من پسند تعیناتیاں ہورہی ہیں، لوگ منافع دیکھ کر تعیناتیاں اور فیصلے کررہے ہیں، پہلے سی ڈی اے حکومت کھا گیا اب این ایچ اے وہی کام کررہا ہے۔انہوں نے ریمارکس دیئے کہ ہمارے حکم پر عمل درآمد کرنے والے چیئرمین کو ہٹا دیا گیا کیونکہ وہ عمل درآمد کررہا تھا، ہمارا حکم اس افسر کو لگانے والوں کو ناگوار گزرا اور اسے ہٹا کر نیا افسر لگا دیا، اس کو جا کر بتا دیں جس نے یہ حرکتیں کی ہیں ہم ایکشن لیں گے۔انہوں نے کہا کہ اداروں میں ایسے ہی کرپشن بڑھتی ہے، ڈیپارٹمنٹ میں ایسے لوگ ہی کھڑے کردیے جاتے ہیں جو کام نہیں ہونے دیتے، ایسے ادارے کرپشن کا گھر بن چکے ہیں۔عدالت نے ہدایات کے ساتھ کیس دو ہفتوں کیلئے ملتوی کردیا

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سٹینڈنگ کمیٹی برائے داخلہ امور راجہ خرم نواز، خیبر پختونخوا اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عبداللہ خان اور چوہدری رفعت جاوید بھی موجود تھے۔ملاقات میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

شواہد ہیں۔انہوں نے کہا کہ دھرنے میں ایسے لوگوں کو بھی پہنچایا گیا جو پارلیمنٹیرینز نہیں تھے جبکہ مسلح افراد کو پارلیمنٹ لاجز تک پہنچایا گیا جہاں فیملیز موجود تھی، اس طرح کے اقدامات سے پارلیمنٹ کے تقدس کو پامال کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں حالیہ دہشت گردی کے واقعے کے بعد نئی ایس او پیز اور ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ہمارا ان بزدلوں سے واسطہ ہے جو مساجد اور امام بارگاہوں کو نہیں چھوڑتے

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نیشن کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو نگرانی اور منصفانہ تقسیم کو یقینی بنائے گی۔انہوں نے مزید بتایا کہ اب تک 20 سے زائد اضلاع میں رمضان پیکج پہنچایا جاچکا ہے اور باقی اضلاع میں بھی جلد فراہمی مکمل کرلی جائے گی۔انہوں نے واضح کیا کہ پیکج کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور صرف غریب اور مستحق افراد کو ہی راشن فراہم کیا جائے گا، کسی غیر مستحق کو اس کا فائدہ نہیں اٹھانے دیا جائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ یہ رمضان پیکج ہر خاندان کی 15 دن کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر تیار کیا گیا ہے تاکہ ماہ مقدس میں مستحق خاندانوں کو ریلیف فراہم کیا جاسکے۔ڈی جی پی ڈی ایم اے نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان مستحق عوام کی خدمت اور سہولت کے لیے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے اور رمضان المبارک کے دوران عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے گا

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دوران 2.106 ارب ڈالر کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔سٹیٹ بینک کے مطابق جاری مالی سال کے آغاز پر زرمبادلہ کے ملکی ذخائر کا حجم 19.239 ارب ڈالر تھا جس میں سٹیٹ بینک کے پاس 14.506 ارب ڈالر اور کمرشل بینکوں کے پاس 4.763 ارب ڈالر تھے، چھ فروری کو ختم ہونے والے ہفتے میں زرمبادلہ کے ملکی ذخائر 21.375 ارب ڈالر ریکارڈ کیا جس میں سٹیٹ بینک کے پاس 16.178 ارب ڈالر اور کمرشل بینکوں کے پاس 5.197 ارب ڈالر تھے۔اس طرح جاری مالی سال کے آغاز سے اب تک سٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر میں 1.672 ارب ڈالر اور کمرشل بینکوں کے زرمبادلہ کے ذخائر میں 4.341 ملین ڈالر کا اضافہ ہوا

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گوٹھ میں مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان کے 3 انتہائی مطلوب سہولت کار دہشتگرد گرفتار کرلیے۔رینجرز حکام نے بتایا ہے کہ گرفتار ملزمان میں یاسر عرفات، خدا بخش اور زاہد حسین عرف بارکزئی شامل ہیں جبکہ ملزمان کے قبضے سے 5 کلو بارودی مواد، 10 میٹر پرائما کارڈ، 3 عدد ڈیٹونیٹر، 1 کلو بال بیرنگ برآمد کرلی گئی ہے۔حکام کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان سے انتہا پسندی پر مبنی لٹریچر کے 250 عدد بکس اور لیپ ٹاپ بھی برآمد کرلیے گئے ہیں، ملزمان مختلف کالجز اور یونیورسٹیز کے طلبا کی کالعدم تنظیم میں شمولیت کیلئے ذہن سازی کرتے تھے اور ملزمان انتہا پسندی پر مبنی لٹریچر کی فراہمی میں بھی ملوث ہیں۔علاوہ ازیں، رینجرز حکام نے بتایا ہے کہ گرفتار ملزمان نے کراچی کے حساس مقامات پر دہشتگردی کی کارروائی کیلئے بارودی مواد اپنے خفیہ ٹھکانے پر چھپایا ہوا تھا تاہم اب گرفتار ملزمان کو مزید قانونی کارروائی کیلئے پولیس کے حوالے کردیا گیا ہے

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے حکومت پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحریک نے عمران خان کی صحت کے حوالے سے پیدا شدہ ابہام اور سپریم کورٹ میں درج رپورٹ کے بعد فیصلہ کیا ہے کہ وہ پارلیمنٹ ہاس کے سامنے پرامن دھرنا دیں گے۔چیئرمین نے وضاحت کی کہ یہ دھرنا کسی قسم کے تشدد، گالی یا پتھر بازی کے بغیر ہوگا اور احتجاج تب تک جاری رہے گا جب تک عمران خان کو ماہر ڈاکٹروں یا اٹھنا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل نہیں کیا جاتا تاکہ عوام اور بین الاقوامی برادری میں پائی جانے والی تشویش دور ہو سکے۔محمود خان اچکزئی نے کہا کہ حکومت نے دھرنے میں شریک افراد کو کئی بنیادی سہولتوں سے محروم رکھا ہے۔بعض افراد کو عمارتوں میں داخل ہونے سے روکا گیا، کھانے پینے کی اشیا پر پابندی لگا دی گئی اور بیمار افراد کے لیے دوائیوں کی رسائی محدود کردی گئی۔انہوں نے بتایا کہ دھرنے میں خواتین، بچے اور بزرگ بھی موجود ہیں، اور اس پابندی کی وجہ سے ان کے بنیادی انسانی حقوق شدید متاثر ہورہے ہیں۔چیئرمین تحریک نے حکومت کے رویے کو انتہائی فسطائیت کی انتہا قرار دیا اور کہا کہ ایک پرامن انسانی ہمدردی پر مبنی احتجاج کو بھی روکنا غیر آئینی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ تحریک کسی قسم کی منت نہیں کررہی اور نہ ہی قربانی دینے کو تیار ہے، بلکہ یہ احتجاج ایک انسان کی زندگی اور صحت کے تحفظ کے لیے کیا جارہا ہے، جو ہر شہری کا بنیادی حق ہے۔انہوں نے عالمی برادری اور پاکستانی عوام سے اپیل کی کہ وہ ایسے رویوں پر توجہ دیں جو جمہوری اصولوں اور انسانی ہمدردی کے خلاف ہیں۔محمود خان اچکزئی نے حکومت سے کہا کہ وہ فوری طور پر عمران خان کی فوری اور محفوظ طبی امداد کو یقینی بنائے تاکہ اس معاملے پر پیدا شدہ ابہام ختم ہو اور عوام میں اعتماد بحال ہو

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جن میں سے تین کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ریسکیو ذرائع کے مطابق واقعہ پیرانی کے علاقے میں پیش آیا، جہاں زمین کے تنازع نے پرتشدد رخ اختیار کرلیا۔اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو ایمبولینسوں کے ذریعے ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل منتقل کیا گیا۔ریسکیو حکام کے مطابق زخمیوں میں تین افراد کی حالت تشویشناک ہونے کے باعث انہیں مزید علاج کے لیے کراچی ٹراما سینٹر منتقل کردیا گیا ہے، جبکہ دیگر زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال میں طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔زخمیوں کی شناخت جان محمد، عبدالواحد، محمد اسماعیل، عطاءاللہ، بشیر احمد، محمد بخش، آصف علی، ماجد علی، جاوید علی اور محمد عثمان کے نام سے ہوئی ہے زخمیوں کا تعلق لسبیلہ سے شیخ اور صابرہ برادری سے بتایا جارہا ہے اوتھل پولیس نے موقع پر پہنچ کر صورتحال کو قابو میں کرلیا اور مزید تفتیش کا آغاز کردیا ہے

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بار کے الیکشن کے نتائج کا آفیشل اعلان کردیا ہے، صدارتی امیدوار واجد گیلانی 770 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے۔ان کے مدمقابل امیدوار اشرف گجر نے 761 ووٹ لیے۔نوٹیفکیشن ایڈیشنل سیکرٹری کیلئے فرزانہ فیصل خان 865 ووٹ لیکر کامیاب ہوئے جبکہ مدمقابل پلوشہ ایاز خان نے 644 ووٹ لیے اس کے علاوہ جوائنٹ سیکرٹری کیلئے عثمان ناصر 939 ووٹ لیکر کامیاب اور مدمقابل وجاہت غوری 553 ووٹ ہی لے سکے۔فنانس سیکرٹری کیلئے روا بتول 860 ووٹ لیکر کامیاب جبکہ مدمقابل سید صلاح الدین 625 ووٹ لیے۔چیف الیکشن بورڈ عادل عزیز قاضی اور ممبران نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے، نئی کابینہ یکم مارچ سے ذمہ داریاں سنبھالے گی۔اس سے قبل جنرل سیکرٹری قاسم نواز عباسی اور 12 رکنی ایگزیکٹو باڈی بلا مقابلہ منتخب ہوگئی تھی جبکہ نائب صدر کی نشست پر صابر احمد بھی بلا مقابلہ منتخب ہوچکے ہیں

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اس حوالے سے اجلاس میں اہم بات چیت ہورہی ہے۔میڈیا سے گفتگو میں جنید اکبر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے فیصلوں کا اختیار دونوں اپوزیشن لیڈران کو دیا تھا محمود خان اچکزئی نے اجلاس میں بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت بہتر ہورہی ہے بیرسٹر گوہر اور علامہ راجہ ناصر عباس جعفری کو ڈاکٹرز نے بریفنگ دی۔اجلاس میں بتایا گیا ہمیں منظم ہوکر احتجاج کرنا ہوگا' یہاں پر جن لوگوں نے راتیں گزاریں ان کے پاس پینے کو پانی نہیں تھا' یہ مذاق نہیں ہے' ان کے نیتوں پر شک نہیں کیا جاسکتا

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مکمل کرے گی۔عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اس بات کا انکشاف اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کے قریبی معاون اور کابینہ سیکرٹری یوسی فوکس نے حالیہ انٹرویو میں کیا ہے۔انھوں نے مزید بتایا کہ 60 روز کی یہ مہلت بھی ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کی درخواست پر دی جارہی ہے اور اسرائیل نے امریکی درخواست کا احترام کیا ہے۔یوسی فوکس نے کہا کہ اس عرصے میں حماس کو تمام اسلحہ، حتیٰ کہ رائفلیں اور اے کے 47 بھی مکمل طور پر اسرائیل کے حوالے کرنا ہوں گی۔اسرائیلی وزیراعظم کے معاون خصوصی نے مزید کہا کہ اسرائیل اس عمل کا جائزہ لے گا اور اگر یہ مؤثر ثابت ہوا تو بہتر ورنہ فوج کو اپنا مشن مکمل کرنا پڑے گا۔کابینہ سیکرٹری کے بقول ایک معقول اندازہ ہے کہ ممکنہ طور پر جون میں ہونے والے اسرائیلی انتخابات سے پہلے یا تو حماس ہتھیار ڈال دے گی یا پھر غزہ میں شدید قسم کی فوجی کارروائی کی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ اس عمل میں حماس کی تیار کردہ تمام سرنگوں کو بھی تباہ کرنا بھی شامل ہے حتیٰ کہ سرحد کے اسرائیلی حصے میں موجود سرنگیں بھی ختم کی جائیں گی۔غزہ سرحد کے قریب واقع کیبوتس بیئری کا حوالہ دیتے ہوئے یوسی فوکس نے کہا کہ آج وہاں کھیتوں میں ہل چلانے والا شخص سمندر دیکھ سکتا ہے۔اُن کے بقول یہ اس بات کی علامت ہے کہ غزہ میں بلند عمارتیں مکمل طور پر تباہ ہوچکی ہیں تاہم ان کے بقول کام ابھی مکمل نہیں ہوا۔خیال رہے کہ ابھی واضح نہیں کہ اس 60 روزہ مدت کا آغاز کب سے ہوا اور نہ ہی اس بارے میں اسرائیلی وزیراعظم، امریکی صدر اور حماس کا کوئی بیان سامنے آیا ہے

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

وقت درکار ہے۔ڈویژنل فارسٹ آفیسر جان محمد کاکڑ نے بتایا کہ محدود وسائل کے باوجود جنگلات عملہ آگ کو پھیلنے سے روکنے کی کوشش کررہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ تیز ہوائیں اور دشوار گزار پہاڑی راستے ریسکیو اور فائر فائٹنگ آپریشن میں مشکلات پیدا کررہے ہیں۔صرف مقامی رضاکار جنگلات کے عملے کی مدد کرکے آگ بجھانے میں مصروف ہیں

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

برداری کی تقریب 17 فروری کو ہوگی جس میں پاکستان کی نمائندگی وفاقی وزیر احسن اقبال کریں گے۔سرکاری ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف بیرون ملک دورے کے باعث حلف برداری میں شرکت نہیں کرسکیں گے، بنگلہ دیش کے وزیراعظم طارق رحمان کی حلف برداری کی تقریب میں پاکستان کی نمائندگی وفاقی وزیر احسن اقبال کریں گے۔وفاقی وزیر احسن اقبال نو منتخب وزیراعظم بنگلہ دیش کی تقریب حلف برداری میں شرکت کے لیے ڈھاکہ روانہ ہوگئے، وزیراعظم کی نمائندگی کرتے ہوئے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال بنگلہ دیش میں اعلیٰ سطح کے حکام سے اہم ملاقاتیں کریں گے۔احسن اقبال نے کہا کہ دونوں ممالک کے دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرکے سیاسی، معاشی اور اقتصادی شعبوں میں ترقی کی نئی راہیں ہموار ہوں گے، پاکستان دونوں ممالک کے درمیان تعاون کے فروغ اور مستقبل میں سیاسی و اقتصادی پیش رفت کے روشن امکانات کے لیے پرامید ہے۔ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف جلد بنگلہ دیش کا دورہ کرکے نئے وزیراعظم طارق رحمان کو مبارکباد دیں گے۔ادھر دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ بنگلہ دیشی وزیراعظم اور کابینہ کی حلف برداری تقریب میں پاکستان کی شرکت بنگلہ دیش کے جمہوری عمل کی حمایت کی عکاس ہے۔دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان کی شرکت دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار ہے، پاکستان کی شرکت باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ ہے۔بنگلہ دیش کے نئے وزیراعظم اور ارکان پارلیمنٹ کی حلف برداری میں شرکت کے لیے چین، سعودی عرب، بھارت، ترکیے، یو اے ای، قطر، ملائیشیا، برونائی، سری لنکا اور نیپال سمیت مختلف ممالک کے سربراہان کو دعوت دی گئی ہے۔خیال رہے کہ الیکشن کمیشن بنگلادیش کی جانب سے جاری کردہ سرکاری نتائج کے مطابق 299 نشستوں پر ہونے والے انتخابات میں بی این پی نے 209 نشستیں لیکر واضح برتری حاصل کرلی ہے جبکہ جماعت اسلامی 68 نشستوں کے ساتھ دوسری بڑی جماعت بن کر سامنے آئی ہے۔طلبہ کی جماعت این سی پی نے 6 نشستیں حاصل کی ہیں۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دیا۔تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ درخواست میں اٹھائے گئے نکات انتہائی اہم ہیں، عدالت معاملے کا گہرائی سے جائزہ لے گی، وفاقی حکومت، پیمرا اور لیسکو جواب جمع کرائیں، اٹارنی جنرل عدالتی معاونت کے لئے پیش ہوں۔جسٹس عابد حسین چٹھہ نے تحریری فیصلہ جاری کیا، عدالت کا عبوری تحریری فیصلہ دو صفحات پر مشتمل ہے۔درخواست گزاروں کے وکیل نعمان قیصر نے دلائل دیئے جس میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ نیٹ میٹرنگ کی جگہ نیٹ بلنگ لاناصارفین کے حقوق پر ڈاکا ہے۔نیپرا کے نئے قوانین آئین کے آرٹیکل 23 اور 24 کی خلاف ورزی ہیں، حکومت نے یونٹ کے بدلے یونٹ کا وعدہ توڑ دیا، نئی پالیسی سولر سسٹم پر سرمایہ کاری کرنے والے شہریوں پر بوجھ بن گئی۔عدالت پرانی نیٹ میٹرنگ پالیسی کو برقرار رکھنے کیا حکامات جاری کرے، درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت نئے ریگولیشنز پر عملدرآمد فوری روکنے کا حکم دے۔

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گے یا پھر سائیکل نکالنی پڑے گی۔رپورٹ کے مطابق حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے پر ملک بھر میں شدید عوامی ردعمل سامنے آیا ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ رمضان کی آمد آمد ہے، حکومت کو چاہیے تھا عوام کو کچھ ریلیف دیں انہوں نے مزید تکلیف دے دی اور راتوں رات پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کردیا۔عوام نے شکوہ کیا کہ "ہماری تنخواہیں نہیں بڑھتیں لیکن پیٹرول روز روز مہنگا ہورہا ہے، اس مہنگائی میں گزارا کرنا اب ناممکن ہوچکا ہے۔پٹرول اور ڈیزل مہنگا ہونے پر شہریوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب موٹر سائیکل اور گاڑیاں چلانا بس کی بات نہیں رہی، اب یا تو پیدل چلنا پڑے گا یا پرانی سائیکلیں نکالنی ہوں گی۔شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ رمضان کے مقدس مہینے میں سہولت فراہم کرنے کے بجائے عوام کی کمر نہ توڑی جائے

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) کیپٹن ریٹائرڈ محمد ظفر اقبال اور اتھارٹی کے دیگر اعلیٰ حکام ڈائریکٹرز بھی موجود تھے۔اس موقع پر ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں بہت ساری اعلیٰ حکومتی و انتظامی شخصیات نے شرکت کی۔جس میں جناب، وفاقی وزیر انجم عقیل خان اور ملک ابرار MNA اور الاٹیز شامل تھے۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کیپٹن ریٹائرڈ جناب ظفر اقبال نے کہا کہ آج کیدن اس ادارے کی تاریخ میں ایک سنہرے باب کا اضافہ ہونے جارہا ہے۔آج ہم تقریباً 11 ہزار خاندانوں کی امیدوں کے چراغ روشن کرنے جارہے ہیں۔جو گزشتہ 10 سال سے اس دن کا انتظار میں تھے۔اور میں اپنی تمام قانونی ٹیم اور ادارے کے تمام افسران کو بھی شاباش دینا چاہتا ہوں جنہوں نے محنت کر کے اس عمل کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ہمارا وژن صرف پلاٹس کی الاٹمنٹ تک محدود نہیں بلکہ جدید تقاضوں کے مطابق ایک منظم رہائشی کمیونٹی کی تشکیل دینا ہے، جہاں معیاری انفراسٹرکچر و کشادہ سڑکیں، نکاسی آب کا موثر نظام، پارکس، تعلیم و سماجی سہولیات اور ماحولیاتی توازن کو یقینی بنانا ہے۔اسی لیے ہم نے ان سیکٹرز کی تعمیر و ترقی کے لیے این ایل سی (NLC) جیسی نامور کمپنی کا انتخاب کیا ہے، جن کی پیشہ ورانہ مہارت نہ صرف قابل ستائش ہے بلکہ قابل تقلید ہے۔این ایل سی (NLC) پوری قوم کا ایک ورثہ ہے جس پر ہمیں ناز ہے، ہم این ایل سی کو اپنے ہمراہ پا کر انتہائی مطمئن ہیں۔میں تمام انجینئرز کو بھی یقین دلاتا ہوں کہ ہم جلد سے جلد ان کو الاٹمنٹ کا عمل پوری شفافیت کے ساتھ مکمل کرلیں گے تاکہ ان کو ہم سے کوئی گلہ نہ رہے۔اور میں اپنے الاٹیز کو بھی یہ یقین دلاتا ہوں کہ ہم اس مرحلے کو پوری ایمانداری اور شفافیت کے ساتھ قواعد و ضوابط کے دائرے میں رہ کر انشاء اللہ مکمل کرنے کی کوشش کریں گے، ہم آپ اس دن اطمینان ہوگا۔جس دن ان سیکٹرز میں ہمارے الاٹیز آکر آباد ہوں گے اور اپنے خوابوں کے گھر کو حقیقت میں دیکھ سکیں گے اس موقع پر سیکرٹری ہاؤسنگ محمد محمود نے کہا کہ زمین داروں کو ان کے کلیمز کی مکمل ادائیگی میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں برتی جائے گی ان کے لیے میرے دروازے ہمیشہ کھلے رہیں گے معزز اراکین اسمبلی کی وساطت سے ان کے تحفظات کا کماحقہ ازالہ کیا جائے گا

عمران خان کی آنکھ کے لیزر آپریشن کی ضرورت پڑی تو کیا جائیگا، طارق فضل چوہدری

گزشتہ روز عمران خان کا تفصیلی طبی معائنہ اڈیالہ جیل میں حکومتی ہدایات کے مطابق مکمل شفافیت کیساتھ کرایا گیا، عمران خان کی فیملی آگاہ کرنے کے باوجود نہیں آئی

ابتدائی رپورٹ کے مطابق سوجن میں واضح کمی آئی، بینائی میں بہتری آرہی ہے جبکہ معائنے کے دوران آنکھ میں کوئی بڑی پیچیدگی سامنے نہیں آئی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے انکشاف کیا ہے کہ عمران خان کو دوسرا انجکشن 25 فروری کو لگے گا اور اگر لیزر آپریشن کی ضرورت پڑی تو وہ بھی کیا جائے گا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں طارق فضل چوہدری نے کہا کہ گزشتہ روز عمران خان کا تفصیلی طبی معائنہ اڈیالہ جیل کے اندر حکومتی ہدایات کے مطابق مکمل شفافیت کے ساتھ کرایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

کوئٹہ: صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بارش کے بعد کا ایک خوبصورت اور دلکش منظر

ریاستی اداروں کو عوام کو تحفظ اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی یقینی بنائیں، مولانا واسع

صوبے کے نوجوان بیروزگاری کے باعث بندوق اٹھانے پر مجبور ہیں وقت کا تقاضا ہے کہ حکومتی ایسی پالیسی اختیار کرے جس میں حکومتی رٹ برقرار رہے

اداروں اور عوام کے درمیان جو فقدان ہے دراصل جمہوریت نہیں بلکہ آمرانہ فیصلوں کا تسلسل ہے جو ایک نقصاندہ اور سیاسی جماعتوں کیخلاف سازش ہے

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کا تقاضی ہے کہ حکومت ایسی پالیسی اختیار کریں جس میں حکومتی رٹ برقرار عوام کو تحفظ اور ہم ایک دوسرے سے لڑنے کی بجائے ایک دوسرے کا ساتھ دیکر ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر سکے ساتھ میں جمہوری عمل کو مکمل طور پر بحال کرنے کیلئے بھی اقدامات کی ضرورت ہے کیونکہ اس وقت اداروں اور عوام کے درمیان جو فقد (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

اوستہ محمد میں نامعلوم ڈاکو دکاندار سے نقدی، موبائل فون لوٹ کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد ڈکیتی کی واردات مسلح ڈاکو دکاندار سے نقدی موبائل فون و دیگر سامان لوٹ کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق سٹی پولیس تھانہ اوستہ محمد کی حدود ریلوے پھاٹک کے قریب مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر دکاندار مزمل سومرو سے چالیس ہزار روپے نقدی (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

مقبول حسین اعوان کا مسلم لیگ ن ٹکٹ کے لیے انٹرویو

ٹکٹ ملا تو سیٹ جیت کر نواز شریف کو تحفہ دوں گا: مقبول اعوان

لاہور (نمائندہ خصوصی سے) مقبول حسین اعوان ممتاز کشمیری رہنما و امیدوار برائے ممبر قانون ساز اسمبلی حلقہ ایل اے 19 پونچھ 2 ہجیرہ۔ مسلم لیگ نون کے ٹکٹ کے حصول کے لیے انٹرویو کمیٹی کو انٹرویو دے رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر پارٹی ان کے حق میں ٹکٹ کا فیصلہ کرتی ہے تو وہ اپنے نمبر سے سیٹ جیت کر میاں محمد نواز شریف کو تحفے میں پیش کریں گے انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

سکھر میں جے یو آئی کا چار گھنٹے طویل دھرنا مذاکرات کے بعد ختم

سید کمیل حیدر شاہ کی مداخلت، احتجاج کامیاب بات چیت پر اختتام پذیر

سکھر (رپورٹ اسلم سومرو) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کی جانب سے سکھر پولیس کے سربراہ کے دفتر کے سامنے جاری چار گھنٹے طویل احتجاجی دھرنا ضلعی انتظامیہ کی مداخلت کے بعد ختم کر دیا گیا۔ دھرنے کے خاتمے میں سید کمیل حیدر شاہ نے کلیدی کردار ادا کرتے ہوئے جماعت کے مقامی قائدین سے کامیاب مذاکرات کیے۔ ذرائع کے مطابق جے یو آئی کے کارکنان نے (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

میرا بیٹا بالاچ بلوچ گزشتہ 10 مہینوں سے کالعدم تنظیم کیساتھ ہے، قادر بخش

بیٹے سے لاتعلقی کا اعلان، کسی بھی نقصان اور فائدے کی صورت میں ساتھ نہیں دینگے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (اے این این) سریاب کے رہائشی قادر بخش نے کہا ہے میرا بیٹا بالاچ بلوچ گزشتہ 10 مہینوں سے کالعدم تنظیم کے ساتھ ہے جو ہمیں معلوم نہیں تھا لیکن گزشتہ روز کوئٹہ کے واقعہ میں ہمیں معلوم ہوا کہ وہ ان کے ساتھ ہے ہم ان سے مکمل طور پر لاتعلقی کا اعلان کرتے ہیں یہ بات انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

منجھو شوری پولیس کا کریک ڈاؤن، قتل کیس کے دو اشتہاری گرفتار

نصیر آباد (رپورٹ محمد یونس عمرانی) منجھو شوری پولیس کی اشتہاری ملزمان کے خلاف کامیاب کریک ڈاؤن، قتل کیس کے دو مفرور گرفتار منجھو شوری — اشتہاری ملزمان کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران پولیس کو بڑی کامیابی حاصل ہوئی۔ نصیر آباد کے ایس پی (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن ہوش کے ناخن لے، حکماء سے تعصب بند کیا جائے: حکیم سراج الدین

نوٹس کے بغیر کارروائی قانون کی خلاف ورزی ہے: پاکستان طبی کانفرنس

نوڈیرو (رپورٹ: حسن عابد بھٹو) سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن ہوش کے ناخن لے! حکماء سے رویہ تعصب پر مبنی ہے، رجسٹرڈ حکماء کے ساتھ کھڑے ہیں ان خیالات کا اظہار حکیم سراج الدین چانڈیو (صدر پاکستان طبی کانفرنس و وائس پریذیڈنٹ میڈیکل کونسل فار طب، اسلام آباد) نے ایک بیان میں کہا انہوں نے کہا کہ یہ نہایت واضح اور غیر مبہم طور پر اعلان کیا (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

کوئٹہ: مشیر محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر رابعہ خان بلیدی سے سی ای او بی آر ایس پی ڈاکٹر طاہر رشید ملاقات کر رہے ہیں

قحط سالی کے باعث زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبے شدید متاثر ہوئے ہیں، ملک عبدالولی کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر و سابق گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ نے ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ میں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کی بنیادی وجہ بے روزگاری اور غربت میں (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

حکومت مجھے، ڈاکٹر فیصل یابانی کی فیملی کے نامزد ڈاکٹرز کو معاملہ دیکھنے دے، ڈاکٹر عاصم یوسف

اسلام آباد (این این آئی) شوکت خانم ہسپتال کے چیف میڈیکل آفیسر ڈاکٹر عاصم یوسف نے بانی پی ٹی آئی کی طبیعت کی بہتری کی تصدیق یا تردید کرنے سے انکار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت مجھے، ڈاکٹر فیصل سلطان یابانی کی فیملی کے نامزد ڈاکٹرز کو معاملہ دیکھنے دے۔ اپنے بیان (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

قانونی تجارت کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، حمزہ شفقات

ایک دو ماہ میں ایران بارڈر پر بھی راہداری سسٹم (ODR) پر منتقل کیا جائے گا اور آمد و رفت پاسپورٹ کے بغیر ممکن نہ ہوگی، ایڈیشنل چیف سیکرٹری

اب اسمگلنگ، پوست کی کاشت، غیر قانونی تجارت کو قبول نہیں کیا جائیگا یہ تاثر درست نہیں کہ صوبے میں امن و امان و دیگر مسائل کی وجہ بیروزگاری ہے

کوئٹہ (یو این اے) ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم) بلوچستان محمد حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ قانونی تجارت سے وابستہ افراد کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ایک دو ماہ میں ایران بارڈر پر بھی راہداری سسٹم (ODR) پر منتقل کیا جائے گا اور آمد و رفت پاسپورٹ کے بغیر ممکن نہ ہوگی، اب اسمگلنگ، پوست کی کاشت، غیر قانونی تجارت کو قبول نہیں کیا جائے گا یہ تاثر درست نہیں کہ صوبے میں امن و امان و دیگر مسائل کی خاص وجہ بے روزگاری ہے جن ڈویژنز میں دہشتگردی کے واقعات زیادہ ہیں ان میں بے روزگاری کی شرح دیگر ڈویژنز سے کم ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 42)

گوادر کے کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی، پانچ میچز جیت کر بلوچستان کا نام روشن کر دیا

نیول کوسٹل کمانڈ گوادر کھیل دوستی کی علامت، نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب لا رہے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان نیوی کے تعاون سے گوادر کے کھلاڑیوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بلوچستان کا نام روشن کر دیا۔ پاکستان نیوی کوسٹل کمانڈ گوادر نوجوان نسل کو کلاشنکوف کلچر، منشیات اور دیگر سماجی برائیوں سے دور رکھ کر صحت مندانہ سرگرمیوں کے ذریعے انہیں ایک مفید شہری اور محب وطن پاکستانی بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ پاکستان نیوی اور (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

حب میں کے الیکٹرک کی طویل بندش شہریوں کیلئے دردسر بن گئی

16 سے 18 گھنٹے بجلی کی بندش نے نظام زندگی مفلوج، وزیراعلیٰ بلوچستان سے فوری نوٹس کا مطالبہ

حب (یو این اے) حب شہر کے مختلف علاقوں میں کے الیکٹرک کی جانب سے دن بھر اور رات گئے تک بجلی کی طویل بندش نے شہریوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ شہریوں کے مطابق گذشتہ کئی ماہ سے حب کے مختلف علاقوں میں 16 سے 18 گھنٹے تک بجلی بند رہنے کے باعث تاجر برادری اور گھریلو صارفین شدید پریشان ہیں۔ عوامی حلقوں نے کے الیکٹرک کی مسلسل زیادتیوں اور شکایات کے باوجود ضلعی انتظامیہ کی خاموشی پر تشویش ظاہر کی ہے۔ بجلی کی بندش کے باعث ہسپتا (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

سڑکوں کی بندش سے صوبے کو مزید نقصان پہنچ رہا ہے، محمد علی شاہ باچا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما محمد علی شاہ باچا نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا پہلے ہی مالی و معاشی بحران اور امن و امان کے چیلنجز سے دوچار ہے، سڑکوں کی (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

ڈیرہ مراد جمالی میں پراپرٹی و پروفیشنل ٹیکس کی عدم ادائیگی پر دکانیں سیل کرنیکا اعلان

پندرہ دن میں واجبات جمع نہ کرانے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی، میر زبیر احمد چھلگری

چھتر (یو این اے) محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کے موٹر وہیکل آفیسر نصیر آباد میر زبیر احمد چھلگری نے ڈیرہ مراد جمالی شہر کے تمام شہریوں، تاجر برادری اور کاروباری حضرات کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے ذمہ واجب الادا کمرشل و نان کمرشل پراپرٹی ٹیکس اور پروفیشنل ٹیکس کی ادائیگی پندرہ دن کے اندر یقینی بنائیں، بصورت دیگر ان کی دکانیں سیل کر دی جائیں گی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 39)

افغانستان میں بین الاقوامی صنعتی نمائش میں خواتین کی شرکت پر پابندی عائد

کابل (آئی این پی) افغانستان میں طالبان کی انتہا پسندی عروج پر پہنچ گئی، بین الاقوامی صنعتی نمائش میں خواتین کی شرکت پر پابندی عائد کر دی گئی۔ طالبان رجیم کی پالیسیوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 41)

ضلع کاریزات اور برشور توبہ کاکڑ کا فوری نوٹیفکیشن جاری کیا جائے، رحیم کاکڑ

سپیرہ راغہ روڈ کی غیر جانبدار تحقیقات اور ضلع پشین کو تین اضلاع میں تقسیم کیا جائے

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ جمیل، بوستان ایڈووکیٹ، میر وائیس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ اور سردار بہلول خان کاکڑ نے اپنے مشترکہ بیان میں وزیراعلیٰ، سدرن کمانڈر اور چیف سیکرٹری سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع کاریزات ناصاحب بوستان، جوتیوں تحصیل سی پیک روڈ پر واقع ہیں، کا فوری طور پر نوٹیفکیشن جاری کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ضلع برشور توبہ کاکڑ (باقی صفحہ 2 نمبر 43)

قلات کی گرین بیلٹ اور پارکس کی بہتری کے لیے شجرکاری مہم جاری رہے گی، شاہنواز بلوچ

ضلع انتظامیہ اور وائلڈ لائف حکام نے مشترکہ طور پر پودا لگا کر مہم کا آغاز کیا

قلات میں شجرکاری مہم 2026 کا آغاز، سرسبز مستقبل کی جانب اہم قدم

قلات (سمیرا راجپوت) قلات کو سرسبز و شاداب بنانے کے عزم کے ساتھ محکمہ جنگلات نے شجرکاری مہم 2026 کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میونسپل کمیٹی قلات میں منعقد ہوئی جہاں ضلعی انتظامیہ، محکمہ جنگلات اور وائلڈ لائف کے حکام نے شرکت کی اور مشترکہ طور پر پودا لگا کر مہم کا آغاز کیا۔ تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ، چیئرمین میونسپل کمیٹی نوابزادہ میر شعیب جان زہری، ڈویژنل فاریسٹ آفیسر علی اکبر ہنگلوئی، رینج فاریسٹ آفیسر قلات حبیب اللہ لہڑی، ایس ڈی او وائلڈ لائف قلات شیر محمد، ڈپٹی رینجر نذیر احمد، بابو یوسف اور دیگر افسران (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

بلوچستان میں بچوں کی شرح اموات میں نمایاں کمی آئی ہے، ظہور احمد بلیدی

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقی میر ظہور احمد بلیدی نے بلوچستان میں جامع، پائیدار اور شواہد پر مبنی سماجی ترقی کے فروغ کے لیے حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے نتائج پر مبنی مؤثر شراکت داریوں کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے یہ بات اعلیٰ سطحی (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

ملک کے مختلف علاقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کی پیشگوئی

اسلام آباد، لاہور، کوئٹہ، کراچی (آئی این پی) محکمہ موسمیات نے ملک کے مختلف علاقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم سرد اور خشک رہنے کا امکان ہے، اسلام آباد میں تیز ہوائیں چلنے کی توقع ہے۔ مر (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

پیپلز پارٹی نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ مسترد کر دیا، نظر ثانی کرنے کا مطالبہ

رمضان سے قبل عوام پر مہنگائی کا پٹرول بم گرا دیا گیا ہے، جو کسی صورت قبول نہیں، شازیہ مری

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو عوام دشمن قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا اور حکومت کو اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ پی پی پی کی ترجمان شازیہ مری کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ پٹرول 5 اور ڈیزل 7 روپے 32 پیسے مہنگا کرنا عوام دشمن فیصلہ ہے۔ رمضان سے قبل عوام پر مہنگائی کا پٹرول (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

مودی کی انتہا پسند پالیسیوں سے کشمیری طلبا عدم تحفظ کا شکار

اتراکھنڈ میں کشمیری طلبہ کی تعداد 67 فیصد کمی کے ساتھ تقریباً 6 ہزار سے کم ہو کر 2 ہزار رہ گئی، رپورٹ

نئی دہلی (آئی این پی) بھارت کی انتہا پسند اور ہندو توا مودی حکومت کے مظالم کے نتیجے میں کشمیری طلبا عدم تحفظ کا شکار ہو گئے۔ اس سلسلے میں بھارت میں زیر تعلیم کشمیری طلبہ کے حوالے سے تشویش ناک صورتحال سامنے آئی ہے۔ بھارتی اخبار دی نیو انڈین ایکسپریس کی ایک رپورٹ کے مطابق عدم تحفظ اور مبینہ امتیازی سلوک کے باعث ریاست اتراکھنڈ میں کشمیری طلبہ (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

پاکستان سٹاک مارکیٹ میں شدید مندی، انڈیکس میں 6000 پوائنٹس کی کمی

کراچی (یو این اے) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں شدید مندی کے باعث ہنڈرڈ انڈیکس 5 حدیں کھو بیٹھا۔ کاروباری ہفتے کے پہلے روز کاروبار کے آغاز پر سٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی، 300 سے زائد پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 79 ہزار 969 (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

کراس سبسڈی ختم، صارفین سے بجلی اور گیس کی پوری قیمت وصول کرنے کا فیصلہ

پاور ڈویژن کا مستقبل میں سبسڈی سے متعلق پلان تیار

اسلام آباد (آئی این پی) پاور ڈویژن نے مستقبل میں سبسڈی سے متعلق پلان تیار کر لیا۔ مستقبل میں صارفین سے بجلی اور گیس کی پوری قیمت وصول کی جائے گی۔ صرف مستحق بجلی صارفین کو بے نظیر انکم اسپورٹس پروگرام کے تحت سبسڈی دی جائے گی۔ ذرائع پاور ڈویژن کے مطابق پاور ڈویژن نے مستقبل میں سبسڈی سے متعلق پلان تیار کر لیا، آئی ایم ایف کو حالیہ ٹیرف (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ترقیاتی کاموں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے، فیصل جمالی

تمام جاری منصوبوں کی موثر نگرانی کی جائے، دیہی علاقوں میں پانی کے ذخائر کی بحالی نہایت اہمیت کی حامل ہے، صوبائی وزیر لائیو سٹاک

زراعت اور لائیو سٹاک کا شعبہ مقامی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے تالابوں کی کھدائی سے خشک سالی کے ممکنہ اثرات کو بھی کم کیا جا سکے گا

گندابھ (یو این اے) صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی ہدایات اور ذاتی دلچسپی کے باعث گندابھ اور ملحقہ دیہی علاقوں میں کچے تالابوں کی کھدائی، صفائی اور بحالی کا عمل بھرپور انداز میں جاری ہے۔ اس اقدام کا مقصد آنے والے شدید گرمیوں کے موسم میں پانی کی ممکنہ قلت پر بروقت قابو پانا، زیر زمین پانی کی سطح کو بہتر بنانا اور مقامی آبادی و مال مویشی کے لیے پانی کی دستیابی کو یقینی بنانا ہے۔ صوبائی (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

مستقبل کی نسلوں میں اجائے فکر اقبال کیلئے ایک سنجیدہ فکری نشست کے اہتمام، اقبالیات کا تو قیر احمد شریفی کے ساتھ گروپ فوٹو

اپوزیشن نے خیبر پختونخوا ہاؤس اور پارلیمنٹ لاجز میں دھرنے ختم کر دیے

اسلام آباد (یو این اے) اپوزیشن نے خیبر پختونخوا ہاؤس اور پارلیمنٹ لاجز میں دھرنے ختم کر دیے، تاہم اپوزیشن اتحاد کے ارکان پارلیمنٹ ہاس کے باہر چوتھے روز بھی دھرنا دیئے بیٹھے ہیں۔ دھرنے کے شرکا باہر سڑک سے اٹھ کر خیبر پختونخوا ہاس کے اندر چلے گئے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کابینہ کے ہمراہ کے پی ہاس میں موجود ہیں، پی ٹی آئی نے پارلیمنٹ لاجز (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

حکمران نااہل، اشیا کی بڑھتی ہوئی قیمتوں پر قابو نہیں پا سکے

بحران کی سب سے بڑی وجہ انتظامی افسران کی پرائس کنٹرول کرنے کی صلاحیت کا ختم ہونا ہے، اے کیو ایم

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ (اے کیو ایم) نے صوبے میں سوئی گیس، آٹا، گھی، ایل پی جی اور دیگر اشیا خورونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ پارٹی نے حکمرانوں کی ناقص کارکردگی اور نااہلی کو قیمتوں میں اضافہ کی بنیادی وجہ قرار دیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک میں آٹے کی قیمتیں راتوں رات بڑھ جاتی ہیں، اور سرکاری نرخ نامے کی (باقی صفحہ 2 نمبر 40)

رمضان میں بجلی کی بلا تعطل فراہمی، کیسکو کے خصوصی انتظامات مکمل

سحر و افطار کے اوقات میں بجلی کو ترجیح دی جائے گی: ایکسین کیسکو

سبی (نامہ نگار) رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں بجلی کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے خصوصی انتظامات مکمل کر لیے ہیں اس سلسلے میں ایکسین کیسکو میر ظفر علی چھلگری نے صحافیوں سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رمضان کے دوران بجلی کی ترسیل کو برقرار رکھا جائے گا تاکہ روزہ دار سحر و افطار اور عبادات با آسانی (باقی صفحہ 2 نمبر 37)

گرانفروشی برداشت نہیں کی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر سید الہیار شاہ

رمضان میں بازاروں کی کڑی نگرانی، خلاف ورزی پر کارروائی کا اعلان

بھاگ (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر بھاگ سید الہیار شاہ کی زیر صدارت ماہ مقدس رمضان المبارک کی آمد کے سلسلے میں پرائس کنٹرول کمیٹی کا اہم اجلاس بھاگ میں منعقد ہوا جس میں بھاگ کی مقامی تاجر برادری، دکانداروں اور سماجی رہنماؤں نے شرکت کی اس موقع پر رمضان المبارک کے دوران اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کو اعتدال میں رکھنے، ذخیرہ اندوزی کی روک تھام (باقی صفحہ 2 نمبر 36)

رمضان المبارک صبر اور بھائی چارگی کا درس دیتا ہے حافظ حبیب الرحمٰن

رمضان المبارک کے مہینے میں مہنگائی میں اضافہ کرنا اسلامی تعلیمات اور انسانی اقدار کے خلاف ہے حافظ عابد اللہ حنفی

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمٰن جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی سیکرٹری اطلاعات حافظ اکرام اللہ سیکرٹری مالیات حافظ عبدالمنتقم کاکڑ محمد قیصر خان محمد نعیم حیدری محمد اسماعیل مری زائد حسین نیاز محمد ناصر رحمت اللہ سلیمانخیل سلطان ایوبی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ رمضان المبارک صبر بھائی چارے اور باہمی ہمدردی ایک دو (باقی صفحہ 2 نمبر 35)

سردار منظور احمد خان کاکڑ سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی و سابق گورنر بلوچستان سید مطیع اللہ آغا کے ہمراہ

عمران خان کی ایک آنکھ کی بینائی 6/6 اور دوسری کی عینک لگا کر 70 فیصد ہے: وزیر قانون

خیبر پختونخوا حکومت ماورائے آئین کام کرے گی تو پھر وفاق کو ایکشن لینا پڑے گا

شیخوپورہ (آئی این پی) وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ایک آنکھ کی بینائی 6/6 ہے جبکہ دوسری آنکھ کی بینائی چشمہ لگا کر 70 فیصد ہے، انہوں نے سرکاری سطح پر موٹر وے اور جی ٹی روڈ کی بندش غیر آئینی اقدام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت ماورائے آئین کام کرے گی تو پھر وفاق کو ایکشن لینا پڑے گا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

پیٹرول کی قیمت میں اضافے پر عوام پھٹ پڑے

مقدس مہینے میں سہولت فراہم کرنے کے بجائے عوام کی کمر نہ توڑی جائے، شہریوں کا شدید ردعمل

کراچی (آئی این پی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر عوام حکومت پر برس پڑے اور کہا رمضان سے پہلے حکومت نے ریلیف کی جگہ تکلیف دے دی، اب پیدل چلیں گے یا پھر سائیکل نکالنی پڑے گی۔ رپورٹ کے مطابق حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے پر ملک بھر میں شدید عوامی ردعمل سامنے آیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

لاڑکانہ پولیس کا کامیاب آپریشن: 27 موٹر سائیکلیں، 23 موبائل فونز اور 14 لاکھ روپے برآمد

اصل مالکان کو مسروقہ اشیاء واپس، شہریوں کا لاڑکانہ پولیس کی کارکردگی پر اطمینان

لاڑکانہ (رپورٹ محمد جنید جکھرانی) جناب احمد چودھری صاحب, QPMPSP کی جانب سے جاری کردہ ہدایات و احکامات کے مطابق لاڑکانو پولیس نے گرفتار ملزمان کی نشاندہیوں پر مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران برآمد ہونے والی 27 عدد مختلف اقسام کی موٹر سائیکلیں، 23 عدد قیمتی موبائل فونز اور 1400000 لاکھ کیش برآمد کر کے اصل اونرز سکندر علی، اسد علی، نور محمد، نیاز حسین، امجد علی، طارق علی، محمد اسماع (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

بانی پی ٹی آئی سے ڈیل کی باتوں میں کوئی صداقت نہیں، حنیف عباسی

شادی سے پہلے دونوں اطراف سے رضامندی ضروری ہے، اگر رضامندی ہوگئی تو ڈیل ہو جائے گی، بانی پی ٹی آئی کا علاج ہونا ان کا حق ہے

جب میں جیل میں تھا تو کئی بار ذاتی معالج کیلئے درخواست کی مگر ایک نہ سنی گئی اور نہ ہی علاج سے پہلے بچوں سے ملنے کی اجازت ملی

راولپنڈی (یو این اے) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان سے ڈیل کی باتوں میں کوئی صداقت نہیں۔ راولپنڈی کے بینظیر بھٹو ہسپتال کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو میں وزیر ریلوے حنیف عباسی کا کہنا تھا کہ شادی سے پہلے دونوں اطراف سے رضامندی ضروری ہے، اگر رضامندی ہوگئی تو ڈیل ہو جائے گی، ہر قیدی کی طرح بانی پی ٹی آئی کا علاج ہونا ان کا حق ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ جب میں جیل میں تھا تو کئی بار ذاتی معالج کیلئے درخواست کی مگر ایک نہ سنی گئی اور نہ ہی علاج سے پہلے بچوں سے ملنے کی (باقی صفحہ 2 نمبر 45)

محسن نقوی کی سری لنکن وزیر کھیل سے ملاقات، باہمی تعاون مزید بڑھانے کا فیصلہ

کولمبو (یو این اے) وفاقی وزیر داخلہ و چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی سری لنکا کے وزیر کھیل و امور نوجوانان سنیل کمارا جیج سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور کھیلوں، خصوصاً کرکٹ کے فروغ کے لیے تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا، سری لنکن وزارت (باقی صفحہ 2 نمبر 38)

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ریٹائرڈ) ذوالفقار علی کرار سے رکن قومی اسمبلی اختر بی بی ملاقات کر رہی ہیں

موٹر وے بند کیا گیا، لوگ تکلیف برداشت کر رہے ہیں، امیر مقام

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر امور کشمیر ایچیئر امیر مقام نے کہا ہے کہ ریاست کو ایکشن لینا چاہیے، عوام کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے، موٹر وے بند کیا گیا جس سے لوگ تکلیف برداشت کر رہے ہیں، لوگوں کی فلائٹس مس ہو رہی ہیں، کسی نے اسپتال جانا ہوتا ہے وہ نہیں جا سکتا (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

عمران خان کی بینائی میں بہتری آئی ہے، ذاتی ڈاکٹرز کی نگرانی میں علاج کیا جائے، بہن نورین خان

اسلام آباد (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن نورین خان نے کہا ہے کہ عمران خان کی بینائی میں بہتری آئی ہے، ذاتی ڈاکٹرز کی نگرانی میں علاج کیا جائے۔ نورین خان کے ایکس اکاؤنٹ سے کی گئی پوسٹ کے مطابق اڈیالہ جیل کے اندر عمران خان کا طبی معا (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

جیل سپرنٹنڈنٹ یا انتظامیہ میں سے کسی نے رابطہ نہیں کیا، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ عمران خان کے معائنے کے حوالے سے جیل سپرنٹنڈنٹ یا انتظامیہ میں سے کسی کی جانب س